# الکنز الثمین

# في

# فضیلة الذکر والذاکرین

ڈاکٹر محمد طاہر القادری

مِنہاجُ القرآن پبلیکیشنز
365 - ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون 5169111-35168514
یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون 7237695
www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاج القرآن محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | الکنز الثمین فی فضیلۃ الذکر والذاکرین |
| مؤلف | : | ڈاکٹر محمد طاہر القادری |
| تحقیق و تخریج | : | محمد علی قادری، محمد حنیف (منہاجینز) |
| معاونینِ تحقیق | : | محمد فاروق رانا، نعیم اشرف، حافظ محمد عمر (منہاجینز) |
| معاونینِ ترجمہ | : | محمد ممتاز الحسن باروی، عبدالرازق (منہاجینز) |
| کمپوزنگ | : | عبدالخالق بلتستانی، حامد سمیع |
| زیرِ اہتمام | : | فرید ملّت رِیسرچ اِنسٹیٹیوٹ www.Research.com.pk |
| مطبع | : | منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور |
| اِشاعتِ اوّل | : | نومبر 2003ء |
| تعداد | : | 1,100 |
| قیمت | : | روپے |

نوٹ: ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کے آڈیو / ویڈیو کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لئے تحریکِ منہاج القرآن کے لئے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاج القرآن پبلیکیشنز)

sales@minhaj.biz

بسم الله الرحمن الرحيم

مَوْلَایَ صَلِّ وَ سَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ
مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَ الثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّ مِنْ عَجَمِ

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔۱) ۴-۱ / ۸۰ پی آئی وی، مؤرخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل وایم ۴ / ۹۷۰-۳-۷، مؤرخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومتِ شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۲۴۴۱۱-۶۷ این۔ا / اے ڈی (لائبریری)، مؤرخہ ۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی چٹھی نمبر س ت / اِنتظامیہ ۲۳-۸۰۶۱ / ۹۲، مؤرخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تصنیف کردہ کتب تمام سکولز اور کالجز کی لائبریریوں کے لئے منظور شدہ ہیں۔

# فہرست


| فصل نمبر | مشتملات | صفحہ |
|---|---|---|
| ❁ | مُقَدِّمَة<br>**بيان الذكر والذاكرين فی القرآن الكريم**<br>﴿قرآن کریم میں ذکر اور ذاکرین کا بیان﴾ | ۲۱ |
| ۱ | **مثل الذی یذكر والذی لا یذكر مثل الحیّ والمیت**<br>﴿ذِکر کرنے والا زِندہ اور نہ کرنے والے مردہ کی مانند ہے﴾ | ۴۷ |
| ۲ | **إن الله یذكر الذّاكرين فی الملأ الأعلٰی**<br>﴿اللہ تعالیٰ اپنا ذِکر کرنے والوں کا ذِکر ملأ اَعلیٰ میں کرتا ہے﴾ | ۴۹ |
| ۳ | **إن الله يباهی الملائكة بالذّاكرين**<br>﴿اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے اپنا ذِکر کرنے والوں پر فخر فرماتا ہے﴾ | ۵۸ |
| ۴ | **الملائكة يطوفون فی الطرق و يبتغون مجالس الذكر**<br>﴿فرشتے مجالسِ ذِکر کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں﴾ | ۶۵ |
| ۵ | **الملائكة يحفون مجالس الذكر بأجنحتهم**<br>﴿فرشتے مجالسِ ذکر کو اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں﴾ | ۶۸ |
| ۶ | **يسألُ الله الملائكةَ عن أحوالِ الذّاكرين**<br>﴿اللہ تعالیٰ فرشتوں سے اہلِ ذکر کا حال دریافت فرماتا ہے﴾ | ۷۳ |

| فصل نمبر | مشتملات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۷ | **الذكر خير من القتال في سبيل الله**<br>﴿ذِکر اللہ کی راہ میں قتال سے بہتر ہے﴾ | ۸۵ |
| ۸ | **الذاكرون أفضل من المجاهدين درجة و أجرا**<br>﴿اہلِ ذِکر درجہ اور اَجر و ثواب میں مجاہدین سے بھی افضل ہیں﴾ | ۸۸ |
| ۹ | **الذكر أفضل من إنفاق الذهب و الفضة في سبيل الله**<br>﴿ذِکر اللہ کی راہ میں سونے اور چاندی کی خیرات سے بھی افضل ہے﴾ | ۹۰ |
| ۱۰ | **أكثروا ذكر الله تعالىٰ حتى يقول المنافقون مجنون**<br>﴿اللہ کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کہ منافقین تمہیں دیوانہ کہیں﴾ | ۹۳ |
| ۱۱ | **أهل الذكر أهل مجالسة الله**<br>﴿اہلِ ذکر اللہ کے ہم نشین ہوتے ہیں﴾ | ۹۵ |
| ۱۲ | **إن الملائكة يجلسون في حلقات الذّاكرين و يذكرون مثل ذكرهم**<br>﴿فرشتے اہلِ ذِکر کے حلقوں میں بیٹھتے ہیں اور اُن ہی کی طرح ذِکر کرتے ہیں﴾ | ۹۹ |
| ۱۳ | **المجتمعون على ذكر الله يجلسون عن يمين الرحمن يوم القيامة**<br>﴿اللہ کے ذکر کے لئے جمع ہونے والے روزِ قیامت رحمٰن کے دائیں طرف مسند نشین ہوں گے﴾ | ۱۰۲ |

| صفحہ | مشتملات | فصل نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱۰۹ | إن وجوه المجتمعين علی ذکر اللہ نور يوم القيامة<br>﴿بیشک اللہ کے ذکر کے لئے جمع ہونے والوں کے چہرے روزِ قیامت پُرنور ہوں گے﴾ | ۱۴ |
| ۱۲۰ | الأنبياء و الشهداء يغبطون المتحابين في اللہ والذاکرين به يوم القيامة<br>﴿انبیاء وشہداء روزِ محشر اہلِ ذکر اور محض اللہ کی خاطر محبت کرنے والوں کے مقام ومرتبہ پر رشک کریں گے﴾ | ۱۵ |
| ۱۳۰ | الذاکرون يجلسون علی منابر اللؤلؤ والنور يوم القيامة<br>﴿روزِ محشر اہلِ ذکر موتیوں اور نور کے منبروں پر رونق افروز ہوں گے﴾ | ۱۶ |
| ۱۳۹ | الذاکرون أحب العباد إلی اللہ تعالی<br>﴿اہلِ ذِکر اللہ کے محبوب ترین بندے ہیں﴾ | ۱۷ |
| ۱۴۷ | لا يرد اللہ دعاء الذاکرين<br>﴿اللہ تعالیٰ اہلِ ذکر کی دعا رَدّ نہیں فرماتا﴾ | ۱۸ |
| ۱۵۲ | الجنة غنيمة مجالس الذکر<br>﴿جنت مجالسِ ذکر کی غنیمت ہے﴾ | ۱۹ |
| ۱۵۴ | حلقات الذکر رياض الجنة<br>﴿ذِکر کے حلقے جنت کے باغیچے ہیں﴾ | ۲۰ |

| فصل نمبر | مشتملات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۱ | **تضئ بيوت أهل الذكر لأهل السماء كما تضئ الكواكب لأهل الأرض**<br>﴿اہلِ ذِکر کے گھر اہلِ سماء کے لئے ایسے روشن ہوتے ہیں جیسے اہلِ زمین کے لئے ستارے﴾ | ۱۵۷ |
| ۲۲ | **أهل مجالس الذكر هم أهل الكرم يوم القيامة**<br>﴿مجالسِ ذِکر منعقد کرنے والے روزِ محشر اہلِ کرم وسخا ہوں گے﴾ | ۱۵۸ |
| ۲۳ | **من اجتمع فی حلقة الذكر بدلت سيئاته الحسنات**<br>﴿حلقۂ ذِکر میں بیٹھنے والوں کے گناہ نیکیوں میں بدل دیئے جاتے ہیں﴾ | ۱۶۲ |
| ۲۴ | **أحب الأعمال إلى الله أن تموت و لسانک رطب من ذكر الله**<br>﴿اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب ترین عمل یہ ہے کہ بوقتِ مرگ تمہاری زبان پر اللہ کا ذکر ہو﴾ | ۱۶۴ |
| ۲۵ | **تستبشر بقعة يذكر الله فيها و تفخر على ما حولها**<br>﴿جس خطۂ ارضی پر اللہ کا ذکر کیا جائے وہ خوشی مناتا ہے اور دیگر خطوں پر فخر کرتا ہے﴾ | ۱۶۹ |
| ۲۶ | **خيار الناس الذين إذا رؤوا ذكر الله**<br>﴿لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہیں جنہیں دیکھ کر اللہ یاد آ جائے﴾ | ۱۷۲ |

| فصل نمبر | مشتملات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۷ | **ما منّ الله على عبد بأفضل من أن وفّقه ذكره**<br>﴿کسی بندے پر اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا اِحسان اسے ذکر کی توفیق عطا فرمانا ہے﴾ | ۱۷۶ |
| ۲۸ | **الدنيا ملعونة إلا ذكر الله وما والاه**<br>﴿اللہ کے ذِکر اور معاونینِ ذِکر کے سوا دنیا قابلِ ترک ہے﴾ | ۱۷۸ |
| ۲۹ | **الذاكر فى الغافلين مثل المصباح فى الظلم**<br>﴿غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والا تاریکی میں چراغ کی مانند ہے﴾ | ۱۸۰ |
| ۳۰ | **الذاكر وجبت له الجنة**<br>﴿اللہ کا ذکر کرنے والے کے لئے جنت واجب ہے﴾ | ۱۸۴ |
| ۳۱ | **الذاكر يظله الله فى ظله يوم القيامة**<br>﴿ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ روزِ محشر اپنے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا﴾ | ۱۸۹ |
| ۳۲ | **كثرة الذكر أحب الأعمال إلى الله تعالى**<br>﴿اللہ کا کثرت سے ذکر کرنا اس کے ہاں محبوب ترین عمل ہے﴾ | ۱۹۱ |
| ۳۳ | **من أعطى لسانا ذاكرا فقد أعطى خير الدنيا و الآخرة**<br>﴿جسے ذکر کرنے والی زبان عطا ہوئی اسے دنیا و آخرت کی ہر بھلائی مل گئی﴾ | ۱۹۷ |
| ۳۴ | **أهل الجنة يتحسرون على ساعة مرت بدون ذكر الله تعالى**<br>﴿اہلِ جنت دنیا میں اللہ کے ذکر سے خالی گزرنے والی ایک ساعت پر بھی حسرت کریں گے﴾ | ۲۰۱ |

| صفحہ | مشتملات | فصل نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۲۰۶ | **الذكر صقالة القلوب**<br>﴿اللہ کا ذکر دلوں کو چمکانے والا ہے﴾ | ۳۵ |
| ۲۰۸ | **الذكر شفاء القلوب**<br>﴿اللہ کا ذکر دلوں کی شفاء ہے﴾ | ۳۶ |
| ۲۱۱ | **الذكر أفضل من الأعتاق**<br>﴿اللہ کا ذِکر غلاموں کو آزاد کرنے سے بھی بہتر ہے﴾ | ۳۷ |
| ۲۱۴ | **الذكر ينجي من عذاب النار**<br>﴿اللہ کا ذکر عذابِ دوزخ سے نجات دیتا ہے﴾ | ۳۸ |
| ۲۱۸ | **الذكر ينجي من الشيطان**<br>﴿اللہ کا ذکر شیطان سے نجات دیتا ہے﴾ | ۳۹ |
| ۲۲۴ | **الذكر يضع الأثقال عن المستهترين به يوم القيامة**<br>﴿روزِ قیامت ذِکرِ اِلٰہی اپنے دیوانوں کے بوجھ اتار دے گا﴾ | ۴۰ |
| ۲۲۶ | **قال رسول الله ﷺ فيمن رفع صوته بالذكر: إنه أوّاه**<br>﴿بلند آواز سے ذِکر کرنے والے کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا | ۴۱ |

## مُقَدَّمَة

# بیان الذکر و الذاکرین فی القرآن الکریم

## ﴿قرآن کریم میں ذِکر اور ذاکرین کا بیان﴾

۱۔ فَاذْكُرُوْنِیْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِیْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ○(۱)

’’سو تم میرا ذکر کیا کرو میں تمہارا ذکر کروں گا اور میرا شکر ادا کیا کرو اور میری ناشکری نہ کیا کرو○‘‘

۲۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللهِ اَنْ یُّذْكَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ وَ سَعٰى فِیْ خَرَابِهَاؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَؕ لَهُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّ لَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ○(۲)

’’اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ کی مسجدوں میں اس کے نام کا ذکر کیے جانے سے روک دے اور انہیں ویران کرنے کی کوشش کرے۔ انہیں ایسا کرنا مناسب نہ تھا (بلکہ ان کو تو یہ چاہیے تھا) کہ مسجدوں میں (اللہ سے) ڈرتے ہوئے داخل ہوتے، ان کے لئے دنیا میں (بھی) ذِلّت ہے اور ان کے لئے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہے○‘‘

۳۔ لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْؕ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ۪ وَ اذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْۚ وَ اِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّیْنَ ○(۳)

---

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۱۵۲

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۱۱۴

(۳) القرآن، البقرہ، ۲: ۱۹۸

’’اور تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں اگر تم (زمانۂ حج میں تجارت کے ذریعے) اپنے رب کا فضل (بھی) تلاش کرو پھر جب تم عرفات سے واپس آؤ تو مشعرِ حرام (مزدلفہ) کے پاس اللہ کا ذکر کیا کرو اور اس کا ذکر اس طرح کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت فرمائی، اور بیشک اس سے پہلے تم بھٹکے ہوئے تھے○‘‘

۴۔ فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ط فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ○(۱)

’’پھر جب تم اپنے حج کے ارکان پورے کر چکو تو (منٰی میں) اللہ کا خوب ذکر کیا کرو جیسے تم اپنے باپ دادا کا (بڑے شوق سے) ذکر کرتے ہو یا اس سے بھی زیادہ شدتِ شوق سے (اللہ کا) ذکر کیا کرو، پھر لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں (ہی) عطا کر دے اور ایسے شخص کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے○‘‘

۵۔ وَاذْكُرُوا اللهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ط فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ج وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ لا لِمَنِ اتَّقٰى ط وَاتَّقُوا اللهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ○(۲)

’’اور اللہ کا (ان) گنتی کے چند دنوں میں (خوب) ذکر کیا کرو، پھر جس کسی نے (منٰی سے واپسی میں) دو ہی دنوں میں جلدی کی تو اس پر کوئی گناہ نہیں، اور جس نے (اس میں) تاخیر کی تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں، یہ اس کے لئے ہے جو

---

(۱) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۰۰

(۲) القرآن، البقرہ، ۲: ۲۰۳

پرہیزگاری اختیار کرے، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ تم سب کو اسی کے پاس جمع کیا جائے گا۝‘‘

۶۔ حٰفِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی ق وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ۝ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ج فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ۝(۱)

’’سب نمازوں کی محافظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی، اور اللہ کے حضور سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کیا کرو۝ پھر اگر تم حالتِ خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار (جیسے بھی ہو نماز پڑھ لیا کرو)، پھر جب تم حالتِ امن میں آجاؤ تو انہیں طریقوں پر اللہ کا ذکر کرو جو اس نے تمہیں سکھائے ہیں جنہیں تم (پہلے) نہیں جانتے تھے۝‘‘

۷۔ قَالَ رَبِّ اَنّٰی یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّ قَدْ بَلَغَنِیَ الْكِبَرُ وَ امْرَاَتِیْ عَاقِرٌ ط قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ۝ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْۤ اٰیَةً ط قَالَ اٰیَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ط وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِیْرًا وَّ سَبِّحْ بِالْعَشِیِّ وَ الْاِبْكَارِ۝(۲)

’’(زکریا نے) عرض کیا: اے میرے رب! میرے ہاں لڑکا کیسے ہوگا؟ درآنحالیکہ مجھے بڑھاپا پہنچ چکا ہے اور میری بیوی (بھی) بانجھ ہے، فرمایا: اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۝ عرض کیا: اے میرے رب! میرے لئے کوئی نشانی مقرر فرما، فرمایا: تمہارے لئے نشانی یہ ہے کہ تم تین دن تک لوگوں سے سوائے

---

(۱) القرآن، البقرۃ، ۲: ۲۳۸، ۲۳۹

(۲) القرآن، آل عمران، ۳: ۴۰، ۴۱

اشارے کے بات نہیں کرسکو گے، اور اپنے رب کا کثرت سے ذکر کرو اور شام اور صبح اس کی تسبیح کرتے رہو۔‘‘

۸۔ ذٰلِکَ نَتْلُوْهُ عَلَیْکَ مِنَ الْاٰیٰتِ وَ الذِّکْرِ الْحَکِیْمِ○(۱)

’’یہ جو ہم آپ کو پڑھ کر سناتے ہیں (یہ) نشانیاں ہیں اور حکمت والا ذکر ہے۔‘‘

۹۔ وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَکَرُوا اللهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ص وَ مَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللهُ قف وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰی مَا فَعَلُوْا وَ هُمْ یَعْلَمُوْنَ○(۲)

’’اور (یہ) ایسے لوگ ہیں کہ جب کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کا ذکر کرتے ہیں پھر اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں، اور اللہ کے سوا گناہوں کی بخشش کون کرتا ہے، اور پھر جو گناہ وہ کر بیٹھے تھے ان پر جان بوجھ کر اِصرار بھی نہیں کرتے۔‘‘

۱۰۔ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ○ الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ○(۳)

’’بیشک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور شب و روز کی گردش میں عقل سلیم والوں کے لئے (اللہ کی قدرت کی) نشانیاں ہیں○ یہ وہ لوگ ہیں جو (سراپا

---

(۱) القرآن، آل عمران، ۳: ۵۸

(۲) القرآن، آل عمران، ۳: ۱۳۵

(۳) القرآن، آل عمران، ۳: ۱۹۰، ۱۹۱

نیاز بن کر) کھڑے اور (سراپا ادب بن کر) بیٹھے اور (ہجر میں تڑپتے ہوئے) اپنی کروٹوں پر (بھی) اللہ کا ذکر کرتے رہتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق (میں کارفرما اسکی عظمت اور حُسن کے جلووں) میں فکر کرتے رہتے ہیں (پھر اسکی معرفت سے لذت آشنا ہو کر پکار اُٹھتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ (سب کچھ) بے حکمت اور بے تدبیر نہیں بنایا تو (سب کوتاہیوں اور مجبوریوں سے) پاک ہے ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے○‘‘

۱۱۔ فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِكُمْ ج فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ج اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا○(۱)

’’پھر اے (مسلمان مجاہدو!) جب تم نماز ادا کر چکو تو کھڑے اور بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر (لیٹے ہر حال میں) اللہ کا ذکر کرتے رہو۔ پھر جب تم (حالتِ خوف سے نکل کر) اطمینان پالو تو نماز کو (حسبِ دستور) قائم کرو۔ بیشک نماز مومنوں پر مقررہ وقت کے حساب سے فرض ہے○‘‘

۱۲۔ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ هُوَ خَادِعُهُمْ ج وَ اِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى لا يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا○(۲)

’’بیشک منافق (بزعمِ خویش) اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں حالانکہ وہ انہیں (اپنے ہی) دھوکے کی سزا دینے والا ہے۔ اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی کے ساتھ (محض) لوگوں کو دکھانے کے لیے کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ کا بہت ہی کم ذکر کرتے ہیں○‘‘

(۱) القرآن، النساء، ۴: ۱۰۳

(۲) القرآن، النساء، ۴: ۱۴۲

۱۳۔ یَسْئَلُوْنَکَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ط قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ لا وَ مَا
عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّآ عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ فَكُلُوْا مِمَّا
اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ
الْحِسَابِ ○ (۱)

’’لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ ان کے لئے کیا چیزیں حلال کی گئی ہیں آپ (ان سے) فرما دیں کہ تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کر دی گئی ہیں اور وہ شکاری جانور جنہیں تم نے شکار پر دوڑاتے ہوئے یوں سدھار لیا ہے کہ تم انہیں (شکار کے وہ طریقے) سکھاتے ہو جو تمہیں اللہ نے سکھائے ہیں سو تم اس (شکار) میں سے (بھی) کھاؤ جو وہ (شکاری جانور) تمہارے لئے (مار کر) روک رکھیں اور (شکار پر چھوڑتے وقت) اس (شکاری جانور) پر اللہ کے نام کا ذکر کیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ حساب میں جلدی فرمانے والا ہے۔‘‘

۱۴۔ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ فِي
الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ وَ يَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَ عَنِ الصَّلٰوةِ ج فَهَلْ اَنْتُمْ
مُّنْتَهُوْنَ ○ (۲)

’’شیطان یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جُوئے کے ذریعے تمہارے درمیان عداوت اور کینہ ڈلوا دے اور تمہیں اللہ کے ذکر سے اور نماز سے روک دے کیا تم (ان شر انگیز باتوں سے) باز آؤ گے○‘‘

۱۵۔ اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ

(۱) القرآن، المائدۃ، ۵: ۴

(۲) القرآن، المائدہ، ۵: ۹۱

لِیُنْذِرَکُمْ وَ لِتَتَّقُوْا وَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ○(۱)

''کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہے کہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے تم ہی میں سے ایک مرد (کی زبان) پر ذکر آیا تاکہ وہ تمہیں (عذابِ الٰہی سے) ڈرائے اور تم پرہیزگار بن جاؤ اور یہ اس لئے ہے کہ تم پر رحم کیا جائے''

۱۶۔ وَاذْکُرْ رَّبَّکَ فِیْ نَفْسِکَ تَضَرُّعًا وَّ خِیْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَھْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَ لَا تَکُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ○ اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّکَ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ یُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ○(۲)

اور اپنے رب کا اپنے دل میں ذکر کیا کرو عاجزی و زاری سے اور خوف و خستگی سے اور میانہ آواز سے پکار کر بھی، صبح و شام (ذکرِ حق جاری رکھو) اور غافلوں میں سے نہ ہو جاؤ○ بیشک جو (ملائکہ مقربین) تمہارے رب کے حضور میں ہیں وہ (کبھی بھی) اسکی عبادت سے سرکشی نہیں کرتے اور (ہمہ وقت) اسکی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اس کی بارگاہ میں سجدہ ریز رہتے ہیں○''

۱۷۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ وَ اِذَا تُلِیَتْ عَلَیْھِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْھُمْ اِیْمَانًا وَّ عَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ○(۳)

''ایمان والے (تو) صرف وہی لوگ ہیں کہ جب (انکے سامنے) اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) انکے دل (اسکی عظمت و جلال کے تصور سے) لرز جاتے ہیں اور جب ان پر اسکی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ (کلامِ محبوب کی لذت انگیز اور حلاوت آفریں باتیں) انکے ایمان میں زیادتی کر دیتی ہیں اور وہ (ہر حال میں)

(۱) القرآن، الاعراف، ۷:۶۳

(۲) القرآن، الاعراف، ۷:۲۰۵، ۲۰۶

(۳) القرآن، الانفال، ۸:۲

اپنے رب پر توکل (قائم) رکھتے ہیں (اور کسی غیر کی طرف نہیں تکتے)o''

۱۸۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ o(۱)

''اے ایمان والو! جب (دشمن کی) کسی فوج سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہا کرو اور کثرت سے اللہ کا ذکر کیا کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤo''

۱۹۔ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْۤ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ o اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ o(۲)

''فرما دیجئے! بیشک اللہ جسے چاہتا ہے (نشانیوں کے باوجود) گمراہ کر دیتا ہے اور جو اسکی طرف رجوع کرتا ہے اسے اپنی جانب رہنمائی فرما دیتا ہےo جو لوگ ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں، جان لو کہ اللہ ہی کے ذکر سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہےo''

۲۰۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ o (۳)

''بے شک یہ ذکر عظیم (قرآن) ہم نے ہی اتارا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کی حفاظت کریں گے''

۲۱۔ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْۤ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْۤا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ o(۴)

---

(۱) القرآن، الانفال، ۸: ۴۵

(۲) القرآن، الرعد، ۱۳: ۲۷، ۲۸

(۳) القرآن، الحجر، ۱۵: ۹

(۴) القرآن، النحل، ۱۶: ۴۳

’’اور ہم نے آپ سے پہلے بھی مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے سو تم اہل ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تمہیں خود (کچھ) معلوم نہ ہو۔‘‘

۲۲۔ وَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الذِّکْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَیْهِمْ وَ لَعَلَّهُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ○ (۱)

’’اور (اے نبی مکرم) ہم نے آپکی طرف ذکرعظیم (قرآن) نازل فرمایا ہے تاکہ آپ لوگوں کے لئے وہ (پیغام اور احکام) خوب واضح کر دیں جو ان کی طرف اتارے گئے ہیں اور تاکہ وہ غور وفکر کریں‘‘

۲۳۔ وَ جَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَکِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ط وَ اِذَا ذَکَرْتَ رَبَّکَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا○ (۲)

’’اور ہم ان کے دلوں پر (بھی) پردے ڈال دیتے ہیں تاکہ وہ اسے سمجھ (نہ) سکیں اور ان کے کانوں میں بوجھ پیدا کر دیتے ہیں (تاکہ اسے سن نہ سکیں) اور جب آپ قرآن میں اپنے رب کا تنہا ذکر کرتے ہیں تو وہ نفرت کرتے ہوئے پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوتے ہیں○‘‘

۲۴۔ وَ اذْکُرْ رَّبَّکَ اِذَا نَسِیْتَ۔ (۳)

’’اور اپنے رب کا ذکر کیا کریں جب آپ بھول جائیں۔‘‘

۲۵۔ وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ

---

(۱) القرآن، النحل، ۱۶: ۴۴

(۲) القرآن، بنی اسرائیل، ۱۷: ۴۶

(۳) القرآن، الکہف، ۱۸: ۲۴

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ج تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰهُ وَ كَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ○ (۱)

’’(اے میرے بندے) تو اپنے آپ کو ان لوگوں کی سنگت میں جمائے رکھ جو صبح و شام اپنے رب کا ذکر کرتے ہیں اس کی رضا کے طلبگار رہتے ہیں تیری (محبت اور توجہ کی) نگاہیں ان سے نہ ہٹیں، کیا تو (ان فقیروں سے دھیان ہٹا کر) دنیوی زندگی کی آرائش چاہتا ہے اور تو اس شخص کی اطاعت (بھی) نہ کر جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی ہوائے نفس کی پیروی کرتا ہے اور اس کا حال حد سے گزر گیا ہے ○‘‘

۲۶۔ وَ عَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ○ نِ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَ كَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ○ (۲)

’’اور ہم اس دن دوزخ کو کافروں کے سامنے بالکل عیاں کر کے پیش کریں گے۔ وہ لوگ جن کی آنکھیں میرے ذکر سے حجابِ (غفلت) میں تھیں اور وہ (میرا ذکر) سن بھی نہ سکتے تھے ○‘‘

۲۷۔ وَ اَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ○ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ لا وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ○ (۳)

’’اور میں نے تمہیں (اپنی رسالت کے لئے) چن لیا ہے پس تم پوری توجہ سے سنو جو تمہیں وحی کی جا رہی ہے ○ بیشک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود

(۱) القرآن، الکہف، ۱۸: ۲۸

(۲) القرآن، الکہف، ۱۸: ۱۰۰، ۱۰۱

(۳) القرآن، طہ، ۲۰: ۱۳۔۱۴

نہیں سو تم میری عبادت کیا کرو اور میرے ذکر کی خاطر نماز قائم کیا کرو o"

۲۸۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْo وَ يَسِّرْلِيْٓ اَمْرِيْo وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْo يَفْقَهُوْا قَوْلِيْo وَ اجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْo هٰرُوْنَ اَخِيo اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْo وَ اَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْo كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًاo وَّ نَذْكُرَكَ كَثِيْرًاo اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًاo(۱)

"(موسیٰ نے) عرض کیا اے میرے رب! میرے لئے میرا سینہ کشادہ فرما دے o اور میرا کارِ (رسالت) میرے لئے آسان فرما دے o اور میری زبان کی گرہ کھول دے o کہ لوگ میری بات (آسانی سے) سمجھ سکیں o اور میرے گھر والوں میں سے میرا ایک وزیر بنا دے o (وہ) میرا بھائی ہارون ہو o اس سے میری کمر ہمت مضبوط فرما دے o اور اسے میرے کارِ (رسالت) میں شریک فرما دے o تاکہ ہم (دونوں) کثرت سے تیری تسبیح کیا کریں o اور ہم کثرت سے تیرا ذکر کیا کریں o بیشک تو ہمیں (سب حالات کے تناظر میں) خوب دیکھنے والا ہے o"

۲۹۔ اِذْهَبْ اَنْتَ وَ اَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْo(۲)

"(موسیٰ!) تم اور تمہارا بھائی (ہارون) میری نشانیاں لے کر جاؤ اور میرے ذکر میں سستی نہ کرنا o"

۳۰۔ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ج وَ قَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًاo(۳)

(۱) القرآن، طہ، ۲۰: ۲۵۔۳۵

(۲) القرآن، طہ، ۲۰: ۴۲

(۳) القرآن، طہ، ۲۰: ۹۹

''اس طرح ہم آپ کو (اے حبیب معظم) ان (قوموں) کی خبریں سناتے ہیں جو گزر چکی ہیں اور بے شک ہم نے آپکو اپنی خاص جناب سے ذکر (یعنی نصیحت نامہ) عطا فرمایا ہے''

۳۱۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِکْرِیْ فَاِنَّ لَہٗ مَعِیْشَۃً ضَنْکًا وَّ نَحْشُرُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَعْمٰی○ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْٓ اَعْمٰی وَ قَدْ کُنْتُ بَصِیْرًا○ قَالَ کَذٰلِکَ اَتَتْکَ اٰیٰتُنَا فَنَسِیْتَھَا ج وَ کَذٰلِکَ الْیَوْمَ تُنْسٰی○(۱)

''اور جس نے میرے ذکر سے روگردانی کی تو اس کیلئے دنیاوی معاش (بھی) تنگ کردیا جائے گا اور ہم اسے قیامت کے دن (بھی) اندھا اٹھائیں گے○ وہ کہے گا اے میرے رب! تو نے مجھے (آج) اندھا کیوں اٹھایا حالانکہ میں (دنیا میں) بینا تھا○ ارشاد ہوگا ایسا ہی (ہوا کہ دنیا میں) تیرے پاس ہماری نشانیاں آئیں پس تو نے انہیں بھلا دیا اور آج اسی طرح تو (بھی) بھلا دیا گیا ہے○''

۳۲۔ مَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ ذِکْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَ هُمْ یَلْعَبُوْنَ○ (۲)

''ان کے پاس ان کے رب کی جانب سے جب بھی کوئی نیا ذکر آتا ہے تو وہ اسے یوں (بے پرواہی سے) سنتے ہیں گویا وہ کھیل کود میں لگے ہوئے ہیں○''

۳۳۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَکَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ○(۳)

---

(۱) القرآن، طہ، ۲۰: ۱۲۴۔ ۱۲۶

(۲) القرآن، الانبیاء، ۲۱: ۲

(۳) القرآن، الانبیاء، ۲۱: ۷

’’(اے حبیبِ مکرم) ہم نے آپ سے پہلے (بھی) مردوں کو ہی (رسول بنا کر) بھیجا تھا ہم ان کی طرف وحی بھیجا کرتے تھے (لوگو!) تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تم (خود) نہ جانتے ہو۔‘‘

۳۴۔ وَ اِذَا رَاٰکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اِنْ یَّتَّخِذُوْنَکَ اِلَّا هُزُوًاؕ اَهٰذَا الَّذِیْ یَذْکُرُ اٰلِهَتَکُمْ ۚ وَهُمْ بِذِکْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ کٰفِرُوْنَ○(۱)

اور جب کافر لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ سے محض تمسخر ہی کرنے لگتے ہیں (اور کہتے ہیں) کیا یہی ہے وہ شخص جو تمہارے معبودوں کا (رد و انکار کے ساتھ) ذکر کرتا ہے اور وہ خود (خدائے) رحمٰن کے ذکر سے انکاری ہیں۔

۳۵۔ قُلْ مَنْ یَّکْلَؤُکُمْ بِالَّیْلِ وَ النَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِکْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ○(۲)

’’فرما دیجئے شب و روز (خدائے) رحمٰن (کے عذاب) سے تمہاری حفاظت و نگہبانی کون کرسکتا ہے بلکہ وہ اپنے (اسی) رب کے ذکر سے گریزاں ہیں○‘‘

۳۶۔ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّ عَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ○ لِّیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَ یَذْکُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِیْٓ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰی مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَکُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِیْرَ○(۳)

---

(۱) القرآن، الانبیاء، ۲۱:۳۶

(۲) القرآن، الانبیاء، ۲۱:۴۲

(۳) القرآن، الحج، ۲۲:۲۷، ۲۸

''اور تم لوگوں میں حج کا بلند آواز سے اعلان کرو وہ تمہارے پاس پیدل اور تمام دبلے اونٹوں پر (سوار) حاضر ہو جائیں گے جو دور دراز کے راستوں سے آتے ہیں ○ تاکہ وہ اپنے فوائد (بھی) پائیں اور (قربانی) کے) مقررہ دنوں کے اندر اللہ نے جو مویشی چوپائے ان کو بخشے ہیں ان پر (ذبح کے وقت) اللہ کے نام کا ذکر بھی کریں پس تم اس میں سے خود (بھی) کھاؤ اور خستہ حال محتاج کو (بھی) کھلاؤ ○''

۳۷۔ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ وَ بَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ○ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَ جِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ الصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ (۱)

''اور ہم نے ہرامت کے لئے ایک قربانی مقرر کر دی ہے تاکہ وہ ان مویشی چوپایوں پر جو اللہ نے انہیں عنایت فرمائے ہیں (ذبح کے وقت) اللہ کے نام کا ذکر کریں سو تمہارا معبود ایک (ہی) معبود ہے پس تم اسی کے فرمانبردار بن جاؤ اور (اے حبیب) عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیں ○ (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) ان کے دل لرزنے لگتے ہیں اور جو مصیبتیں انہیں پہنچتی ہیں ان پر صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں ○''

۳۸۔ وَ لَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَ بِيَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّ مَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَ لَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ

(۱) القرآن، الحج، ۲۲: ۳۴، ۳۵

یَّنۡصُرُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَقَوِیٌّ عَزِیۡزٌ ○ (۱)

''اور اگر اللہ انسانی طبقات میں سے بعض کو بعض کے ذریعہ (جہادی و انقلابی جدوجہد کی صورت میں) ہٹاتا نہ رہتا تو خانقاہیں، گرجے، کلیسے اور مسجدیں (یعنی تمام ادیان کے مذہبی مراکز اور عبادت گاہیں) مسمار اور ویران کر دی جاتیں جن میں کثرت سے اللہ کے نام کا ذکر کیا جاتا ہے اور جو شخص اللہ (کے دین) کی مدد کرتا ہے یقیناً اللہ اسکی مدد فرماتا ہے بیشک اللہ ضرور (بڑی) قوت والا (سب پر) غالب ہے○''

۳۹۔ اِنَّہٗ کَانَ فَرِیۡقٌ مِّنۡ عِبَادِیۡ یَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَ ارۡحَمۡنَا وَ اَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ ○ فَاتَّخَذۡتُمُوۡہُمۡ سِخۡرِیًّا حَتّٰۤی اَنۡسَوۡکُمۡ ذِکۡرِیۡ وَ کُنۡتُمۡ مِّنۡہُمۡ تَضۡحَکُوۡنَ ○ (۲)

''بیشک میرے بندوں میں سے ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو (میرے حضور) عرض کیا کرتے تھے اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے ہیں پس تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو (ہی) سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے○ تو تم ان کا تمسخر کیا کرتے تھے یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میرا ذکر بھی بھلا دیا اور تم (صرف) ان کی تضحیک ہی کیا کرتے رہتے تھے○''

۴۰۔ فِیۡ بُیُوۡتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنۡ تُرۡفَعَ وَ یُذۡکَرَ فِیۡہَا اسۡمُہٗ ۙ یُسَبِّحُ لَہٗ فِیۡہَا بِالۡغُدُوِّ وَ الۡاٰصَالِ ○ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلۡہِیۡہِمۡ تِجَارَۃٌ وَّ لَا بَیۡعٌ عَنۡ ذِکۡرِ اللّٰہِ وَ اِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَ اِیۡتَآءِ الزَّکٰوۃِ ۙ یَخَافُوۡنَ یَوۡمًا تَتَقَلَّبُ فِیۡہِ الۡقُلُوۡبُ

---

(۱) القرآن، الحج، ۲۲: ۴۰

(۲) القرآن، ۲۳: ۱۰۹۔۱۱۰

وَالْاَبْصَارُ○ لِیَجْزِیَھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ یَزِیْدَھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ ط وَ اللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ○(۱)

’’(اللہ کا یہ نور) ایسے گھروں (مساجد اور مراکز) میں (میسر آتا ہے) جن (کی قدر و منزلت) کے بلند کئے جانے اور جن میں اللہ کے نام کا ذکر کئے جانے کا حکم اللہ نے دیا ہے (یہ وہ گھر ہیں کہ اللہ والے) ان میں صبح و شام اسکی تسبیح کرتے ہیں○ (اللہ کے اس نور کے حامل) وہی مردانِ (خدا) ہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت نہ اللہ کے ذکر سے غافل کرتی ہے اور نہ نماز قائم کرنے سے اور نہ زکوٰۃ ادا کرنے سے (بلکہ دنیوی فرائض کی ادائیگی کے دوران بھی) وہ (ہمہ وقت) اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں (خوف کے باعث) دل اور آنکھیں (سب) الٹ پلٹ ہو جائیں گی○ تاکہ اللہ انہیں ان (نیک اعمال) کا بہتر بدلہ دے جو انہوں نے کئے ہیں اور اپنے فضل سے انہیں اور (بھی) زیادہ (عطا) فرما دے اور اللہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق (و عطا) سے نوازتا ہے○‘‘

۴۱۔ وَ یَوْمَ یَحْشُرُھُمْ وَ مَا یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ فَیَقُوْلُ ءَ اَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِیْ ھٰٓؤُلَآءِ اَمْ ھُمْ ضَلُّوا السَّبِیْلَ○ قَالُوْا سُبْحٰنَکَ مَا کَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِکَ مِنْ اَوْلِیَآءَ وَلٰکِنْ مَّتَّعْتَھُمْ وَ اٰبَآءَھُمْ حَتّٰی نَسُوا الذِّکْرَ وَ کَانُوْا قَوْمًا بُوْرًا○(۲)

’’اور اس دن اللہ انہیں اور ان کو جن کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتے تھے جمع کرے گا پھر فرمائے گا کیا تم نے ہی میرے ان بندوں کو گمراہ کر دیا تھا یا وہ

---

(۱) القرآن، النور، ۲۴: ۳۶۔۳۸

(۲) القرآن، الفرقان، ۲۵: ۱۷، ۱۸

(خود) ہی راہ سے بھٹک گئے تھےo وہ کہیں گے تیری ذات پاک ہے ہمیں (تو) یہ بات (بھی) زیبا نہ تھی کہ ہم تیرے سوا اوروں کو دوست (ہی) بنائیں لیکن (اے مولا!) تو نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو اتنا بہرہ مند فرمایا یہاں تک کہ وہ تیرا ذکر (بھی) بھول گئے اور یہ (بدبخت) ہلاک ہونے والے لوگ (ہی) تھےo‘‘

۴۲۔ لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَ نِیْ ط وَ کَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلاًo (۱)

’’بے شک اس نے میرے پاس ذکر آ جانے کے بعد مجھے اس سے بہکا دیا اور شیطان انسان کو (مصیبت کے وقت) بے یار و مددگار چھوڑ دینے والا ہے‘‘

۴۳۔ وَ الشُّعَرَآءُ یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ o اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِیْ کُلِّ وَادٍ یَّهِیْمُوْنَo وَ اَنَّهُمْ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَo اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ ذَکَرُوا اللّٰهَ کَثِیْرًا وَّ انْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْاط وَ سَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَo(۲)

اور شاعروں کی پیروی بہکے ہوئے لوگ ہی کرتے ہیںo کیا تو نے نہیں دیکھا کہ وہ (شعراء) ہر وادی (خیال) میں (یونہی) سرگرداں پھرتے رہتے ہیںo اور یہ کہ وہ (ایسی باتیں) کہتے ہیں جنہیں (خود) کرتے نہیں ہیںo سوائے ان (شعراء) کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اللہ کا کثرت سے ذکر کرتے رہے (یعنی اللہ اور رسول کے مدح خواں بن گئے) اور اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد (ظالموں سے بزبان شعر) انتقام لیا (اور اپنے کلام کے ذریعے اسلام اور

---

(۱) القرآن، الفرقان، ۲۵: ۲۹

(۲) القرآن، الشعرآء، ۲۶: ۲۲۴۔۲۲۷

مظلوموں کا دفاع کیا بلکہ ان کا جوش بڑھایا تو یہ شاعری مذموم نہیں) اور وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا عنقریب جان لیں گے کہ وہ (مرنے کے بعد) کون سی پلٹنے کی جگہ پلٹ کر جاتے ہیں٥''

۴۴۔ اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ ط اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْکَرِ ط وَ لَذِکْرُ اللهِ اَکْبَرُ ط وَاللهُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ٥(۱)

''(اے محبوب) آپ تلاوت فرمائیں جو کتاب آپ کی طرف وحی کی گئی ہے اور نماز قائم رکھیں بیشک نماز روکتی ہے بے حیائی اور برائی سے اور بیشک اللہ کا ذکر (ہر ذکر سے) بہت بڑا ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو٥''

۴۵۔ اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِّرُوْا بِھَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ سَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّھِمْ وَ ھُمْ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ٥(۲)

''ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب وہ انہیں یاد دلائی جاتی ہیں تو سجدہ کرتے ہوئے گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ (اس کی) تسبیح کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے٥''

۴۶۔ لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ لِّمَنْ کَانَ یَرْجُوا اللهَ وَالْیَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَکَرَ اللهَ کَثِیْرًا٥(۳)

''بیشک اللہ کے رسول میں تمہارے لئے نہایت حسین نمونہ ہے اس کے

(۱) القرآن، العنکبوت، ۲۹: ۴۵

(۲) القرآن، السجدہ، ۳۲: ۱۵

(۳) القرآن، الاحزاب، ۳۳: ۲۱

لئے جو اللہ اور قیامت کے دن کی اُمید رکھتا ہو اور اللہ کا بہت ذکر کرتا ہو○''

۴۷۔ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَ الصّٰدِقٰتِ وَ الصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا○(۱)

''بیشک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صبر کرنیوالے مرد اور صبر کرنیوالی عورتیں اور عاجزی کرنیوالے مرد اور عاجزی کرنیوالی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزے دار مرد اور روزے دار عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنیوالے مرد اور حفاظت کرنیوالی عورتیں اور اللہ کا بہت ذکر کرنے والے مرد اور (اللہ کا بہت) ذکر کرنے والی عورتیں اللہ نے ان (سب) کیلئے بخشش اور بہت بڑا ثواب تیار کیا ہے○''

۴۸۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا○ وَّ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا○(۲)

''اے ایمان والو تم اللہ کا ذکر بڑی کثرت سے کیا کرو○ اور صبح و شام اس کی تسبیح کیا کرو○''

۴۹۔ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ

(۱) القرآن، الاحزاب، ۳۳: ۳۵

(۲) القرآن، الاحزاب، ۳۳: ۴۱، ۴۲

بِمَغْفِرَةٍ وَّ اَجْرٍ كَرِيْمٍ○(۱)

’’آپ اسی کو ڈر سناتے ہیں جو ذکر کی پیروی کرے اور بغیر دیکھے رحمٰن سے ڈرے تو اسے خوشخبری سنا دیجئے بخشش اور عزت والے ثواب کی‘‘

۵۰۔ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ○ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَ قُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ○(۲)

’’تو کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ نے اسلام کیلئے کھول دیا تو وہ اپنے رب کی طرف سے (عظیم) نور پر ہے تو ہلاکت ہے ان کے لئے جن کے دل اللہ کے ذکر (کی طرف) سے سخت ہوگئے وہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں○ اللہ نے اتارا بہترین کلام (ایسی) کتاب جس کی سب باتیں آپس میں ایک جیسی ہیں بار بار دہرائی ہوئی اس سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں ان لوگوں کے جسموں پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں پھر ان کے جسموں کی جلد اور ان کے دل اللہ کے ذکر کی طرف نرم وگداز ہو جاتے ہیں۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے جسے چاہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کردے تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں○‘‘

۵۱۔ وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَ اِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ○(۳)

(۱) القرآن، یٰسٓ، ۳۶:۱۱

(۲) القرآن، الزمر، ۳۹:۲۲،۲۳

(۳) القرآن، الزمر، ۳۹:۴۵

’’اور جب تنہا اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو نفرت کرنے لگتے ہیں ان لوگوں کے دل جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور جب اللہ کے سوا اوروں کا ذکر کیا جاتا ہے (جو ان کے معبود ہیں) تو ناگہاں وہ خوش ہوتے ہیںo‘‘

۵۲۔ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِالذِّکْرِ لَمَّا جَآءَ هُمْ ج وَ اِنَّهٗ لَکِتٰبٌ عَزِیْزٌo لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ ط تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍo (۱)

’’بے شک جنہوں نے ذکر کے ساتھ کفر کیا جب وہ ان کے پاس آ گیا (اللہ ان کے کفر کا انہیں بدلہ دیگا) اور بے شک وہ (قرآن) ضرور بڑی عزت والی کتاب ہےo اس کے پاس باطل نہیں آ سکتا نہ اس کے سامنے سے اور نہ اس کے پیچھے سے۔ اتارا ہوا ہے حکمت والے حمد کئے ہوئے (رب) کا‘‘

۵۳۔ اَفَنَضْرِبُ عَنْکُمُ الذِّکْرَ صَفْحًا اَنْ کُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِیْنَo (۲)

’’تو کیا ہم (اپنے) ذکر کا پہلو تم سے پھیر لیں؟ اس وجہ سے کہ تم حد سے گزرنے والے ہو‘‘

۵۴۔ وَمَنْ یَّعْشُ عَنْ ذِکْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَیِّضْ لَهٗ شَیْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِیْنٌo(۳)

’’اور جو اندھا بن گیا رحمٰن کے ذکر کی طرف سے ہم اس کے لئے ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہ (ہر وقت) اس کا ساتھی رہتا ہےo‘‘

۵۵۔ فَاسْتَمْسِکْ بِالَّذِیْٓ اُوْحِیَ اِلَیْکَ ج اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ

---

(۱) القرآن، حم السجدۃ، ۴۱: ۴۱، ۴۲

(۲) القرآن، الزخرف، ۴۳: ۵

(۳) القرآن، الزخرف، ۴۳: ۳۶

مُّسْتَقِيْمٍ ○ وَ اِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَ لِقَوْمِكَ ج وَ سَوْفَ تُسْئَلُوْنَ ○ (۱)

’’تو آپ اسے مضبوطی سے تھامے رہیں جو آپ کی طرف وحی کی گئیo بے شک آپ سیدھی راہ پر ہیں اور یقیناً وہ (ذکر) ضرور (عظیم) شرف ہے آپ کے لئے اور آپکی امت کے لئے اور (اے لوگو اس کے متعلق) عنقریب تم سے سوال کیا جائے گاo‘‘

۵۶۔ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ○ (۲)

’’تو آپ اپنی توجہ اس سے ہٹالیں جس نے ہمارے ذکر سے روگردانی کی اور اس نے نہ چاہا مگر دنیا کی زندگی کوo‘‘

۵۷۔ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ○ (۳)

’’اور بے شک نصیحت کے لئے ہم نے ذکر کو آسان کیا تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟‘‘

۵۸۔ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللهِ وَ مَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ لا وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ط وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ○ (۴)

’’کیا وہ وقت نہیں آیا ایمان والوں کے لئے کہ ان کے دل اللہ کے ذکر کی خاطر جھک جائیں اور اس حق کے لیے (بھی) جو نازل ہوا اور ان کی طرح نہ ہوں جنہیں (اس سے) پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر ایک طویل زمانہ گزر گیا تو ان

---

(۱) القرآن، الزخرف، ۴۳: ۴۳، ۴۴

(۲) القرآن، النجم، ۵۳: ۲۹

(۳) القرآن: القمر: ۵۴ ص ۴۰

(۴) القرآن، الحدید، ۵۷: ۱۶

کے دل (انتہائی) سخت ہوگئے اور ان میں بہت سے لوگ نافرمان ہیںo‘‘

۵۹۔ اِسۡتَحۡوَذَ عَلَیۡهِمُ الشَّیۡطٰنُ فَاَنۡسٰهُمۡ ذِکۡرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِکَ حِزۡبُ الشَّیۡطٰنِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ الشَّیۡطٰنِ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَo(۱)

’’شیطان نے ان پر غلبہ پالیا تو اس نے اللہ کا ذکر ان (کے دل) سے بھلا دیا وہ شیطان کا ٹولہ ہیں سن لو بیشک شیطان کا ٹولہ ہی نقصان اٹھانے والے لوگ ہیںo‘‘

۶۰۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا نُوۡدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنۡ یَّوۡمِ الۡجُمُعَةِ فَاسۡعَوۡا اِلٰی ذِکۡرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الۡبَیۡعَ ؕ ذٰلِکُمۡ خَیۡرٌ لَّکُمۡ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَo فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانۡتَشِرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ وَابۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ وَاذۡکُرُوا اللّٰهَ کَثِیۡرًا لَّعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَo(۲)

’’اے ایمان والو جب جمعہ کے دن (جمعہ کی) نماز کیلئے اذان دی جائے تو فوراً تیاری کرو اللہ کے ذکر کی طرف اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہت اچھا ہے اگر تم جانتے ہو۔ پھر جب نماز پوری ہوجائے تو زمین میں منتشر ہوجاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرو تاکہ تم کامیابی حاصل کروo‘‘

۶۱۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُلۡهِکُمۡ اَمۡوَالُکُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُکُمۡ عَنۡ ذِکۡرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنۡ یَّفۡعَلۡ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَo(۳)

’’اے ایمان والو (کہیں) تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کے ذکر

---

(۱) القرآن، المجادلہ، ۵۸: ۱۹

(۲) القرآن، الجمعۃ، ۶۲: ۹، ۱۰

(۳) القرآن، المنفقون، ۶۳: ۹

سے غافل نہ کردیں اور جو ایسا کرے، تو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں o‘‘

۶۲۔ وَ كَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَ رُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّ عَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ○ فَذَاقَتْ وَ بَالَ اَمْرِهَا وَ كَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ○ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ○ (۱)

’’اور کتنی ہی بستیاں تھیں جن کے رہنے والوں نے اپنے رب کے حکم اور اس کے رسولوں سے سرکشی کی تو ہم نے ان کا سخت محاسبہ کیا اور ہم نے انہیں بڑے سخت برے عذاب کی مار دی o تو انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھا اور ان (بستیوں والوں) کے کام کا انجام خسارہ ہوا o اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے تو اللہ سے ڈرو اے عقلمندو جو ایمان لائے ہو بے شک اللہ نے تمہاری طرف ذکر نازل فرمایا‘‘

۶۳۔ وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ (۲)

’’اور یقیناً کافر قریب ہیں کہ آپ کو اپنی نظریں لگا کر گرا دیں وہ جب ذکر سنتے ہیں اور کہتے ہیں بے شک یہ ضرور مجنون ہیں o‘‘

۶۴۔ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ○ (۳)

’’اور جو اپنے رب کے ذکر سے منہ موڑے وہ اسے چڑھتے ہوئے سخت عذاب میں داخل کرے گا o‘‘

---

(۱) القرآن، الطلاق، ۶۵: ۸۔۱۰

(۲) القرآن، القلم، ۶۸: ۵۱

(۳) القرآن، الجن، ۷۲: ۱۷

۶۵۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا○(۱)

’’اور اپنے رب کے نام کا ذکر کیا کر اور سب سے کٹ کر اسی کا ہو رہ○‘‘

۶۶۔ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا○ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا○وَ مِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَ سَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا○(۲)

’’تو آپ اپنے رب کے حکم کی خاطر صبر فرمایئے اور ان میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے کی بات نہ مانیئے○ اور اپنے رب کا نام صبح و شام جپتے رہیۓ○ اور رات کے کچھ لمحوں میں اس کے لئے سجدہ ریزی کیجئے اور رات کے طویل حصہ میں اس کی تسبیح کیا کیجئے○‘‘

۶۷۔ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ○ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ○ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا○فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا○ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا○ (۳)

’’قسم ان (ہواؤں) کی جو بھیجی جاتی ہیں مسلسل۔ پھر ان کی جو نہایت تیز چلتی ہیں شدت سے○ اور ان کی جو خوب پھیلانے والی ہیں (بادلوں کو)○ پھر ان کی جو خوب جدا کرنے والی ہیں○ پھر (قسم) ان (فرشتوں) کی جو ذکر کا القاء کرنے والے ہیں○‘‘

۶۸۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى○ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى○(۴)

---

(۱) القرآن، المزمل،۷۳:۸

(۲) القرآن، الدھر،۷۶:۲۴۔۲۶

(۳) القرآن، المرسلٰت، ۷۷:۱۔۵

(۴) القرآن، الاعلیٰ، ۸۷:۱۴۔۱۵

”بیشک وہی بامراد ہوا جو (نفس کی آفتوں اور گناہوں کی آلودگیوں سے) پاک ہوگیاo اور وہ اپنے رب کے نام کا ذکر کرتا رہا اور (کثرت و پابندی سے) نماز پڑھتا رہاo“

۲۷۔ وَ رَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ(۱)

”اور (اے حبیبِ مکرم!) ہم نے آپ کی خاطر آپ کا ذکر بلند فرما دیا۔“

---

(۱) القرآن، الانشراح، ۹۴:۴

# فصل: ۱

## مثل الذی یذکر والذی لا یذکر مثل الحیّ والمیت

### ﴿ذِکر کرنے والا زِندہ اور نہ کرنے والے مردہ کی مانند ہے﴾

۱۔ عن أبی موسی رضی الله عنه قال: قال النبی صلی الله علیه وآله وسلم: مثل الذی یذکر ربه و الذی لا یذکر ربه مثل الحی و المیت۔(۱)

’’حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے رب کا ذکر کرنے والے اور نہ کرنے والے کی مثال زندہ اور مردہ کی سی ہے۔‘‘

۲۔ عن أبی موسی رضی الله عنه، عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم، قال: مثل البیت الذی یذکر الله فیه والبیت الذی لا یذکر الله فیه مثل الحیّ و المیّت۔(۲)

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۵۳، رقم: ۶۰۴۴
۲۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۲۵۶، رقم: ۲۳۰۳
۳۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۲۱۰، رقم: ۶۰۴۴

(۲) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۱: ۵۳۹، رقم: ۷۷۹
۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۱۳۵، رقم: ۸۵۴
۳۔ ابویعلی، المسند، ۱۳: ۲۹۱۔۲۹۲ رقم: ۷۳۰۶
۴۔ رویانی، المسند، ۱: ۳۱۷، رقم: ۴۷۳
۵۔ ابونعیم، المسند المستخرج علی الصحیح لمسلم، ۲: ۳۷۲، رقم: ۱۷۷۱
۶۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۴: ۱۴۳، رقم: ۶۴۴۲
۷۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۱، رقم: ۵۳۶
۸۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۱: ۱۷۰، رقم: ۶۳۵
۹۔ نووی، شرح صحیح مسلم، ۶: ۶۸

←

’’حضرت ابو موسیٰ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس گھر کی مثال جس میں اللہ کا ذکر کیا جائے اور جس میں اللہ کا ذکر نہ کیا جائے زندہ اور مردہ کی سی ہے۔‘‘

۱۰۔ مبارک پوری تحفۃ الاحوذی، ۲: ۴۳۷

۱۱۔ عجلونی، کشف الخفاء ومزیل الالباس، ۲: ۲۵۸، رقم: ۲۲۶۵

## فصل: ۲

# إن الله یذکر الذّاکرین فی الملأ الأعلٰی

## ﴿اللہ تعالیٰ اپنا ذِکر کرنے والوں کا ذِکر ملأ اَعلیٰ میں کرتا ہے﴾

۳۔ عن أبی هریرة رضی الله عنه قال: قال النبی صلی الله علیه وآله وسلم یقول الله تعالٰی: انا عند ظن عبدی بی و أنا معه إذا ذکرنی فإن ذکرنی فی نفسه ذکرته فی نفسی و إن ذکرنی فی ملأ ذکرته فی ملأ خیر منهم و إن تقرب إلی شبرا تقربت إلیه ذراعا و إن تقرب إلی ذراعا تقربت إلیه باعا و إن أتانی یمشی أتیته هرولة۔(۱)

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا بندہ میرے متعلق جیسا خیال رکھتا ہے میں اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں۔ جب وہ میرا ذکر کرتا ہے میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر (ذکرِ خفی) کرے تو میں بھی اپنے دل میں اس کا ذکر (ذکرِ خفی) کرتا ہوں، اور اگر وہ جماعت میں میرا ذکر (ذکرِ جلی) کرے تو میں اس کی جماعت سے بہتر جماعت میں اس کا ذکر (ذکرِ جلی) کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت میرے نزدیک آئے تو میں ایک بازو کے برابر اس کے نزدیک ہو جاتا ہوں۔ اگر وہ

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۶: ۲۶۹۴، رقم: ۶۹۷۰

۲۔ ابونعیم، حلیة الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۹: ۲۷

۳۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۲۵۲، رقم: ۲۲۸۶

۴۔ صنعانی، سبل السلام، ۴: ۲۱۳

۵۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۲۰۹

ایک بازو کے برابر میرے نزدیک آئے تو میں دو بازوؤں کے برابر اس کے نزدیک ہو جاتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آئے تو میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔"

**۴۔ عن أبی هریرة ﷺ قال: قال رسول الله ﷺ یقول الله تعالیٰ عزوجل: أنا عند ظن عبدی بی و أنا معه حین یذکرنی إن ذکرنی فی فی نفسه ذکرته فی نفسی و إن ذکرنی فی ملأ ذکرت فی ملأ هم خیر منهم و إن تقرب منی شبرا تقربت إلیه ذراعا وإن تقرب إلی ذراعا تقربت منه باعا و إن أتانی یمشی أتیته هرولة۔(۱)**

"حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں اپنے بندے کے اس گمان کے مطابق ہوتا ہوں جو وہ میرے متعلق رکھتا ہے۔ اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے۔ اگر وہ دل میں میرا ذکر (ذکر سری) کرے تو میں دل میں اس کا ذکر (ذکر سری) کرتا ہوں، اور اگر وہ جماعت میں میرا ذکر (ذکر جہری) کرے تو میں ان کی جماعت سے بہتر جماعت میں اس کا ذکر (ذکر جہری) کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت میرے قریب ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب ہوتا ہے تو میں دو ہاتھ قریب ہو جاتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں دوڑ کر اس کی طرف آتا ہوں۔"

**۵۔ عن أبی هریرة ﷺ قال: قال رسول الله ﷺ یقول الله ﷻ: أنا**

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۱، رقم: ۲۶۷۵

۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۴: ۴۱۲، رقم: ۷۷۳۰

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۱۳، رقم: ۹۳۴۰

عند ظن عبدی و أنا معه حین یذکرنی فان ذکرنی فی نفسه ذکرته فی نفسی و إن ذکرنی فی ملاء ذکرته فی ملأ خیر منه و إن اقترب إلی شبرا تقربت إلیه ذراعا و إن اقترب الی ذراعا اقتربت إلیه باعا و إن أتانی یمشی أتیته هرولة۔(۱)

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں، اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جس وقت وہ میرا ذکر کرتا ہے، پس اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر (ذکر بالسر) کرے تو میں بھی اپنے دل میں اس کا ذکر (ذکر بالسر) کرتا ہوں، اور اگر وہ جماعت میں میرا ذکر (ذکر بالجہر) کرے تو میں اس کی جماعت سے بہتر جماعت میں اس کا ذکر (ذکر بالجہر) یاد کرتا ہوں۔ اگر وہ ایک بالشت میرے نزدیک آئے تو میں ایک ہاتھ اس کے نزدیک ہوتا ہوں، اور اگر وہ ایک ہاتھ میرے نزدیک آئے تو میں دو ہاتھ اس کے نزدیک ہوتا ہوں اور اگر وہ چل کر میری طرف آئے تو میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔‘‘

۲۔ عن معاذ بن أنس رضی اللہ عنہ عن أبیه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: قال اللہ تعالیٰ لا یذکرنی عبدی فی نفسه إلا ذکرته فی ملأ من ملائکتی و لا یذکرنی فی ملأ إلا ذکرته فی الرفیق الأعلی۔(۲)

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۷، رقم: ۲۶۷۵
۲۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۵۸۱، رقم: ۳۶۰۳
۳۔ ابن ماجہ، السنن، ۲: ۱۲۵۵، رقم: ۳۸۲۲
۴۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۲۵۱، رقم: ۷۴۱۶
(۲) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۸۲، رقم: ۳۹۱

←

’’حضرت معاذ بن انس ﷺ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جب بھی بندہ اپنے دل میں میرا ذکر (ذکر خفی) کرتا ہے تو میں فرشتوں کی جماعت میں اس کا ذکر (ذکر جلی) کرتا ہوں اور جب وہ جماعت میں میرا ذکر (ذکر جلی) کرتا ہے تو میں رفیقِ اعلیٰ میں اس کا ذکر (ذکر جلی) کرتا ہوں۔‘‘

۷۔ عن أبي هريرة ﷺ عن النبي ﷺ فيما يحكى عن الله جلّ و علا قال الكبرياء ردائي و العظمة ازاري فمن نازعني في واحدة منهما قذفته في النار و من اقترب الى شبرا اقتربت منه ذراعاً و من اقترب مني ذراعا اقتربت منه باعا و من جاء ني يمشي جئته اهرول ومن جاء ني يهرول جئته اسعى و من ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي ومن ذكرني في ملاء ذكرته في ملأ أكثر منهم و أطيب۔(۱)

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: بڑائی میری کملی ہے اور بزرگی میری چادر ہے، پس جو کوئی ان دونوں میں سے کسی ایک کے بارے میں بھی مجھ سے جھگڑا کرے گا تو میں اسے

---

۲۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸

۳۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۲۵۲، رقم: ۲۲۸۷

۴۔ ہندی، کنز العمال، ۱: ۴۲۰، رقم: ۱۷۹۶

۵۔ ہندی، کنز العمال، ۱: ۴۳۲، رقم: ۱۸۶۷

۶۔ سیوطی، الدر المنثور، ۱۰: ۱۴۹

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۳۶، رقم: ۳۲۸

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۳۵۴، رقم: ۸۶۳۵

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۰۵، ۹۲۴۳

۴۔ ابن أبي شیبہ، المصنف، ۶: ۹۱، رقم: ۲۹۷۴۹

آگ میں پھینک دوں گا۔ جو ایک بالشت میرے قریب ہوا، میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہوجاتا ہوں اور جو ایک ہاتھ میرے قریب آئے تو میں دو بازو پھیلانے کے برابر اس کے قریب ہوجاتا ہوں اور جو میری طرف چل کر آئے میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں اور جو میری طرف دوڑ کر آئے میں اس سے زیادہ تیز دوڑ کر اس کی طرف آتا ہوں اور جو دل میں میرا ذکر (ذکر سری) کرے میں بھی اپنے دل میں اس کا ذکر (ذکر سری) کرتا ہوں اور جو جماعت میں میرا ذکر (ذکر جہری) کرے میں اس کی جماعت سے زیادہ بڑی اور زیادہ پاکیزہ جماعت میں اس کا ذکر (ذکر جہری) کرتا ہوں۔‘‘

**۸۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وآله وسلم قال: قال الله عزوجل عبدی عند ظنه بی و أنا معه اذا دعانی فإن ذکرنی فی نفسه ذکرته فی نفسی و ان ذکرنی فی ملاء ذکرته فی ملاء خير منهم و أطيب و ان تقرب منی شبرا تقربت منه ذراعا و ان تقرب ذراعا تقربت باعا و ان اتانی يمشی اتيته هرولة۔(۱)**

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرا بندہ اپنے گمان کے مطابق میرے ساتھ ہوتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے، پس اگر وہ مجھے دل میں مجھے پکارے (یعنی میرا ذکر بالسر) کرے تو میں بھی اپنے دل میں اس کا ذکر (ذکر بالسر) کرتا ہوں، اور اگر وہ جماعت میں مجھے پکارے (یعنی میرا ذکر بالجہر) کرے تو میں بھی اس کی جماعت سے بہتر اور زیادہ پاکیزہ جماعت میں اس کا ذکر (ذکر بالجہر) کرتا

---

(۱) احمد بن حنبل، ۲: ۴۸۰، رقم: ۱۰۲۲۹

ہوں۔ اور اگر وہ ایک بالشت میرے قریب ہو تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ قریب ہو تو میں دو بازوؤں کے برابر اس کے قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آئے تو میں دوڑ کر اس کی طرف آتا ہوں۔‘‘

**۹۔ عن أبي هريرة ﷺ قال: قال رسول الله ﷺ ان الله عزوجل: يقول: انا عند ظن عبدي بي و أنا معه حين يذكرني إن ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي و إن ذكرني في ملأ ذكرته في ملأ خير من ملئه الذي يذكرني فيه و ان تقرب العبد مني شبرا تقربت منه ذراعا وان تقرب مني ذراعا تقربت منه باعا و اذا جاء ني يمشي جئته اهرول له المن والفضل۔(۱)**

’’حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں اپنے بندے کے ساتھ اس کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں۔ میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جس وقت وہ میرا ذکر کرتا ہے۔ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر (ذکرِ خفی) کرے تو میں اپنے دل میں اس کا ذکر (ذکرِ خفی) کرتا ہوں اور اگر وہ جماعت میں میرا ذکر (ذکرِ جلی) کرے تو میں اس کی جماعت سے بہتر جماعت میں اس کا ذکر (ذکرِ جلی) کرتا ہوں۔ اور اگر بندہ ایک بالشت میرے قریب ہو میں ایک ہاتھ قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب ہو تو میں دو بازوؤں کے برابر اس کے قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ میرے پاس چل کر آئے تو میں فضل و احسان کے ساتھ اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔‘‘

**۱۰۔ عن ابي هريرة ﷺ عن النبي ﷺ قال: قال الله جل وعلا**

---

(۱) احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۸۲، رقم: ۱۰۲۵۸

**عبدي عند ظنه بي و أنا معه اذا دعاني إن ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي و إن ذكرني في ملاء ذكرته في ملاء خير منه و اطيب۔(۱)**

''حضرت ابوہریرہ ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔میرا بندہ اپنے گمان کے مطابق میرے ساتھ ہوتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر (ذکر سری) کرتا ہے تو میں بھی اپنے دل میں اس کا ذکر (ذکر سری) کرتا ہوں اور اگر وہ جماعت میں میرا ذکر (ذکر جہری) کرے تو میں اس کی جماعت سے بہتر اور زیادہ پاکیزہ جماعت میں اس کا ذکر (ذکر جہری) کرتا ہوں۔''

**۱۱۔ عن أبي هريرة ﷺ قال: قال رسول الله ﷺ: قال الله تبارك و تعالیٰ: أنا عند ظن عبدي بي و أنا معه حيث يذكرني ان ذكرني في نفسه ذكرته في نفسه و إن ذكرني في ملأ ذكرته في ملأ خيرمنهم و إن تقرب مني ذراعا تقربت منه باعا و إن أتاني يمشي أتيته هرولة۔(۲)**

''حضرت ابوہریرہ ﷺ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں اپنے بندے کے خیال کے مطابق ہوتا ہوں، میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جہاں کہیں بھی وہ میرا ذکر کرتا ہے اور اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر کرے (ذکرِ خفی کرے) میں بھی اپنے دل میں اس کا ذکر (ذکر خفی) کرتا ہوں اور اگر وہ جماعت میں میرا ذکر کرے (ذکر جہری کرے) کرے تو میں اس کی جماعت سے

---

(۱) ابن حبان، الصحیح، ۳: ۹۵، رقم: ۸۱۲

(۲) ابن حبان، الصحیح، ۳: ۹۳، رقم: ۸۱۱

بہتر جماعت میں اس کا ذکر (ذکرِ جہری) کرتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب ہو تو میں دو بازوؤں کے برابر اس کے قریب ہوتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آئے تو میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔‘‘

**۱۲۔ عن ابن عباس رضی الله عنہما قال قال رسول الله ﷺ: قال الله تعالی: عبدی إذا ذکرتنی خالیا ذکرتک خالیا، وإن ذکرتنی فی ملأ ذکرتک فی ملأ خیر منهم وأکثر۔(۱)**

’’حضرت ابن عباس رضی الله عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ’’الله تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے میرے بندے! جب تو تنہائی میں میرا ذکر (ذکرِ سِرّی) کرتا ہے تو میں بھی تنہائی میں تیرا ذکر (ذکرِ سِرّی) کرتا ہوں اور اگر تو جماعت میں میرا ذکر (ذکرِ جہری) کرے تو میں اس سے بہتر اور بڑی جماعت میں تمہارا ذکر (ذکرِ جہری) کرتا ہوں۔‘‘

**۱۳۔ عن ثابت قال: قال أبو عثمان النهدی أنی لأعلم حین یذکرنی ربی۔ قالوا: و کیف ذاک؟ قال: إن الله یقول: فاذکرونی أذکرکم، فإذا ذکرت ذکرنی۔(۲)**

---

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۶، رقم: ۵۵۱

۲۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۲۵۲، رقم: ۲۲۸۸

۳۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸

(۲) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۲۰۶، رقم: ۳۵۳۶۷

۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۲: ۵۱، رقم: ۱۱۳۸

۳۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء، ۲: ۳۲۴

۴۔ مزی، تہذیب الکمال، ۱۷: ۴۲۸

۵۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ۷: ۹۸

’’حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابو عثمان نہدی نے کہا: مجھے معلوم ہے جس وقت میرا رب میرا ذکر کرتا ہے۔ لوگوں نے کہا: وہ کیسے؟ انہوں نے کہا: بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا، پس جب میں اس کا ذکر کرتا ہوں (تو) وہ میرا ذکر کرتا ہے۔‘‘

## فصل: ۳

# إن اللہ یباهی الملائکة بالذّاکرین

## ﴿اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے اپنا ذِکر کرنے والوں پر فخر فرماتا ہے﴾

۱۴۔ عن ابی سعید الخدری ﷺ، قال: خرج معاویة علی حلقة فی المسجد فقال ...... إن رسول اللہ ﷺ خرج علی حلقة من أصحابه۔ فقال: ما أجلسکم؟ قالوا: جلسنا نذکر اللہ و نحمده علی ما هدانا للإسلام ومنّ به علینا قال: اللہ ما أجلسکم إلا ذاک قالوا: و اللہ ما أجلسنا إلا ذاک، قال: أما إنی لم استحلفکم تهمة لکم ولکنه أتانی جبریل فأخبرنی أن اللہ ﷻ یباهی بکم الملائکة۔(۱)

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ ﷺ مسجد میں ایک حلقے کے پاس آئے اور کہا: ...... رسول اکرم ﷺ اپنے صحابہ کے ایک حلقے کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: آپ کس لیے بیٹھے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا: ہم اللہ کا ذکر کرنے، اور اس نے جو ہمیں اسلام کی ہدایت عطا فرما کر احسان فرمایا ہے،

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۷۵، رقم: ۲۷۰۱

۲۔ ترمذی، السنن، ۵: ۴۶۰، رقم: ۳۳۷۹

۳۔ نسائی، السنن، ۸: ۲۴۹، رقم: ۵۴۲۶

۴۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۹۲

۵۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۹۵، رقم: ۸۱۳

۶۔ ابن ابی شیبه، المصنف، ۶: ۵۹، رقم: ۲۹۴۶۹

۷۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۹: ۳۱۱، رقم: ۷۰۱

۸۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۲۵۹، رقم: ۲۳۱۷

اس پر اس کا شکر بجا لانے کے لیے بیٹھے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حلفاً کہتے ہو کہ تمہیں اسی چیز نے بٹھایا ہے؟ انہوں نے کہا اللہ کی قسم ہمیں صرف اسی چیز نے بٹھایا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے تم سے کسی شبہ کی بنا پر حلف نہیں لیا بلکہ بات یہ ہے کہ جبریل نے آ کر مجھے بتایا ہے کہ اللہ ﷻ فرشتوں کے سامنے تم پر فخر فرما رہا ہے۔‘‘

**۱۵۔ عن محمد بن کعب أن نفرا کانوا فی عهد معاویة یشهدون الفجر و یجلسون عند قاص الجماعة فإذا سلم تحولوا إلی ناحیة المسجد فیذکرون اللہ و یتلونا کتاب اللہ حتی یتعالی النهار فأخبر معاویة بهم فجاء یهرول أو یسعی فی مشیته حتی وقف علیهم فقال جئت ابشرکم ببشری اللہ فیما رزقکم أن نفرا علی عهد رسول اللہ ﷺ أحسبه قال کانوا یصنعون نحوا مما تصنعون فأقبل رسول اللہ ﷺ کأنی أحکیه فی مشیته حتی وقف علیهم فقال أبشروا والذی نفسی بیده إن اللہ ﷻ یباهی بکم الملائکة۔(۱)**

’’حضرت محمد بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد میں کچھ لوگ نماز فجر میں حاضر ہوتے اور جماعت کے ایک طرف بیٹھ جاتے۔ جب امام سلام پھیرتا تو یہ مسجد کے کونے میں چلے جاتے اور اللہ کا ذکر اور کتاب اللہ کی تلاوت کرتے رہتے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو ان کے بارے میں بتایا گیا (پس) وہ دوڑتے ہوئے آئے اور ان کے پاس کھڑے ہو گئے اور کہا: میں تمہیں اس چیز کی خوشخبری سنانے آیا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں ارزانی

(۱) طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۹: ۳۴۰، رقم: ۷۸۸

فرمائی ہے۔ عہد رسالت مآب ﷺ میں کچھ لوگ آپ کی طرح عمل کرتے تھے پس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور ان کے پاس کھڑے ہوگئے اور فرمایا: خوش ہوجاؤ! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر ملائکہ کے سامنے فخر فرما رہا ہے۔‘‘

١٦۔ عن عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما قال صلینا مع رسول اللہ ﷺ المغرب فرجع من رجع و عقب من عقب فجاء رسول اللہ ﷺ مسرعا قد حفزہ النفس و قد حسر عن رکبتیہ فقال أبشروا ھذا ربکم قد فتح بابا من أبواب السماء یباھی بکم الملائکۃ یقول انظروا الی عبادی قد قضوا فریضۃ و ھم ینتظرون أخری۔(١)

’’حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھی، جو جانے والے تھے چلے گئے، جو بیٹھنے والے تھے وہ بیٹھ گئے۔ حضور ﷺ اس تیزی سے تشریف لائے کہ آپ ﷺ کا سانس مبارک پھولا ہوا تھا اور گھٹنہ مبارک سے کپڑا ذرا اونچا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: خوش ہوجاؤ! یہ تمہارا رب ہے۔ اس نے آسمان کا ایک دروازہ کھول دیا ہے اور فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کر رہا ہے اور فرما رہا ہے: میرے بندوں کو دیکھو ایک فرض (نماز) ادا کرنے کے بعد دوسری فرض (نماز) کا انتظار کر رہے ہیں۔‘‘

---

(١) ١۔ ابن ماجہ، ١: ٢٦٢، رقم: ٨٠١

٢۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء، ٦: ٥٤

٣۔ منذری، الترغیب والترھیب، ١: ١٧٢، رقم: ٦٤٦

٤۔ کنانی، مصباح الزجاجہ، ١: ٩٠٢، رقم: ٣٠٣

٥۔ شوکانی، نیل الاوطار، ٢: ٥٤

١٧۔ حسن بن موسی حدثنا عبد اللہ بن عمرو بن العاص و أنا أحدثک عن النبی ﷺ صلینا مع النبی ﷺ ذات لیلۃ فعقب من عقب و رجع من رجع فجاء رسول اللہ ﷺ قبل ان یثور الناس بصلاۃ العشاء فجاء و قد حفزہ النفس رافعا أصبعہ ھکذا و عقد تسعا و عشرین و أشار بأصبعہ السبابۃ إلی السماء و ھو یقول أبشروا معشر المسلمین ھذا ربکم عز و جل قد فتح بابا من أبواب السماء یباھی بکم الملائکۃ یقول یا ملائکتی انظروا إلی عبادی ھؤلاء أدوا فریضۃ و ھم ینتظرون أخری۔(١)

''حضرت حسن بن موسیٰ نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عمرو اور میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک رات نماز ادا کی۔ جس نے بیٹھنا تھا وہ بیٹھ گیا اور جسے جانا تھا وہ چلا گیا پھر رسول اللہ ﷺ لوگوں کی نمازِ عشاء کے لئے واپسی سے پہلے تشریف لائے۔ آپ ﷺ کا سانس مبارک پھولا ہوا تھا اور اپنی انگلی کو اس طرح اٹھائے ہوئے تھے ...... اور آپ ﷺ نے انگشتِ شہادت سے آسمان کی طرف اشارہ کیا ...... اور آپ ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں کی جماعت خوش ہو جاؤ، یہ تمہارا رب ہے جس نے آسمان کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کھول دیا۔ اور فرشتوں کے سامنے تم پر فخر فرما رہا ہے اور فرما رہا ہے: اے میرے ملائکہ! میرے ان بندوں کو کی طرف دیکھو جنہوں نے ایک فریضہ ادا کر لیا ہے اور وہ دوسرے فریضے کے انتظار میں ہیں۔''

١٨۔ عن عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما قال صلینا مع رسول اللہ ﷺ

(١) احمد بن حنبل، المسند، ٢: ٢٠٨

ذات ليلة فرجع من رجع و عقب من عقب فجاء رسول الله قبل أن يثوب العشاء فقال أبشروا أبشروا هذا ربكم تبارك و تعالى قد فتح بابا من أبواب السماء يباهي بكم الملائكة يقول انظروإلى عبادى قضوا فريضة و هم ينتظرون اخرى۔(۱)

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک رات ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی، جسے جانا تھا وہ چلا گیا اور جس نے بیٹھنا تھا وہ بیٹھ گیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ وقتِ عشاء سے پہلے تشریف لائے اور فرمایا: خوش ہو جاؤ! خوش ہو جاؤ! یہ تمہارا رب ہے جس نے آسمان کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کھول دیا ہے اور فرشتوں کے سامنے تم پر فخر فرما رہا ہے اور ارشاد فرما رہا ہے کہ دیکھو! یہ میرے بندے ہیں جنہوں نے ایک فریضہ مکمل کر لیا ہے اور دوسرے کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔''

۱۹۔ عن أبي أيوب: أن نوفا و عبد الله بن عمرو يعني ابن العاص اجتمعا فقال نوف: حد لو ان السماوات والأرض وما فيها وضع في كفة الميزان و وضعت لا إله إلا الله في الكفة الأخرى لرجحت بهن و لو أن السماوات و الأرض و ما فيهن كن طبقا من حديد فقال رجل لا إله الا الله لخرقتهن حتى تنتهي إلى الله عز و جل فقال عبد الله بن عمرو صلينا مع رسول الله ﷺ المغرب فعقب من عقب ورجع من رجع فجاء ﷺ و قد كاد يحسر ثيابه عن ركبتيه فقال أبشروا معشر المسلمين هذا ربكم قد فتح بابا من أبواب السماء يباهي بكم

(۱) بزار، المسند، ۶: ۳۵۷، رقم: ۳۳۶۵

الملائكة يقول هؤلاء عبادی قضوا فریضة و هم ینتظرون اخری۔(۱)

''حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نوف اور حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص اکٹھے ہوئے، حضرت نوف نے کہا: اگر آسمان و زمین اور جو کچھ ان میں ہے وہ میزان کے پلڑے میں رکھ دیا جائے اور دوسرے پلڑے میں لا إله إلا اللہ رکھ دیا جائے تو دوسرا پلڑا ان سب سے بھاری ہو جائے گا اور اگر آسمان زمین اور جو کچھ ان میں ہے یہ سب لوہے کے طبق ہوتے اور بندہ لا إله إلا اللہ کہتا تو یہ ان سب کو پھاڑ کر اللہ تک پہنچ جاتا اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز مغرب ادا کی پس جس نے بیٹھنا تھا وہ بیٹھ گیا اور جسے جانا تھا وہ چلا گیا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور درآنحالیکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دونوں گھٹنوں کا کپڑا ذرا اونچا تھا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اب مسلمانوں کی جماعت خوش ہو جائے، یہ تمہارا رب ہے جس نے آسمان کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کھول دیا ہے اور فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کر رہا ہے اور فرما رہا ہے یہ میرے بندے ہیں جنہوں نے ایک فریضہ مکمل کر لیا ہے اور دوسرے کے انتظار میں ہیں۔''

۲۰۔ عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ یباهی باهل عرفات أهل السماء فيقول لهم أنظروا إلى عبادي جاءوني شعثا غبرا۔(۲)

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ آسمان والوں کے سامنے عرفات میں جمع ہونے والوں پر فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے:

(۱) احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۱۸۶، رقم: ۶۷۵۰

(۲) ابن خزیمہ، الصحیح، ۴: ۲۶۳، رقم: ۲۸۳۹

میرے بندوں کی طرف دیکھو کہ وہ میرے پاس پراگندہ اور غبار آلود بالوں کے ساتھ (یعنی عاشقانہ اور مجنونانہ روپ میں) آئے ہیں۔"

۲۱۔ عن جابر رضی الله عنه قال، قال رسول الله ﷺ: إذا كان يوم عرفة ان الله ينزل إلى السماء فيباهي بهم الملائكة فيقول انظروا إلى عبادي أتوني شعثا غبرا ضاحين من كل فج عميق أشهدكم إني قد غفرت لهم فتقول له الملائكة إي رب فيهم فلان يزهو و فلان و فلان قال يقول الله قد غفرت لهم قال رسول الله ﷺ: فما من يوم أكثر عتيقا من النار من يوم عرفة۔(۱)

"حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عرفہ والے دن اللہ تعالیٰ آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے اور فرشتوں کے سامنے اپنے بندوں پر فخر کرتے ہوئے فرماتا ہے: میرے ان بندوں کو ذرا دیکھو کہ میری طرف پراگندہ حال اور غبار آلود بال لئے ہوئے صبح کے وقت مختلف گہری گھاٹیوں سے آئے ہیں (یعنی عاشقانہ اور مجنونانہ روپ دھار کر آئے ہیں)۔ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے انہیں بخش دیا ہے۔ فرشتے اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے ہیں: باری تعالیٰ! ان میں تو فلاں فلاں متکبر شخص بھی تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے اسے بھی (ان عاشقوں کے صدقے میں) بخش دیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یوم عرفہ سے بڑھ کر کوئی دن ایسا نہیں جس دن اتنے زیادہ لوگ آگ سے آزاد کئے جاتے ہوں۔"

(۱) ابن خزیمہ، الصحیح، ۴:۲۶۳، رقم: ۲۸۴۰

فصل: ۴

# الملائكة يطوفون فی الطرق و يبتغون مجالس الذكر

﴿فرشتے مجالسِ ذِکر کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں﴾

۲۲۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم: ان لله ملائكة يطوفون فی الطرق يلتمسون أهل الذكر، فإذا وجدوا قوما يذكرون الله، تنادوا: هلموا إلی حاجتكم ...... إلی آخر الحديث۔(۱)

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو راستوں میں اہلِ ذکر کی تلاش میں پھرتے رہتے ہیں، جب وہ کہیں ذکر کرنے والوں کو پا لیتے ہیں تو دوسرے فرشتوں کو پکارتے ہیں کہ ادھر اپنے مقصود کی طرف آ جاؤ۔‘‘

۲۳۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وآله وسلم قال: ان لله تبارک و تعالی ملائكة سيارة فضلا يتبعون مجالس الذكر فاذا وجدوا مجلسا فيه ذكر قعدوا معهم ...... إلی آخر الحديث۔(۲)

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۵۳، رقم: ۶۰۴۵
۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۱۳۹، رقم: ۸۵۷
۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۹، رقم: ۵۳۱
۴۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۳۴۵
۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۸، رقم: ۲۳۱۶

(۲) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۹، رقم: ۲۶۸۹
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۲۵۲، رقم: ۷۴۲۰

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ کے کچھ گشت کرنے والے فرشتے ایسے ہیں جو ذکر کی مجالس ڈھونڈتے پھرتے ہیں، جب وہ ذکر کی کوئی مجلس دیکھتے ہیں تو ان اہل ذکر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں۔‘‘

**۲۴۔ عن أبی هريرة أو عن أبی سعيد قال: قال رسول الله ﷺ: إن لله ملائكة سياحين في الأرض، فضلا عن كتّاب الناس، فاذا وجدوا أقواما يذكرون الله تنادوا: هلموا إلى بغيتكم ...... إلى آخر الحديث۔(۱)**

’’حضرت ابوہریرہ یا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بہت سے فرشتے ایسے ہیں جو کراماً کاتبین کے علاوہ زمین میں پھرتے رہتے ہیں، جب کچھ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ اپنے مقصود کی طرف آؤ۔‘‘

**۲۵۔ عن ابی هريرة ﷺ ان رسول الله ﷺ قال: إن لله ملائكة سيارة و فضلاء يلتمسون مجالس الذكر في الارض ...... إلى آخر الحديث۔(۲)**

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو امور پر مقرر کیے گئے ملائکہ کے علاوہ ہیں، وہ (ایک خاص

---

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲:۳۸۲، رقم: ۸۹۶۰

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲:۲۵۹، رقم: ۲۳۱۶

۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴:۲۴۴، رقم: ۵۵۲۳

(۱) ترمذی، الجامع الصحیح، ۵:۵۷۹، رقم: ۳۶۰۰

(۲) حاکم، المستدرک، ۱:۶۷۲، رقم: ۱۸۲۱

مقصد کے لئے) گھومتے رہتے ہیں (اور) زمین پر مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں۔‘‘

**۲۶۔ عن ابی ھریرة رضی الله عنه قال قال رسول اللہ صلی الله علیه وآله وسلم ان للہ ملائکة سیارة فضلا یلتمسون مجالس الذکر ...... إلی آخر الحدیث۔(۱)**

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو امور پر مقرر کیے گئے ملائکہ کے علاوہ ہیں، وہ (ایک خاص مقصد کے لئے) گھومتے رہتے ہیں (اور) مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں۔‘‘

**۲۷۔ عن انس عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال: إن للہ من الملائکة یطلبون حلق الذکر ...... إلی آخر الحدیث۔(۲)**

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے حلقاتِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں۔‘‘

---

(۱) طیالسی، المسند: ۳۱۹، رقم: ۲۴۳۴

(۱) ۱۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۷

۲۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۲۶۰، رقم: ۲۳۲۲

۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۳۴۶

# فصل: ۵

## الملائکۃ یحفون مجالس الذکر بأجنحتهم

### ﴿فرشتے مجالسِ ذکر کو اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں﴾

۲۸۔ عن أبی هریرة و ابی سعید الخدری: انهما شهدا علی النبی ﷺ انه قال: لا یقعد قوم یذکرون الله عزوجل إلا حفتهم الملائکة و غشیتهم الرحمة و نزلت علیهم السکینة و ذکرهم الله فیمن عنده۔(۱)

’’حضرت ابوہریرہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہما دونوں حضور نبی اکرم ﷺ کی

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۷۴، رقم: ۲۷۰۰
۲۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۴۵۹، رقم: ۳۳۷۸
۳۔ ابن ماجہ، السنن، ۲: ۱۲۴۵، رقم: ۳۷۹۱
۴۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۶۰، رقم: ۲۹۴۷۵
۵۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۲: ۱۳۷، رقم: ۱۵۰۰
۶۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۹۲، رقم: ۱۱۸۹۳
۷۔ طیالسی، المسند، ۱: ۲۹۶، رقم: ۲۲۳۳
۸۔ طیالسی، المسند، ۱: ۳۱۴، رقم: ۲۳۸۶
۹۔ ابویعلی، المسند، ۲: ۴۴۴، رقم: ۱۲۵۲
۱۰۔ ابویعلی، المسند، ۱۱: ۲۰، رقم: ۶۱۵۹
۱۱۔ ابویعلی، المسند، ۱۱: ۲۱، رقم: ۶۱۶۰
۱۲۔ عبد بن حمید، المسند، ۱: ۲۷۴، رقم: ۸۶۱
۱۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۹، رقم: ۵۳۰
۱۴۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۲۶۴، رقم: ۲۳۲۸

بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بھی لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے بیٹھتے ہیں انہیں فرشتے ڈھانپ لیتے ہیں اور رحمت انہیں اپنی آغوش میں لے لیتی ہے اور ان پر سکینہ نازل ہوتی ہے اللہ تعالیٰ ان کا تذکرہ اپنی جماعت میں کرتا ہے۔‘‘

**۲۹۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: ان لله ملائكة يطوفون في الطرق يلتمسون أهل الذكر، فإذا وجدوا قوما يذكرون الله، تنادوا: هلموا إلى حاجتكم۔ قال: فيحفونهم بأجنحتهم إلى السماء الدنيا ...... إلى آخر الحديث۔(۱)**

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو راستوں میں اہلِ ذکر کی تلاش میں پھرتے رہتے ہیں، جب وہ کہیں ذکر کرنے والوں کو پا لیتے ہیں تو دوسرے فرشتوں کو پکارتے ہیں کہ ادھر اپنے مقصود کی طرف آجاؤ۔ ارشاد فرمایا: پھر وہ آسمانِ دنیا تک ان پر اپنے پروں سے سایہ فگن ہوجاتے ہیں۔‘‘

**۳۰۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال: ان لله تبارک و تعالى ملائكة سيارة فضلا يتبعون مجالس الذكر فاذا وجدوا مجلسا فيه ذكر قعدوا معهم، وحف بعضهم بعضا بأجنحتهم حتى يملؤا ما بينهم**

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۵:۲۳۵۳، رقم: ۶۰۴۵
۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۳:۱۳۹، رقم: ۸۵۷
۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱:۳۹۹، رقم: ۵۳۱
۴۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱:۳۴۵
۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲:۲۵۸، رقم: ۲۳۱۶

و بین السماء الدنیا ...... إلی آخر الحدیث۔(۱)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ کے کچھ گشت کرنے والے فرشتے ایسے ہیں جو ذکر کی مجالس ڈھونڈتے ہیں، جب وہ ذکر کی کوئی مجلس دیکھتے ہیں تو ان اہلِ ذکر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں اور بعض فرشتے اپنے پروں سے دوسرے فرشتوں کو ڈھانپ لیتے ہیں، حتی کہ زمین سے لے کر آسمانِ دنیا تک کی جگہ بھر جاتی ہے۔''

۳۱۔ عن ابی ھریرة او عن ابی سعید قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان للہ ملائکة سیاحین فی الارض، فضلا عن کتّاب الناس، فاذا وجدوا اقواما یذکرون اللہ تنادوا: ھلموا الی بغیتکم فیجیئون فیحفون بھم إلی سماء الدنیا ...... إلی آخر الحدیث۔(۲)

''حضرت ابوہریرہ یا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بہت سے فرشتے ایسے ہیں جو کراماً کاتبین کے علاوہ زمین میں پھرتے رہتے ہیں، جب کچھ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ اپنے مقصود کی طرف آؤ۔ چنانچہ وہ آتے ہیں اور اہل مجلس کو آسمان دنیا تک ڈھانپ لیتے ہیں۔''

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴:۲۰۶۹، رقم: ۲۶۸۹
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲:۲۵۲، رقم: ۷۴۲۰
۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲:۳۸۲، رقم: ۸۹۶۰
۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲:۲۵۹، رقم: ۲۳۱۶
۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴:۲۴۴، رقم: ۵۵۲۳
(۲) ترمذی، الجامع الصحیح، ۵:۵۷۹، رقم: ۳۶۰۰

۳۲۔ عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال: إن لله ملائكة سيارة و فضلاء يلتمسون مجالس الذكر في الارض، فاذا أتوا على مجلس ذكر حف بعضهم بعضا بأجنحتهم الى السماء ...... إلى آخر الحديث۔(۱)

”حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو امور پر مقرر کیے گئے ملائکہ کے علاوہ ہیں، وہ (ایک خاص مقصد کے لئے) گھومتے رہتے ہیں (اور) زمین پر مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں۔ اور جب وہ کسی محفلِ ذکر میں آتے ہیں تو ایک دوسرے کو پروں کے ذریعے آسمان تک ڈھانپ لیتے ہیں۔“

۳۳۔ عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ان لله ملائكة سيارة فضلا يلتمسون مجالس الذكر، فاذا اتوا على قوم يذكرون الله عزوجل جلسوا فاظلوهم باجنحتهم ما بينهم و بين السماء الدنيا ...... إلى آخر الحديث۔(۲)

”حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو امور پر مقرر کیے گئے ملائکہ کے علاوہ ہیں، وہ (ایک خاص مقصد کے لئے) گھومتے رہتے ہیں (اور) مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں۔ جب وہ اللہ عزوجل کا ذکر کرنے والوں کے پاس آتے ہیں تو وہاں بیٹھ جاتے ہیں اور ان کے اوپر آسمانِ دنیا تک اپنے پروں سے سایہ فگن ہو جاتے ہیں۔“

۳۴۔ عن انس عن النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال: إن لله من الملائكة يطلبون حلق

---

(۱) حاکم، المستدرک، ۱: ۶۷۲، رقم: ۱۸۲۱

(۲) طیالسی، المسند: ۳۱۹، رقم: ۲۴۳۴

الذكر فاذا حفوا عليهم ...... إلى آخر الحديث۔(۱)

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے حلقاتِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں، جب وہ ان کے پاس آتے ہیں تو انہیں ڈھانپ لیتے ہیں۔''

**۳۵۔ عن أنس رضی اللہ عنہ، عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال: إن لله سيارة من الملائكة يطلبون حلق الذكر فإذا حفوا عليهم و أتوا بهم ثم بعثوا رائدهم إلى السماء إلى رب العزة تبارک و تعالى۔(۲)**

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ذکر کے حلقوں کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔ جب وہ ان ذکر کرنے والوں کے پاس آتے ہیں تو وہ انہیں ڈھانپ لیتے ہیں پھر وہ اپنے سربراہ کو آسمان کی طرف اللہ رب العزت کی بارگاہ میں بھیج دیتے ہیں۔''

---

(۱) ۱۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۷

۲۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۶۰، رقم: ۲۳۲۲

۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۳۴۶

(۲) ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۷

# فصل : ٦

## يسألُ اللهُ الملائكةَ عن أحوالِ الذّاكرين

### ﴿اللہ تعالیٰ فرشتوں سے اہلِ ذکر کا حال دریافت فرماتا ہے﴾

٣٦۔ عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ ان لله ملائكة فضلا عن كتاب الناس يمشون فی الطرق يلتمسون الذكر فاذا راوا اقواما يذكرون الله تبارک و تعالى تنادوا هلموا الى حاجاتكم فيحفون باجنحتهم الى السماء فيسالهم ربهم جل و علا وهو اعلم بهم فيقول عبادى ما يقولون فيقولون يا رب يسبحونک و يحمدونک فيقول هل راونى فيقولون لا فيقول كيف لو راونى فيقولون لو راوک لكانوا اشد تسبيحا و تمجيدا و تكبيرا و تحميدا فيقول ماذا يسالون فيقولون يسالونک يا رب الجنة فيقول لهم هل راوها فيقولون لا فيقول كيف لو راوها فيقولون لو قد راوها كانوا اشد طلبا و اشد حرصا فيقول فمم يتعوذون فيقولون يتعوذون بک من النار فيقول فهل راوها فيقولون لا فيقول كيف لو راوها فيقولون لو قد راوها كانوا اشد تعوذا فيقول فانی اشهدكم انی قد غفرت لهم۔(١)

''حضرت ابوہریرہ ؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لوگوں کے اعمال لکھنے پر مامور کیے گئے (کراماً کاتبین) کے علاوہ فرشتے ہیں جو راستوں میں چلتے ہیں اور اللہ کے اہلِ ذکر تلاش کرتے رہتے ہیں جب وہ اہلِ ذکر کو دیکھتے ہیں تو دوسرے فرشتوں کو پکارتے ہیں کہ ادھر اپنے مقصود کی

(١) ابن حبان، الصحیح، ٣: ١٣٧، ١٣٨، رقم: ٨٥٦

طرف آؤ۔ پھر وہ آسمان تک ان پر اپنے پروں سے سایہ فگن ہو جاتے ہیں۔ پھر ان سے انکا رب پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے۔ اللہ ان سے کہتا ہے کہ میرے بندے کیا کہتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے رب! وہ آپ کی پاکی اور آپ کی تعریف بیان کرتے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے کہ کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ تو وہ عرض کرتے ہیں کہ نہیں۔ اللہ تعالی فرماتا ہے اگر وہ مجھے دیکھ لیں تو ان کی حالت کیا ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ آپ کو دیکھ لیں تو آپ کی بہت زیادہ تسبیح کریں اور بزرگی اور بڑائی اور تعریف کریں۔ پھر اللہ فرماتا ہے کہ وہ کیا مانگتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے رب! وہ آپ سے جنت مانگتے ہیں۔ پھر اللہ تعالی فرماتا ہے: کیا انہوں نے اس کو دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ نہیں۔ پھر اللہ فرماتا ہے کہ اگر وہ اس کو دیکھ لیں تو ان کی کیا حالت ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس کی شدید طلب اور حرص کرتے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ وہ آپ کی دوزخ سے پناہ مانگتے ہیں۔ پھر اللہ فرماتا ہے کہ کیا انہوں نے اس کو دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ نہیں۔ پھر فرماتا ہے: اگر وہ اس کو دیکھ لیں تو ان کی کیا حالت ہو؟ تو وہ عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ اس کو دیکھ لیں تو وہ بہت زیادہ پناہ مانگیں۔ پھر اللہ فرماتا ہے کہ میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے انہیں بخش دیا۔‘‘

۳۷۔ عن ابی ھریرۃ او عن ابی سعید قال: قال رسول اللہ ﷺ ان للہ ملائکۃ سیاحین فی الارض، فضلا عن کتّاب الناس، فاذا وجدوا اقواما یذکرون اللہ تنادوا: ھلموا الی بغیتکم فیجیئون فیحفون بھم الی سماء الدنیا فیقول اللہ: أی شئ ترکتم عبادی یصنعون؟ فیقولون: ترکناھم یحمدونک و یمجدونک ویذکرونک قال: فیقول: فھل رأونی؟ فیقولون: لا، قال: فیقول: فکیف لو رأونی؟ قال: فیقولون: لو

رأوك لكانوا أشد تحميدا و أشد تمجيدا و أشد لک ذکرا، قال: فيقول: و أيّ شيء يطلبون؟ قال: فيقولون: يطلبون الجنة، قال: فيقول: و هل رأوها؟ قال: فيقولون: لا، فيقول: فكيف لو رأوها؟ قال: فيقولون: لو رأوها لكانوا أشد لها طلبا، قال: فيقول: فمن أي شيء يتعوذون؟ قالوا: يتعوذون من النار، قال: فيقول: و هل رأوها؟ فيقولون: لا، فيقول: فكيف لو رأوها؟ فيقولون: لو رأوها لكانوا منها أشد هربا، و أشد منها خوفا، و أشد منها تعوذا، قال: فيقول: فإني أشهدكم أني قد غفرت لهم، فيقولون: إن فيهم فلانا الخطاء، لم يردهم إنما جاءهم لحاجة، فيقول: هم القوم لا يشقي لهم جليس۔(۱)

''حضرت ابوہریرہ یا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بہت سے فرشتے ایسے ہیں جو کراماً کاتبین کے علاوہ زمین میں پھرتے ہیں، جب کچھ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ اپنے مقصود کی طرف آؤ۔ چنانچہ وہ آتے ہیں اور اہل مجلس کو آسمان دنیا تک ڈھانپ لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندوں کو کس حالت پر چھوڑ کر آئے ہو؟ وہ عرض کرتے ہیں: ہم نے آپ کے بندوں کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ آپ کی حمد اور پاکیزگی بیان کر رہے تھے اور تیرا ذکر کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا ان لوگوں نے مجھے دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: ''نہیں''۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو ان کی حالت کیا ہوتی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: (یا اللہ!) اگر وہ آپ کو دیکھ لیں تو (پہلے سے

(۱) ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۵۷۹، رقم: ۳۶۰۰

کہیں زیادہ آپ کی تعریف اور بزرگی اور کہیں زیادہ آپ کا ذکر کریں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کیا مانگتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: وہ جنت مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: نہیں۔ ارشاد ہوتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیفیت کیا ہوتی؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس کی شدید طلب اور حرص کرتے۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: (جہنم کی) آگ سے پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: کیا انہوں نے جہنم کو دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں ''نہیں''۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کا کیا حال ہوتا؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: (یا اللہ!) اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس سے بہت زیادہ بھاگتے، بہت ڈرتے اور پناہ مانگتے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فرشتو! گواہ رہو کہ میں نے انہیں بخش دیا۔ وہ عرض کرتے ہیں: (الٰہی!) ان میں فلاں آدمی بہت گناہگار ہے، وہ ذکر سننے کے لئے نہیں بلکہ اپنے کسی کام کے لئے آیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ وہ لوگ ہیں جن کا ہمنشین بھی محروم اور بدبخت نہیں رہتا۔''

**۳۸۔ عن أبي هریرة رضی اللہ عنہ، أن رسول اللہ ﷺ قال: یتعاقبون فیکم ملائکة باللیل و ملائکة بالنهار، و یجتمعون فی صلاة الفجر و صلاة العصر، ثم یعرج الذین یأتوا فیکم فیسألهم ربهم و هو أعلم بهم: کیف ترکتم عبادی؟ فیقولون: ترکناهم و هم یصلون، و أتیناهم و هم یصلون۔(۱)**

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۱: ۲۰۳، رقم: ۵۳۰
۲۔ مسلم، الصحیح، ۱: ۴۳۹، رقم: ۶۳۲

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رات اور دن کے فرشتے تم میں باری باری آتے رہتے ہیں اور نمازِ فجر اور نمازِ عصر کے وقت اکٹھے ہوتے ہیں، پھر جو تمہارے پاس آئے تھے وہ اوپر چڑھ جاتے ہیں تو ان کا رب ان سے پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان کے حال کو خوب جانتا ہے: تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: ہم نے اس حال میں چھوڑا کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے اور جب ہم ان کے پاس گئے تب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔‘‘

۳۹۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: ان لله ملائكة يطوفون في الطرق يلتمسون اهل الذكر فاذا وجدوا قوما يذكرون الله تنادوا: هلموا الى حاجتكم قال: فيحفونهم باجنحتهم إلى السماء الدنيا قال: فيسألهم ربهم وهو اعلم منهم ما يقول عبادی؟ قال: تقول: يسبحونک و يكبرونک و يحمدونک و يمجدونک، قال: فيقول: هل رأونی؟ قال فيقولون: لا والله ما رأوک، قال فيقول: و كيف لو رأونی؟ قال: يقولون لو رأوک كانوا اشد لک عبادة و أشد لک تمجيدا و اكثر لک تسبيحا، قال يقول: فما يسألونی؟ قال: يسألونک الجنة، قال: يقول: و هل رأوها؟ قال: يقولون: لا والله يا رب ما رأوها، قال يقول: فكيف لو أنهم رأوها؟ قال: يقولون: لو أنهم رأوها كانو اشد عليها حرصا و اشد لها طلبا و اعظم فيها رغبة قال: فمم يتعوذون؟ قال: يقولون: من النار، قال: يقول: و هل رأوها؟ قال يقولون: لا والله يا رب ما رأوها قال: يقول: فكيف لو رأوها؟ قال:

يقولون: لو رأوها كانوا أشد منها فرارا و أشد لها مخافة، قال: فيقول: فأشهدكم اني قد غفرت لهم، قال: يقول ملك من الملائكة: فيهم فلان ليس منهم انما جاء لحاجة، قال: هم الجلساء لا يشقى بهم جليسهم۔(۱)

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو راستوں میں اہلِ ذکر کی تلاش میں پھرتے رہتے ہیں، جب وہ کہیں ذکر کرنے والوں کو پا لیتے ہیں تو دوسرے فرشتوں کو پکارتے ہیں کہ ادھر اپنے مقصود کی طرف آجاؤ۔ ارشاد فرمایا کہ پھر وہ آسمان دنیا تک اس پر اپنے پروں سے سایہ فگن ہوجاتے ہیں۔ پھر ان سے ان کا رب پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے کہ میرے بندے کیا کہتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ وہ تیری پاکی، بڑائی، تعریف اور بزرگی بیان کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ عرض کرتے ہیں: خدا کی قسم! آپ کو تو انہوں نے نہیں دیکھا آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اگر وہ مجھے دیکھ لیں تو پھر ان کی حالت کیا ہوگی؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ آپ کو دیکھ لیں تو آپ کی بہت زیادہ عبادت کریں، آپ کی بہت زیادہ بزرگی بیان کریں اور آپ کی بہت زیادہ تسبیح کریں۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ مجھ سے کیا مانگتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: وہ آپ سے جنت مانگتے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۵۳، رقم: ۶۰۴۵
۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۱۳۹، رقم: ۸۵۷
۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۹، رقم: ۵۳۱
۴۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۳۴۵
۵۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۲۵۸، رقم: ۲۳۱۶

فرماتا ہے: کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ عرض کرتے ہیں: اے پروردگار! خدا کی قسم، انہوں نے اسے بھی نہیں دیکھا۔ اللہ فرماتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو کیا ان کا کیا حال ہوتا؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس کی بہت زیادہ حرص، بہت زیادہ طلب اور بہت زیادہ رغبت رکھتے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: دوزخ سے؟ وہ فرماتا ہے: کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں: خدا کی قسم، انہوں نے اسے بھی نہیں دیکھا۔ وہ فرماتا ہے: اگر اسے دیکھ لیتے تو کیا حال ہوتا؟ وہ عرض کرتے ہیں: اگر انہوں نے اسے دیکھا ہوتا تو اور زیادہ بھاگتے اور زیادہ ڈرتے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: گواہ رہنا میں نے انہیں بخش دیا۔ کچھ فرشتے عرض کرتے ہیں: ان میں فلاں شخص ایسا بھی تھا جو (ذکر کے لیے نہیں بلکہ) اپنے کسی کام سے آیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ ان کے پاس تو بیٹھا ہے اور ان کی مجلس میں بیٹھنے والے محروم نہیں رہتے۔''

**۴۰۔ عن أبی هريرة ﷺ عن النبی ﷺ قال: ان لله تبارک و تعالی ملائکة سيارة فضلا يتبعون مجالس الذکر فاذا وجدوا مجلسا فيه ذکر قعدوا معهم وحف بعضهم بعضا بأجنحتهم حتی يملؤا ما بينهم و بين السماء الدنيا۔ فاذا تفرقوا عرجوا و صعدوا الی السماء قال: فيسألهم الله عزوجل وهو أعلم بهم: من أين جئتم؟ فيقولون: جئنا من عند عباد لک فی الارض، يسبحونک و يکبرونک و يهللونک و يحمدونک ويسألونک قال: وما ذا يسألونی؟ قالوا: يسألونک جنتک قال: وهل رأوا جنتی؟ قالوا: لا أی رب! قال: فکيف لو رأوا**

جنتي؟ قالوا: و يستجيرونک، قال: و مم يستجيروني؟ قالوا: من نارک يا رب! قال: وهل رأوا ناري؟ قالوا: لا، قال: فكيف لو رأوا ناري؟ قالوا: و يستغفرونک، قال: فيقول: قد غفرت لهم فأعطيتهم ما سألوا و أجرتهم مما استجاروا۔ قال: فيقولون: رب! فيهم فلان، عبد خطاء، انما مر فجلس معهم قال فيقول: و له غفرت هم القوم لا يشقى بهم جليسهم۔(۱)

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو مجالسِ ذکر کی تلاش میں پھرتے رہتے ہیں، جب وہ کہیں ان مجالسِ ذکر کو پا لیتے ہیں تو اہلِ ذکر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں اور پھر وہ آسمان دنیا تک اس پر اپنے پروں سے سایہ فگن ہوجاتے ہیں حتی کہ زمین سے لے کر آسمانِ دنیا تک کی جگہ بھر جاتی ہے۔ جب وہ مجلسِ ذکر سے اٹھ جاتے ہیں تو یہ فرشتے آسمان کی طرف چلے جاتے ہیں، پھر ان سے ان کا رب پوچھتا ہے کہ تم کہاں سے آئے ہو حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں: ہم زمین پر آپ کے بندوں کے پاس سے آئے ہیں، جو آپ کی تسبیح کر رہے تھے، آپ کی کبریائی بیان کر رہے تھے، آپ کی تہلیل کر رہے تھے، اور آپ کی حمد بیان کر رہے تھے اور آپ سے مانگ رہے تھے؟ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ مجھ سے کیا مانگ

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۹، رقم: ۲۶۸۹

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۲۵۲، رقم: ۷۴۲۰

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۳۸۲، رقم: ۸۹۶۰

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۹، رقم: ۲۳۱۶

۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴: ۲۴۳، رقم: ۵۵۲۳

رہے تھے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: وہ آپ سے آپ کی جنت مانگ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے میری جنت کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: نہیں، اے رب! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ میری جنت کو دیکھ لیتے تو ان کی حالت کیا ہوتی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اور وہ آپ کی پناہ طلب کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہ کس چیز سے میری پناہ مانگ رہے تھے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے رب! آپ کی دوزخ سے پناہ مانگ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے میری دوزخ کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ میری دوزخ کو دیکھ لیتے تو ان کی حالت کیا ہوتی! فرشتے عرض کرتے ہیں: وہ آپ سے مغفرت طلب کر رہے تھے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے ان کو بخش دیا اور جو کچھ انہوں نے مانگا وہ میں نے ان کو عطا کر دیا اور جس چیز سے انہوں نے پناہ مانگی اس سے میں نے ان کو پناہ دے دی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کچھ فرشتے عرض کرتے ہیں: ان میں فلاں گنہگار شخص بھی تھا، وہ اس مجلس کے پاس سے گزر رہا تھا اور ان کے ساتھ ویسے ہی بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے اس کو بھی بخش دیا (کیونکہ) یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے ساتھ بیٹھنے والا بھی محروم نہیں کیا جاتا۔‘‘

**۴۱۔ عن ابی ھریرة رضی الله عنه ان رسول الله ﷺ قال: إن لله ملائكة سيارة و فضلاء يلتمسون مجالس الذكر في الارض فاذا أتوا على مجلس ذكر حف بعضهم بعضا بأجنحتهم الى السماء فيقول تبارك و تعالى: من اين جئتم؟ و هو اعلم، فيقولون: ربنا جئنا من عند عبادك يسبحونك و يكبرونك و يحمدونك و يهللونك و يسألونك و يستجيرونك، فيقول: ما يسألوني وهو اعلم فيقولون**

ربنا یسالونک الجنة فیقول وهل راوها فیقولون لا یا رب فیقول کیف لو راوها فیقول ومم یستجیروننی وهو اعلم فیقولون من النار فیقول هل راوها فیقولون لا فیقول فکیف لو راوها ثم یقول اشهدوا انی قد غفرت لهم و اعطیتهم ما سالونی و اجرتهم مما استجارونی فیقولون ربنا ان فیهم عبدا خطاء جلس الیهم و لیس معهم فیقول وهو ایضا قد غفرت له هم القوم لا یشقی بهم جلیسهم۔(۱)

''حضرت ابو ہریرہ ﷛ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو امور پر مقرر کیے گئے ملائکہ کے علاوہ ہیں، وہ (ایک خاص مقصد کے لیے) گھومتے رہتے ہیں۔ (اور) زمین پر مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں اور جب وہ کسی مجلسِ ذکر میں آتے ہیں تو ایک دوسرے کو پروں کے ذریعے آسمان تک ڈھانپ لیتے ہیں۔ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے: ...... حالانکہ اس کو ان سے زیادہ علم ہوتا ہے ...... کہاں سے آرہے ہو؟ تو ملائکہ عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہم آپ کے بندوں کے پاس سے آئے ہیں جو آپ کی تسبیح، تکبیر، تحمید اور تہلیل کر رہے تھے اور آپ سے سوال کر رہے تھے اور آپ کی پناہ مانگ رہے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے: وہ مجھ سے کیا مانگ رہے تھے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! وہ آپ سے جنت کا سوال کر رہے تھے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے رب! نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی۔ پھر اللہ تعالیٰ دریافت فرماتا ہے حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے: اور وہ کس چیز سے میری پناہ مانگ رہے تھے۔ فرشتے

(۱) حاکم، المستدرک، ۱:۶۷۲، رقم: ۱۸۲۱

عرض کرتے ہیں: (دوزخ کی) آگ سے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا انہوں نے اسے دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی حالت کیا ہوتی! پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: گواہ رہو کہ میں نے ان کی بخشش فرما دی اور جس چیز کا انہوں نے مجھ سے سوال کیا تھا میں نے انہیں عطا فرما دی اور انہوں نے جس چیز کے شر سے میری پناہ مانگی میں نے انہیں اس چیز سے پناہ دے دی۔ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ان میں ایک بہت گناہگار بندہ بھی تھا جو (اپنے کسی کام کے لیے) ان کے ساتھ جا بیٹھا تھا حالانکہ وہ ان میں سے نہیں تھا۔ باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: میں نے اسے بھی بخش دیا ہے کیونکہ وہ ایسے (بابرکت) لوگ ہیں کہ ان کی مجلس میں بیٹھنے والا بھی محروم اور بدبخت نہیں رہتا۔"

۴۲۔ عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ ان للہ ملائکة سیارة فضلا یلتمسون مجالس الذکر فاذا اتوا علی قوم یذکرون اللہ عزوجل جلسوا فاظلوھم باجنحتھم ما بینھم و بین السماء الدنیا فاذا قاموا عرجوا الی ربھم فیقول تبارک و تعالی وھو اعلم من این جئتم فیقولون جئنا من عند عباد لک یسبحونک و یمجدونک و یحمدونک و یھللونک و یکبرونک و یستجیرونک من عذابک و یسالونک جنتک فیقول تبارک و تعالی وھل راوا جنتی و ناری فیقولون لا فیقول فکیف لو رأوھما قال فیقول اشھدکم فقد اجرتھم مما استجاروا و اعطیتھم ما سالوا فیقال ان فیھم رجلا مر بھم فقعد معھم فیقول ولہ قد غفرت انھم قوم لا یشقی بھم

جلیسھم۔(۱)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو امور پر مقرر کیے گئے ملائکہ کے علاوہ ہیں، وہ (ایک خاص مقصد کے لئے) گھومتے رہتے ہیں (اور) مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں۔ جب وہ اہلِ ذکر کے پاس آتے ہیں تو ان کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں اور ان کے اوپر آسمانِ دنیا تک اپنے پروں سے سایہ فگن ہو جاتے ہیں۔ جب اہلِ ذکر (محفلِ ذکر سے) اُٹھتے ہیں تو ملائکہ اپنے رب کے پاس واپس چلے جاتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ان سے فرماتا ہے حالانکہ وہ ان سے بہتر جانتا ہے: تم کہاں سے آئے ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: ہم آپ کے بندوں کے پاس سے آئے ہیں جو آپ کی تسبیح، بزرگی، تعریف، تہلیل اور تکبیر میں مصروف تھے، وہ آپ سے آپ کے عذاب کی پناہ مانگ رہے تھے اور آپ سے آپ کی جنت کا سوال کر رہے تھے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے: اور کیا انہوں نے میری جنت و دوزخ کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی! حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ انہوں نے جس چیز سے میری پناہ مانگی تھی میں نے انہیں اس سے پناہ دے دی اور جس چیز کا سوال کیا تھا وہ بھی انہیں عطا فرما دی۔ کچھ فرشتے عرض کرتے ہیں: ان میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جو وہاں سے گزر رہا تھا کہ ان کے ساتھ جا بیٹھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں نے اسے بھی بخش دیا کیونکہ وہ ایسے (بابرکت) لوگ ہیں کہ جن کے ساتھ بیٹھنے والا بھی محروم اور بدبخت نہیں رہتا۔''

---

(۱) طیالسی، المسند: ۳۱۹، رقم: ۲۴۳۴

فصل: ۷

## الذکر خیر من القتال فی سبیل الله ﷻ

## ﴿ذِکر اللہ کی راہ میں قتال سے بہتر ہے﴾

۴۳۔ عن أبی سعید الخدری ﷺ، أن رسول الله سئل: أی العباد أفضل درجة عند الله یوم القیامة؟ قال: الذاکرون الله کثیرا و الذاکرات۔ قلت: یا رسول الله صلی الله علیك و آلك و سلم! و من الغازی فی سبیل الله؟ قال: لو ضرب بسیفه فی الکفار والمشرکین حتی ینکسر، و یختضب دما لکان الذاکرون الله أفضل۔(۱)

''حضرت ابو سعید خدری ﷺ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ سے پوچھا گیا کہ کون لوگ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں درجہ میں افضل ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے اور کرنے والیاں ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك و آلك و سلم! اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے سے بھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص اپنی تلوار کافروں اور مشرکوں پر اس قدر چلائے کہ وہ ٹوٹ جائے اور خون آلود ہو جائے پھر

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۴۵۸، رقم: ۳۳۷۶

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۷۵، رقم: ۱۱۷۳۸

۳۔ ابو یعلی، المسند، ۲: ۵۳۰، رقم: ۱۴۰۱

۴۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۲۳۸

۵۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۴۴

۶۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۴، رقم: ۲۲۹۶

۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۸۹

بھی اللہ کا ذکر کرنے والے درجہ میں افضل ہیں۔‘‘

**۴۴۔ عن معاذ ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: ما عمل ابن آدم عملا أنجی له من النار من ذکر اللہ۔ قالوا: یا رسول اللہ** صلی اللہ علیك وآلك وسلم! **ولا الجهاد فی سبیل اللہ؟ قال: و لا الجهاد فی سبیل اللہ عملا بسیفک حتی ینقطع، ثم عملا بسیفک من ینقطع، ثم عملا به حتی ینقطع۔(۱)**

’’حضرت معاذ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابن آدم کا کوئی عمل اللہ کے ذکر سے زیادہ آگ سے نجات دینے والا نہیں۔ لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وآلك وسلم! جہاد فی سبیل اللہ بھی؟ فرمایا: اور جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں اگرچہ تو اس حد تک قتال کرے کہ تیری کی تلوار ٹوٹ جائے، پھر تو اپنی تلوار کے ساتھ قتال کرے یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائے، تو پھر یہی عمل کرے یہاں تک کہ تیری تلوار ٹوٹ جائے۔‘‘

**۴۵۔ عن معاذ بن جبل ﷺ، قال: ما عمل آدمی عملا أنجی له من عذاب اللہ من ذکر اللہ۔ قالوا: یا أبا عبد الرحمن! و لا الجهاد فی سبیل اللہ ﷻ؟ قال: ولا إلی أن یضرب بسیفه حتی ینقطع لأن اللہ ﷻ یقول فی کتابه: ﴿وَ لَذِكْرُ اللهِ اَكْبَرُ﴾(۲)۔(۳)**

---

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۵۷، رقم: ۲۹۴۵۲

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۶۹، رقم: ۳۵۰۴۶

۳۔ عبد بن حمید، المسند، ۱: ۷۳، رقم: ۱۲۷

۴۔ ابن عبدالبر، التمہید، ۶: ۵۷

(۲) القرآن، العنکبوت، ۲۹: ۴۵

(۳) ۱۔ ابن ابی عاصم، کتاب الزہد، ۱: ۱۸۴

←

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ فرماتے ہیں کہ آدمی کا کوئی عمل اللہ کے ذکر سے زیادہ اللہ کے عذاب سے نجات دینے والا نہیں۔ لوگوں نے کہا: اے ابو عبدالرحمٰن! کیا اللہ کے راستے میں جہاد بھی؟ فرمایا: نہیں، اگرچہ وہ اپنی تلوار اس قدر چلائے کہ وہ ٹوٹ جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ''اور اللہ کا ذکر سب سے بڑی چیز ہے۔''

**۴۶۔ عن عبد الله بن عمرو ﷺ، قال: ذكر الله الغداة و العشي أعظم من حطم السيوف في سبيل الله و إعطاء المال سحا۔(۱)**

''حضرت عبد اللہ بن عمرو ﷺ نے کہا: صبح و شام اللہ کا ذکر کرنا اللہ کی راہ میں تلواروں کے توڑنے اور مال کے بے دریغ خرچ کرنے سے زیادہ عظیم ہے۔''

**۴۷۔ عن أنس بن مالک ﷺ، قال: لذكر الله في الغداة و العشی خير من حطم السيوف في سبيل الله ﷻ۔(۲)**

''حضرت انس بن مالک ﷺ فرماتے ہیں: صبح و شام اللہ کا ذکر کرنا اللہ کی راہ میں تلواروں کے توڑنے سے زیادہ بہتر ہے۔''

---

۲۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۱: ۲۳۵

۳۔ ابن عبدالبر، التمہید، ۶: ۵۷

۴۔ ذہبی، سیر اعلام النبلاء، ۱: ۴۵۵

(۱) ۱۔ ابن ابي شيبہ، المصنف، ۶: ۵۸، رقم: ۲۹۴۵۶

۲۔ ابن ابي شيبہ، المصنف، ۷: ۱۷۰، رقم: ۳۵۰۴۷

۳۔ ابن المبارک، الزہد، ۱: ۳۹۴، رقم: ۱۱۱۶

۴۔ ابن عبدالبر، التمہید، ۶: ۵۹

(۲) دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۳: ۴۵۴، رقم: ۵۴۰۲

## فصل : ۸

# الذاکرون افضل من المجاهدین درجة و اجرا

## ﴿ اہلِ ذِکر درجہ اور اَجر و ثواب میں مجاہدین سے بھی افضل ہیں ﴾

۴۸۔ عن أبی سعید الخدری رضی الله عنه، أن رسول الله سئل: أی العباد أفضل درجة عند الله یوم القیامة؟ قال: الذاکرون الله کثیرا و الذاکرات۔ قلت: یا رسول الله صلی الله علیك و آلك و سلم! و من الغازی فی سبیل الله؟ قال: لو ضرب بسیفه فی الکفار والمشرکین حتی ینکسر، و یختضب دما لکان الذاکرون الله أفضل۔(۱)

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون لوگ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں درجہ میں افضل ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے اور کرنے والیاں ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك و آلك و سلم! اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے سے بھی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی شخص اپنی تلوار کافروں اور مشرکوں پر اس قدر چلائے کہ وہ ٹوٹ جائے اور خون آلود ہو جائے پھر

---

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۴۵۸، رقم: ۳۳۷۶

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۷۵، رقم: ۱۱۷۳۸

۳۔ ابو یعلی، المسند، ۲: ۵۳۰، رقم: ۱۴۰۱

۴۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۳۸

۵۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۴۴

۶۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۴، رقم: ۲۲۹۶

۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۸۹

بھی اللہ کا ذکر کرنے والے درجہ میں افضل ہیں۔‘‘

۴۹۔ **عن معاذ بن جبل ﷺ، قال: لو أن رجلين يحمل أحدهما على الجياد في سبيل الله، و الآخر يذكر الله لكان أفضل أو أعظم أجرا الذاكر۔(۱)**

’’حضرت معاذ بن جبل ﷺ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں: اگر دو شخص ہوں اور ان میں سے ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے گھوڑے پر سوار ہوتا ہے اور دوسرا اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اللہ کا ذکر کرنے والے کا اجر و ثواب اس سے زیادہ ہے۔‘‘

۵۰۔ **قال عبد الله: لو أن رجلا بات يحمل على الجياد في سبيل الله، و بات رجل يتلو كتاب الله لكان ذاكر الله أفضلهما۔(۲)**

’’حضرت عبد اللہ نے فرمایا: اگر دو آدمیوں میں سے ایک آدمی اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے رات گھوڑے پر گزارے اور دوسرا اللہ کا ذکر و تلاوت کرتا رہے تو ان میں ذکر کرنے والا زیادہ افضل ہے۔‘‘

---

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۵۸، رقم: ۲۹۴۶۲
۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۷۰، رقم: ۳۵۰۵۶
۳۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۱۵۰

(۲) ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۱۳۴، رقم: ۳۰۰۸۹

## فصل: ۹

# الذکر أفضل من إنفاق الذھب و الفضۃ فی سبیل اللہ

﴿ذِکر اللہ کی راہ میں سونے اور چاندی کی خیرات سے بھی افضل ہے﴾

۵۱۔ عن أبی الدرداء ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: ألا أنبئکم بخیر أعمالکم و أزکاھا عند ملیککم، و أرفعھا فی درجاتکم، و خیر لکم من إنفاق الذھب و الورق و خیر لکم من أن تلقوا عدوکم، فتضربوا أعناقھم و یضربوا أعناقکم؟ قالوا: بلی۔ قال: ذکر اللہ، قال معاذ بن جبل ﷺ: ما شیٔ أنجی من عذاب اللہ من ذکر اللہ۔(۱)

''حضرت ابو درداء ﷺ نے بیان کیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں تمہارے اعمال میں سب سے اچھا عمل نہ بتاؤں جو تمہارے مالک کے ہاں بہتر اور پاکیزہ ہے؛ تمہارے درجات میں سب سے بلند ہے؛ تمہارے سونے اور چاندی کی خیرات سے بھی افضل ہے، اور تمہارے دشمن کا سامنا کرنے یعنی جہاد سے بھی بہتر ہے درآنحالیکہ تم انہیں قتل کرو اور وہ تمہیں؟ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا:

---

۴۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵:۱۹۵، رقم: ۲۱۷۵۰

۵۔ حاکم نے 'المستدرک (۱:۶۷۳، رقم: ۱۸۲۵)' میں اس حدیث کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔

۶۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱:۳۹۴، رقم: ۵۱۹

۷۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲:۲۵۳، رقم: ۲۲۹۴

۸۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰:۷۳

کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: وہ عمل اللہ کا ذکر ہے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: کوئی چیز ایسی نہیں جو اللہ کے ذکر سے بڑھ کر عذابِ الٰہی سے نجات دلانے والی ہو۔‘‘

۵۲۔ عن معاذ بن أنس رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: الذکر یفضل علی النفقۃ فی سبیل اللہ مائۃ ضعف۔(۱)

’’حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ذکر کو اِنفاق فی سبیل اللہ پر سوگنا فضیلت حاصل ہے۔‘‘

۵۳۔ عن معاذ بن أنس رضی اللہ عنہ، عن رسول اللہ ﷺ، قال: إن الذکر فی سبیل اللہ یضعف فوق النفقۃ بسبع مائۃ ضعف۔(۲)

’’حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک ذِکر اِنفاق فی سبیل للہ پر سات سوگناہ فضیلت رکھتا ہے۔‘‘

۵۴۔ عن معاذ بن أنس رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: إن الصلاۃ و الصیام و الذکر یضاعف علی النفقۃ فی سبیل اللہ بسبع مائۃ ضعف۔(۳)

---

(۱) طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۸۵، رقم: ۴۰۴

(۲) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۴۳۸

۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۸۶، رقم: ۴۰۵

۳۔ دیلمی، الفردوس بما ثور الخطاب، ۲: ۲۴۹، رقم: ۳۱۷۱

(۳) ۱۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۸۸، رقم: ۲۳۱۵

۲۔ دیلمی، الفردوس بما ثور الخطاب، ۲: ۲۰۶، رقم: ۲۸۰۷

۳۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۱۷۱، رقم: ۱۹۷۷

۴۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۳۵۱

۵۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۱: ۳۱۸

’’حضرت معاذ بن انس ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک نماز، روزے اور اللہ کے ذِکر کا اجر اِنفاق فی سبیل اللہ پر سات سو گنا بڑھ جاتا ہے۔‘‘

**۵۵۔ عن أبی موسی ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: لو أن رجلا فی حجرہ دراھم یقسمھا و آخر یذکر اللہ کان الذاکر للہ أفضل۔(۱)**

’’حضرت ابوموسیٰ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر ایک آدمی کے دامن میں درہم ہوں اور وہ انہیں تقسیم کر رہا ہو اور دوسرا اللہ کا ذکر کر رہا ہو تو اللہ کا ذکر کرنے والا افضل ہوگا۔‘‘

**۵۶۔ عن أبی ھریرۃ ﷺ، عن النبی ﷺ، قال: الذکر خیر من الصدقۃ۔(۲)**

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ذکر صدقہ سے افضل ہے۔‘‘

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۶: ۱۱۶، رقم: ۵۹۶۹

۲۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۲۵۷، رقم: ۲۳۱۰

۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۲۳۸

۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۴

۵۔ مناوی، فیض القدیر، ۵: ۳۰۹

(۲) ۱۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۳: ۲۱۴، رقم: ۴۶۱۶

۲۔ مناوی، فیض القدیر، ۳: ۵۶۹، رقم: ۲۹۷

## فصل: ۱۰

# أکثروا ذکر الله تعالیٰ حتی یقول المنافقون مجنون

## ﴿اللہ کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کہ منافقین تمہیں دیوانہ کہیں﴾

۵۷۔ عن أبی سعید الخدری ﷺ، أن رسول الله ﷺ قال: أکثروا ذکر الله تعالی، حتی یقولوا مجنون۔(۱)

’’حضرت ابو سعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۶۸، رقم: ۱۱۶۷۱
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۷۱، رقم: ۱۱۶۹۲
۳۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۹۹، رقم: ۸۱۷
۴۔ ابویعلی، المسند، ۲: ۵۲۱، رقم: ۱۳۷۶
۵۔ عبد بن حمید، المسند، ۱: ۲۸۹، رقم: ۹۲۵
۶۔ حاکم، المستدرک، ۱: ۶۷۷، رقم: ۱۸۳۹
۷۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۷، رقم: ۵۲۶
۸۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۱: ۷۲، رقم: ۲۱۲
۹۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۴۴
۱۰۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۶، رقم: ۲۳۰۴
۱۱۔ مزی، تہذیب الکمال، ۸: ۴۷۹
۱۲۔ قزوینی، التدوین فی اخبار قزوین، ۲: ۱۹۷
۱۳۔ ابن معین، التاریخ، ۴: ۳۱۳، رقم: ۵۰۳۹
۱۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۵
۱۵۔ عجلونی، کشف الخفاء، ۱: ۱۸۷، رقم: ۴۹۷
۱۶۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۱۴: ۱۹۷، رقم: ۴۱۳۳
۱۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۹۶

فرمایا: اللہ کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کہ لوگ تمہیں دیوانہ کہیں۔''

**۵۸۔ عن ابن عباس ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: أذكروا اللہ ذكرا، يقول المنافقون: إنكم تراؤون۔(۱)**

''حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا ذکر اس قدر کرو کہ منافق تمہیں ریاکار کہیں۔''

**۵۹۔ عن أبي جوزا ﷺ، قال رسول اللہ ﷺ: اكثروا ذكر اللہ حتی يقول المنافقون: إنكم مراؤون۔(۲)**

''حضرت ابو جوزا ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا ذکر اتنی کثرت سے کرو کہ منافق تمہیں ریاکار کہیں۔''

**۶۰۔ عن ابن عباس ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: اذكروا اللہ ذكرا حتی يقول المنافقون: انكم مراؤون۔(۳)**

''حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا ذکر اس قدر کرو کہ منافق تمہیں ریاکار خیال کریں۔''

(۱) ا۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۲: ۱۶۹، رقم: ۱۲۷۸۶
۲۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۳: ۸۱
۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم ۱: ۴۴۴، ۴۴۸
۴۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۹۶
۵۔ مناوی، فیض القدیر، ۱: ۴۵۶

(۲) ا۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۷، رقم: ۵۲۷
۲۔ مناوی، فیض القدیر، ۲: ۸۵
۳۔ عجلونی، کشف الخفاء، ۱: ۱۸۷، رقم: ۴۸۷

(۳) ا۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۶
۲۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۶، رقم: ۲۳۰۵

## فصل: ۱۱

# أهل الذكر أهل مجالسة الله

## ﴿اہلِ ذکر اللہ کے ہم نشین ہوتے ہیں﴾

**۶۱۔ عن كعب رضي الله عنه قال: قال موسی علیه السلام: أی رب! أقريب أنت فأناجيک أم بعيد فأناديک؟ قال: يا موسی! أنا جليس من ذكرني۔(۱)**

’’حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے رب! کیا تو قریب ہے کہ میں تجھ سے سرگوشی کروں یا تو دور ہے کہ تجھے پکاروں (ندا دوں)۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے موسیٰ! جو میرا ذکر کرے میں اس کا ہم نشین ہوتا ہوں۔‘‘

**۶۲۔ عن ثوبان مولی النبی صلی الله علیه وآله وسلم قال موسی: يا رب أقريب انت أناجيک؟ ام بعيد أناديک، فاني احس حس صوتک ولا أراک**

---

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۱:۱۰۸، رقم: ۱۲۲۴

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷:۷۳، رقم: ۳۴۲۸۷

۳۔ احمد ابن حنبل، الزہد، ۱:۵۷، رقم: ۱۱۱

۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱:۴۵۱، رقم: ۶۸۰

۵۔ سیوطی، الجامع الصغیر، ۱:۳۰۴

۶۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۲:۳۱۱

۷۔ مناوی، فیض القدیر، ۵:۲۱۴

۸۔ قزوینی، التدوین فی اخبار قزوین، ۱:۳۹۸

۹۔ عجلونی، کشف الخفاء، ۱:۲۳۲

فأين أنت؟ فقال الله ﷻ: خلفک و امامک و عن يمينک و عن شمالک، يا موسى! إني جليس عبدى حين يذكرني و أنا معه إذا دعاني۔(۱)

''حضرت ثوبان ﷜ سے روایت ہے کہ حضرت موسیٰ ؑ نے فرمایا: اے اللہ! کیا تو قریب ہے کہ میں تیرے ساتھ سرگوشی کروں یا تو بعید ہے کہ میں تجھے ندا دوں، بے شک کہ میں تیری آواز محسوس کرتا ہوں لیکن تجھے دیکھ نہیں سکتا، تو کہاں ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تیرے پیچھے، تیرے سامنے، تیرے دائیں، تیرے بائیں؛ اے موسیٰ! جس وقت میرا بندہ میرا ذکر کرتا ہے میں اس کا ہم نشین ہوتا ہوں، اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔''

۶۳۔ عن أبي هريرة ﷜، عن النبي ﷺ قال: إن الله ﷻ يقول: أنا مع عبدي إذا هو ذكرني و تحركت بي شفتاه۔(۲)

---

(۱) دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳:۱۹۲، رقم: ۴۵۳۳

(۲) ۱۔ ابن ماجہ، السنن، ۲:۱۲۴۶، رقم: ۳۷۹۲

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲:۵۴۰، رقم: ۱۰۸۸۱

۳۔ ابن حبان، الصحیح، ۳:۹۷، رقم: ۸۱۵

۴۔ حاکم نے المستدرک (۱:۶۷۳، رقم: ۱۸۲۴)، میں یہ حدیث روایت کی ہے اور انکی اسناد کو صحیح کہا ہے۔

۵۔ ہیثمی، موارد الظمآن، ۱:۵۷۶

۶۔ طبرانی، مسند الشامیین، ۱:۳۲۰، رقم: ۵۶۲

۷۔ طبرانی، مسند الشامیین، ۱:۳۱۹، رقم: ۱۳۱۷

۸۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱:۳۹۱، رقم: ۵۰۹

۹۔ ابن مبارک، الزھد، ۱:۳۳۹، رقم: ۹۵۶

←

’’حضرت ابوہریرہ ﷛ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور اس کے لب میرے ذکر کے لئے حرکت کرتے ہیں۔‘‘

**۲۴۔ عن أبی هريرة ﷛، قال: قال رسول الله ﷺ: يقول الله ﷻ: أنا عند ظن عبدی بی و أنا معه حين يذکرنی۔(۱)**

’’حضرت ابوہریرہ ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے اس گمان کے مطابق ہوتا ہوں جو وہ میرے متعلق رکھتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جس وقت وہ میرا ذکر کرتا ہے۔‘‘

**۲۵۔ عن أنس بن مالک ﷛، أن النبی ﷺ قال: يقول الله ﷻ: أنا**

---

۱۰۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۳، رقم: ۲۲۸۹

۱۱۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳: ۱۸۶، رقم: ۴۵۱۱

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۱، رقم: ۲۶۷۵

۲۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۷، رقم: ۲۶۷۵

۳۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۵۸۱، رقم: ۳۶۰۲

۴۔ ابن ماجہ، السنن، ۲: ۱۲۵۵، رقم: ۳۸۲۲

۵۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۴: ۴۱۲، رقم: ۷۷۳۰

۶۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۲۵۱، رقم: ۷۴۱۶

۷۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۱۳، رقم: ۹۳۴۰

۸۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۸۲، رقم: ۱۰۲۵۹

۹۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۵۱۷، رقم: ۱۰۷۱۵

۱۰۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۵۳۴، رقم: ۱۰۹۲۲

۱۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۶، رقم: ۵۵۰

۱۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۲: ۸، رقم: ۱۰۱۳

عند ظن عبدی بی و أنا معه إذا دعانی۔(۱)

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے اس گمان کے مطابق ہوتا ہوں جو وہ میرے متعلق رکھتا ہے اور جب وہ مجھے پکارتا ہے میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔''

۶۶۔ عن أبی هریرة رضی الله عنه، عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم: إن الله قال إذا تلقانی عبدی بشبر تلقیته بذراع و إذا تلقانی بذراع تلقیته بباع و اذا تلقانی بباع جئته أتیته بأسرع۔(۲)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب میرا بندہ ایک بالشت میری طرف بڑھتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کی جانب بڑھتا ہوں اور جب وہ ایک ہاتھ میری جانب بڑھتا ہے تو میں دو بازوؤں کے برابر اس کی جانب بڑھتا ہوں۔''

---

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۲۱۰، رقم: ۱۳۲۱۵
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۲۷۷، رقم: ۱۳۹۶۹
۳۔ ابویعلی، المسند، ۶: ۱۲، رقم: ۳۲۳۲
۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۱۴۸
۵۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۱: ۲۱۹

(۲) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۱، رقم: ۲۶۷۵
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۳۱۶، رقم: ۸۱۷۸

## فصل: ۱۲

# إن الملائكة يجلسون فی حلقات الذّاکرین و یذکرون مثل ذکرهم

## ﴿فرشتے اہلِ ذِکر کے حلقوں میں بیٹھتے ہیں اور اُن ہی کی طرح ذِکر کرتے ہیں﴾

۶۷۔ عن أبی هریرةؓ، أن رسول الله ﷺ قال: إن لله ﷻ سیارة من الملائکة، یبتغون حِلَقَ الذکر، فإذا مروا بحلق الذکر قال بعضهم لبعض: اقعدوا، فإذا دعا القوم أمنوا علی دعائهم فإذا صلو علی النبی ﷺ صلوا معهم حتی یَفرُغوا، ثم یقول بعضهم لبعض: طوبی لهم لا یرجعون إلا مغفورا لهم۔(۱)

''حضرت ابو ہریرہ ؓ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالی کے کچھ گھومنے پھرنے والے فرشتے ایسے ہیں جو ذکر کے حلقوں کی تلاش میں رہتے ہیں، جب وہ حلقہ ہائے ذکر کی مجلسوں کے پاس سے گزرتے ہیں تو ایک دوسرے کو کہتے ہیں: بیٹھ جاؤ۔ جب لوگ دعا کرتے ہیں تو وہ ان کی دعا پر آمین کہتے ہیں، جب وہ حضور ﷺ پر درود بھیجتے ہیں تو یہ بھی ان کے ساتھ درود پڑھتے ہیں یہاں تک کہ ذکر کرنے والے فارغ ہوجاتے ہیں ۔ پھر فرشتے ایک دوسرے کو کہتے ہیں: اُنہیں مبارک ہو کہ اُن میں سے کوئی بھی بخشش کا پروانہ حاصل کیے بغیر نہیں لوٹ رہا۔''

(۱) ہندی، کنز العمال، ۱: ۴۳۳، رقم: ۱۸۷۶

۶۸۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال: مر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعبد اللہ بن رواحة الأنصاری، وهو یذکر أصحابه، فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: أما إنکم الملأ الذین أمرنی اللہ أن أصبر نفسی معکم ثم تلا هذه الآیة: ﴿وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَ الْعَشِیِّ﴾ إلی قوله: ﴿وَ کَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا﴾ أما إنه ما جلس عدتکم إلا جلس معهم عدتهم من الملائکة، إن سبحوا اللہ سبحوه، و إن حمدوا اللہ حمدوه، و إن کبروا اللہ کبروه، ثم یصعدون إلی الرب، وهو أعلم منهم، فیقولون: یا ربنا عبادک سبحوک فسبحنا، و کبروک فکبرنا، و حمدوک فحمدنا، فیقول ربنا: یا ملائکتی! أشهدکم انی قد غفرت لهم۔ فیقولون: فیهم فلان و فلان الخطاء، فیقول: هم القوم لا یشقی علی جلیسهم۔(۱)

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الصغیر، ۲: ۲۲۷، ۲۲۸، رقم: ۱۰۷۴

۲۔ ضبی، کتاب الدعا: ۲۸۳، رقم: ۱۰۴

۳۔ ابونعیم، حلیة الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۵: ۱۱۸

۴۔ ابونعیم نے 'حلیة الاولیاء وطبقات الاصفیاء (۵: ۱۱۷، ۱۱۸)' میں انہی الفاظ کے ساتھ عمر بن ذر سے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

۵۔ منذری نے 'الترغیب و الترہیب (۲: ۲۶۰، ۲۶۱، رقم: ۲۳۲۳)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے 'المعجم الصغیر' میں بیان کیا ہے۔

۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۶

۷۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۵: ۳۸۱، ۳۸۲

۸۔ ابن عساکر، تاریخ دمشق الکبیر، ۲۸: ۸۸

’’حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ عبد اللہ بن رواحہ کے پاس سے گزرے تو دیکھا کہ وہ اپنے ساتھیوں کو نصیحت کر رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آگاہ رہو کہ تم وہ جماعت ہو جس کے ساتھ مجھے ٹھہرے رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے آیت مبارکہ ’’اور آپ اپنے آپ کو ان لوگوں کی سنگت میں جمائے رکھا کریں جو صبح و شام اپنے رب کا ذکر کرتے ہیں‘‘ سے لے کر ’’اور اُس کا حال حد سے گزر گیا ہے۔‘‘ تک تلاوت فرمائی۔ (پھر فرمایا:) تم میں سے جتنی تعداد میں لوگ (اجتماعی ذکر کے لیے) بیٹھتے ہیں اتنی ہی تعداد میں فرشتے بھی ان کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں۔ اگر وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کریں تو یہ بھی ان ہی کی طرح تسبیح کرتے ہیں، اگر وہ اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں تو یہ بھی اس کی حمد بیان کرتے ہیں، اگر وہ اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کریں تو یہ بھی اس کی کبریائی بیان کرتے ہیں، پھر وہ اللہ رب العزت کی طرف اوپر چلے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی نسبت اپنے بندوں کے احوال کو زیادہ جانتا ہے پھر بھی وہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! تیرے بندوں نے تیری تسبیح بیان کی تو ہم نے بھی تیری تسبیح بیان کی، انہوں نے تیری کبریائی بیان کی تو ہم نے بھی تیری کبریائی بیان کی، انہوں نے تیری حمد بیان کی تو ہم نے بھی تیری حمد بیان کی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے میرے فرشتو! میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے انہیں بخش دیا ہے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں: ان میں فلاں فلاں خطا کار بھی تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کا ہم مجلس بدبخت نہیں رہ سکتا (اس لیے تم گواہ رہو کہ میں نے ان گنہگاروں کو بھی بخش دیا ہے)۔‘‘

۷۹۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ قال: ان لله تبارک و تعالی ملائكة سيارة فضلا يتبعون مجالس الذكر فاذا وجدوا مجلسا فيه

**ذکر قعدوا معهم ...... إلى آخر الحديث۔(۱)**

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ کے کچھ گشت کرنے والے فرشتے ایسے ہیں جو ذکر کی مجالس ڈھونڈتے پھرتے ہیں، جب وہ ذکر کی کوئی مجلس دیکھتے ہیں تو ان اہل ذکر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں۔''

**۷۰۔ قال جابر بن عبدالله رضی الله عنهما: خرج علينا النبي ﷺ، فقال: يا أيها الناس! إن لله سرايا من الملائكة تحل و تقف على مجالس الذكر في الأرض، فارتعوا في رياض الجنة، قالوا: و أين رياض الجنة؟ قال: مجالس الذكر، فاغدوا و روحوا في ذكر الله و ذكروه أنفسكم من كان يحب أن يعلم منزلته عند الله، فلينظر كيف منزلة الله عنده، فإن الله ينزل العبد منه حيث أنزله من نفسه۔(۲)**

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: ''اے لوگو! فرشتوں میں سے اللہ

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۲۰۶۹، رقم: ۲۶۸۹

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۳۸۲

۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۹، رقم: ۲۳۱۶

۴۔ نووی، شرح صحیح مسلم، ۱۷: ۱۴

۵۔ مبارک پوری، تحفۃ الاحوذی، ۱۰: ۴۲

۶۔ خطیب تبریزی، مشکوٰۃ المصابیح، ۲: ۱۳، رقم: ۲۲۶۷

(۲) ۱۔ حاکم نے 'المستدرک (۱: ۶۷۱، ۶۷۲، رقم: ۱۸۲۰)' میں کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

۲۔ ابو یعلی، المسند، ۳: ۳۹۰، رقم: ۱۸۶۵

۳۔ ابو یعلی، المسند، ۴: ۱۰۶، رقم: ۲۱۳۸

تعالیٰ کے کچھ ایسے لشکر ہیں جو ذکر کی محفلوں میں آتے ہیں اور وہاں رک جاتے ہیں، لہٰذا تم جنت کے باغیچوں سے خوب کھاؤ۔‘‘ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: جنت کے باغیچے کہاں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ’’ذکر کی محفلیں (جنت کے باغیچے ہیں)، لہٰذا تم صبح و شام اللہ کا ذکر کرو اور خود کو اس کی یاد دلاتے رہو۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کے ہاں اپنا مقام و مرتبہ دیکھنا چاہے تو اُسے چاہیے کہ وہ دیکھے کہ اُس کے ہاں اللہ تعالیٰ کا کیا مقام ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ بندے کو اپنے ہاں اس مقام پر رکھتا ہے جہاں بندہ اُسے اپنے ہاں رکھتا ہے۔‘‘

۷۱۔ عن أبی هريرة ﷺ أن رسول الله ﷺ قال: إن لله ﷻ ملائكة فضلا يتبعون مجالس الذكر يجتمعون عند الذكر، فإذا مروا بمجلس علا بعضهم على بعض حتى يبلغوا العرش۔(۱)

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ایسے ہیں جو صرف مجالسِ ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں اور ذکر کرنے والوں کے پاس جمع ہو جاتے ہیں۔ پس جب وہ کسی مجلسِ ذکر کے پاس سے گزرتے ہیں تو تہ در تہ عرش تک پہنچ جاتے ہیں۔‘‘

۷۲۔ عن أبی هريرة ﷺ، أن رسول الله ﷺ قال: من اغتسل يوم الجمعة ...... فإذا خرج الإمام حضرتِ الملائكة يستمعون الذكر۔(۲)

---

(۱) احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۳۵۸، ۳۵۹

(۲) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۱: ۳۰۱، رقم: ۸۴۱

۲۔ مسلم، الصحیح، ۲: ۵۸۲، رقم: ۸۵۰

۳۔ ترمذی نے ’الجامع الصحیح (۲: ۳۷۲، رقم: ۴۹۹)‘ میں کہا ہے کہ یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو ﷺ اور حضرت سمرہ ﷺ سے بھی مروی ہے جبکہ حضرت ابوہریرہ ﷺ سے مروی حدیث حسن صحیح ہے۔

←

’’حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو غسل کے بعد جمعہ کے لیے روانہ ہوتا ہے ...... اور جب امام (خطبہ اور نماز کے لیے) آجاتا ہے تو فرشتے بھی حاضر ہو کر ذکر سنتے ہیں۔‘‘

**۴۳۔ عن أبی هريرة ﷺ عن النبی ﷺ قال: إذا كان يوم الجمعة وقفت الملائكة على أبواب المسجد، فيكتبون الأول فالأول ...... فإذا خرج الإمام و قعد على المنبر طووا صحفهم وجلسوا يستمعون الذكر۔(۱)**

---

۴۔ نسائی، السنن، ۳: ۹۹، رقم: ۱۳۸۸
۵۔ نسائی، السنن الکبری، ۱: ۵۲۶، رقم: ۱۶۹۶
۶۔ مالک، الموطا، ۱: ۱۰۱، رقم: ۲۲۷
۷۔ احمد بن حنبل کی ’المسند (۲: ۲۶۰)‘ میں روایت کردہ حدیث میں حضرت کی جگہ أقبلت کے الفاظ مذکور ہیں۔
۸۔ شافعی، المسند: ۶۲
۹۔ شافعی، السنن الماثورہ: ۲۲۷، رقم: ۱۶۵

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۵۰۵
۲۔ بخاری، الصحیح، ۱: ۳۱۴، رقم: ۸۸۷
۳۔ شافعی، السنن الماثورہ: ۲۲۶، رقم: ۱۶۴
۴۔ عبدالرزاق کی ’المصنف (۳: ۲۵۷، ۲۵۸، رقم: ۵۵۶۴)‘ میں بیان کردہ روایت میں طووا صحفهم کے بعد وقعدوا مع الناس (اور وہ لوگوں کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں) کے الفاظ بھی ہیں۔
۵۔ بیہقی، السنن الکبری، ۳: ۲۲۶
۶۔ ابن جوزی، التحقیق فی احادیث الخلاف، ۲: ۱۶۲
۷۔ منذری نے ’الترغیب والترہیب (۱: ۲۸۷، رقم: ۱۰۶۱)‘ میں کہا ہے کہ اس سے ملتی جلتی روایت ابن خزیمہ نے ’الصحیح‘ میں بیان کی ہے۔
۸۔ سیوطی، تنویر الحوالک، ۱: ۹۳

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب جمعہ کا روز ہو تو فرشتے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور پہلے آنے والے کا نام سب سے پہلے لکھتے ہیں ...... جب امام خطبہ و نماز کے لئے آجاتا ہے تو فرشتے اپنے اپنے رجسٹر بند کر کے بیٹھ جاتے ہیں اور ذکر و نصیحت غور سے سننے لگ جاتے ہیں۔‘‘

## فصل: ۱۳

# المجتمعون على ذكر الله يجلسون عن يمين الرحمن يوم القيامة

## ﴿اللہ کے ذکر کے لئے جمع ہونے والے روزِ قیامت رحمٰن کے دائیں طرف مسند نشین ہوں گے﴾

۷۴۔ عن عمرو بن عبسة ﷺ قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: عن يمين الرحمن و كلتا يديه يمين رجال ليسوا بأنبياء ولا شهداء، يغشي بياض وجوههم نظر الناظرين، يغبطهم النبيون والشهداء بمقعدهم و قربهم من الله ﷻ، قيل: يا رسول الله صلى الله عليك و آلك و سلم! من هم؟ قال: هم جماع من نوازع القبائل، يجتمعون على ذكر الله، فينتقون أطايب الكلام كما ينتقي آكل التمر أطايبه۔(۱)

''حضرت عمرو بن عبسہ ﷺ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: رحمٰن کے دائیں طرف حالانکہ اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں،

---

(۱) ۱۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۱۰:۷۷)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔

۲۔ منذری نے 'الترغیب والترھیب (۲: ۲۶۱، رقم: ۲۳۲۶)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۳۔ ہندی نے 'کنز العمال (۱۰: ۲۴۸، رقم: ۲۹۳۲۶)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے عمرو بن عبسہ سے روایت کیا ہے۔

۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۸

کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو نبی ہوں گے نہ شہید۔ ان کے چہروں کا نور سب لوگوں کی آنکھوں کو چندھیا رہا ہوگا، ان کی مسندوں اور اللہ ﷻ سے ان کے قرب کی وجہ سے انبیاء اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک وسلم! یہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ مختلف قبیلوں سے آکر اکٹھے ہونے والے وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے مجالس میں جمع ہوا کرتے تھے اور اللہ کے ذکر کے لیے خوبصورت الفاظ کا اِس طرح انتخاب کرتے تھے جیسے کھجوریں کھانے والا اچھی کھجوروں کا انتخاب کرتا ہے۔‘‘

**۷۵۔ عن ابن سابط، قال: أنبئت أن عن یمین الرحمن، و کلتا یدیه یمین، قوم علی منابر من نور، وجوههم نور، علیهم ثیاب خضر تغشی أبصار الناظرین، لیسوا بأنبیاء و لا شهداء، قوم تحابوا فی جلال الله حین عُصِیَ الله فی الأرض۔(۱)**

’’ابن سابط روایت کرتے ہیں کہ مجھے خبر دی گئی کہ (خدائے) رحمٰن کے دائیں طرف حالانکہ اللہ کے دونوں ہاتھ ہی دائیں ہیں، کچھ لوگ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے، اُن کے چہرے نورانی ہوں گے، وہ سبز لباس زیبِ تن کیے ہوئے ہوں گے، وہ دیکھنے والوں کی آنکھوں کو چندھیا دیں گے، وہ انبیاء ہوں گے نہ شہداء بلکہ وہ ایسے لوگ ہوں گے جنہوں نے اُس وقت اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلالت کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کی جب زمین پر اس کی نافرمانی ہو رہی تھی۔‘‘

---

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۳۵، رقم: ۳۴۰۹۵

۲۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۵۲۲، رقم: ۱۴۸۳

۳۔ ہناد، الزہد، ۱: ۲۷۲، رقم: ۴۷۴

۷۶۔ عن ابن عباس ﷺ، قال: إن لله جلساء يوم القيامة عن يمين العرش، و كلتا يدى الله يمين، على منابر من نور، وجوههم من نور، ليسوا بأنبياء و لا شهداء و لا صديقين۔ قيل: يا رسول الله صلى الله عليك وآلك وسلم! من هم؟ قال: المتحابون بجلال الله تعالى۔(۱)

''حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں: بے شک روزِ قیامت کچھ لوگ اللہ کے عرش کے دائیں طرف حالانکہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں، نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے۔ ان کے چہرے نورانی ہوں گے، وہ انبیاء ہوں گے نہ شہداء اور نہ صدیقین۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک وسلم! (تو پھر) وہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلالت کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت کرنے والے ہوں گے۔''

(۱) طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۲: ۱۰۴، ۱۰۵، رقم: ۱۲۶۸۶

# فصل : ۱۴

## إن وجوه المجتمعين على ذكر الله نور يوم القيامة

﴿بیشک اللہ کے ذکر کے لئے جمع ہونے والوں کے چہرے روزِ قیامت پُرنور ہوں گے﴾

۷۷۔ عن أبي الدرداء رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم: ليبعثن الله أقواما يوم القيامة في وجوههم النور على منابر اللؤلؤ، يغبطهم الناس ليسوا بأنبياء ولا شهداء، قال: فجثى أعرابي على ركبتيه، فقال: يا رسول الله! حلهم لنا نعرفهم۔ قال: هم المتحابون في الله من قبائل شتي و بلاد شتي يجتمعون على ذكر الله يذكرونه۔(۱)

''حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کچھ ایسے لوگوں کو اٹھائے گا جن کے چہروں پر نور ہوں گے، وہ موتیوں کے منبروں پر ہوں گے، لوگ انہیں دیکھ کر رشک کریں گے، نہ وہ انبیاء ہوں گے اور نہ شہداء۔ ابودرداء کہتے ہیں کہ ایک اعرابی اپنے گھٹنے کے بل بیٹھ گیا اور کہنے لگا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و آلک و سلم! آپ ان کا حلیہ ہمارے سامنے

---

(۱) ۱۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۱۰: ۷۷)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

۲۔ منذری نے 'الترغیب والترہیب (۲: ۲۶۲، رقم: ۲۳۲۷؛ ۴: ۱۲، رقم: ۴۵۸۳)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے حسن سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

۳۔ سیوطی نے 'الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۱: ۳۶۸)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

بیان فرمائیں تاکہ ہم انہیں معلوم کرلیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ ہیں جو مختلف قبیلوں اور مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں، اکٹھے ہوکر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں۔‘‘

۷۸۔ عن أبي أمامة ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: إن لله عبادا يُجْلِسُهم الله يوم القيامة علی منابر من نور، و يغشي وجوهھم النور حتی يفرغ من حساب الخلائق۔(۱)

’’حضرت ابو امامہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ کے بعض بندے ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالی روزِ قیامت نور کے منبروں پر بٹھائے گا اور (اس وقت تک) ان کے چہروں کو نور سے ڈھانپے رکھے گا جب تک مخلوق کے حساب سے فارغ نہیں ہوجاتا۔‘‘

۷۹۔ عن أبي أمامة ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: إن لله عبادا يُجْلِسُهم يوم القيامة علی منابر من نور، يغشي وجوهھم النور، ويلقی عنهم السيئات حتی يفرغ من حساب الخلائق۔ قيل: من هم؟ قال: المتحابون في الله ﷻ۔(۲)

’’حضرت ابو امامہ ﷺ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۸: ۱۱۲، رقم: ۷۵۲۷

(۲) ۱۔ طبرانی، مسند الشامیین، ۲: ۱۰، رقم: ۸۲۶

۲۔ منذری نے ’الترغیب والترهیب (۴: ۱۲، رقم: ۴۵۸۱)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے جید اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے۔

۳۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۷)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی روایت کیا ہے اور اس کی اسناد جید ہے۔

بے شک اللہ کے بعض بندے ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ روزِ قیامت نور کے منبروں پر بٹھائے گا، ان چہروں کو نور ڈھانپ لے گا، اور ان سے گناہوں کو دور کر دے گا یہاں تک کہ مخلوق کے حساب سے فارغ ہو جائے گا۔ عرض کیا گیا: وہ کون لوگ ہوں گے؟ فرمایا: اللہ کے لیے آپس میں محبت کرنے والے۔‘‘

۸۰۔ عن أبي هريرة ﷺ قال: قال رسول الله ﷺ: إن من عباد الله عبادا ليسوا بأنبياء، يغبطهم الأنبياء و الشهداء۔ قيل: من هم لعلنا نحبهم؟ قال: هم قوم تحابوا بنور الله من غير أرحام ولا إنتساب، وجوههم نور على منابر من نور، لا يخافون إذا خاف الناس، و لا يحزنون إذا حزن الناس، ثم قرأ: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾۔(۱)

’’حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ

---

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح: ۲: ۳۳۲، ۳۳۳، رقم: ۵۷۳
۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۶: ۳۶۲، رقم: ۱۱۲۳۶
۳۔ ابو یعلیٰ، المسند، ۱۰: ۴۹۵، رقم: ۶۱۱۰
۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۵، رقم: ۸۹۹۷
۵۔ منذری نے ’الترغیب والترہیب (۴: ۱۲)‘ میں کہا ہے کہ اسے نسائی نے روایت کیا اور ابن حبان نے ’الصحیح‘ میں روایت کیا ہے۔
۶۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۷)‘ میں کہا ہے کہ اسے بزار نے روایت کیا ہے جبکہ میں اس کے راویوں کو نہیں جانتا۔
۷۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۱، رقم: ۲۵۰۸
۸۔ طبری نے یہ حدیث ’جامع البیان فی تفسیر القرآن (۱۱: ۱۳۲)‘ میں ابن حبان کی بیان کردہ روایت کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔
۹۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۴۲۲
←

تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء نہیں لیکن انبیاء اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔ آپ ﷺ سے عرض کیا گیا: وہ کون ہیں؟ تاکہ ہم ان سے محبت کریں۔ فرمایا: وہ ایسے بندے ہیں جو آپس میں بغیر کسی قرابت داری اور رشتہ کے محض اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرتے ہیں، ان کے چہرے پُر نور ہوں گے اور وہ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے۔ انہیں اس وقت کوئی خوف نہ ہوگا جب لوگ خوف زدہ ہوں گے، انہیں کوئی غم نہ ہوگا جب لوگ غمزدہ ہونگے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''خبردار! بے شک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ و غمگین ہوں گے۔''

**۸۱۔ عن عمرو بن عبسة رضی الله عنه قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: عن يمين الرحمن و كلتا يديه يمين رجال ليسوا بأنبياء ولا شهداء، يغشي بياض وجوههم نظر الناظرين، يغبطهم النبيون والشهداء بمقعدهم و قربهم من الله عزوجل، قيل: يا رسول الله صلى الله عليك و آلك و سلم! من هم؟ قال: هم جماع من نوازع القبائل، يجتمعون على ذكر الله، فينتقون أطايب الكلام كما ينتقي آكل التمر أطايبه۔(۱)**

---

۱۰۔ سیوطی نے 'الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۴: ۳۷۲)' میں کہا ہے کہ یہ حدیث ابن ابي دنیا، ابن جریر، ابن منذر، ابو شیخ، ابن مردویہ، اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(۱) ۱۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۱۰: ۷۷)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔

۲۔ منذری نے 'الترغیب والترہیب (۲: ۲۶۱، رقم: ۲۳۲۶)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

۳۔ ہندی نے 'کنز العمال (۱۰: ۲۲۸، رقم: ۲۹۳۲۶)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے عمرو بن عبسہ سے روایت کیا ہے۔

۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۸

”حضرت عمرو بن عبسہ ﷺ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: رحمٰن کے دائیں طرف حالانکہ اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں، کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو نبی ہوں گے نہ شہید۔ ان کے چہروں کا نور سب لوگوں کی آنکھوں کو چندھیا رہا ہوگا، ان کی مسندوں اور اللہ ﷻ سے ان کے قرب کی وجہ سے انبیاء اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک وسلم! یہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ مختلف قبیلوں سے آ کر اکٹھے ہونے والے وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے جمع ہوتے ہیں اور اللہ کے ذکر کے لیے خوبصورت الفاظ کا اِس طرح انتخاب کرتے ہیں جیسے کھجوریں کھانے والا اچھی کھجوروں کا انتخاب کرتا ہے۔“

۸۲۔ عن عمر بن الخطاب ﷺ قال: قال النبی ﷺ: إن من عباد الله لأناسا ما هم بأنبياء ولا شهداء يغبطهم الأنبياء والشهداء يوم القيامة بمكانهم من الله، قالوا: يا رسول الله صلی اللہ علیک وآلک وسلم! تخبرنا من هم؟ قال: هم قوم تحابوا بروح الله على غير أرحام بينهم، ولا أموال يتعاطونها، فوالله إن وجوههم لنور و إنهم لعلى نور، لا يخافون إذا خاف الناس، ولا يحزنون إذا حزن الناس۔ و قرأ هذه الآية: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾۔(۱)

(۱) ۱۔ ابو داود، السنن، ۳: ۲۸۸، رقم: ۳۵۲۷

۲۔ ہناد، الزہد، ۱: ۲۷۲، رقم: ۴۷۵

۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۶، رقم: ۸۹۹۸

۴۔ ابو نعیم نے ’حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء (۱: ۵)‘ میں یہ حدیث جید اِسناد کے ساتھ روایت کی ہے۔

←

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے برگزیدہ بندے ہیں جو انبیاء ہیں نہ شہداء۔ قیامت کے دن انبیاء اور شہداء ان کے اللہ کی طرف سے عطا کردہ مقام پر رشک کریں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ ہمیں ان کے بارے میں بتائیں کہ وہ کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ کی خاطر باہم محبت کرتے ہیں نہ کہ رشتہ داری اور مالی لین دین کی وجہ سے۔ اللہ کی قسم! ان کے چہرے پُر نور ہوں گے اور وہ نور پر ہوں گے، انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا جب لوگ خوفزدہ ہوں گے، انہیں کوئی غم نہیں ہوگا جب لوگ غم زدہ ہوں گے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''خبردار! بیشک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ و غمگین ہوں گے۔''

**۸۳۔ عن أبی مالک الأشعری رضی اللہ عنہ، قال: کنت عند النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فنزلت ھذہ الآیة: ﴿لَا تَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَآءَ إِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ قال:**

---

۵۔ حاکم نے 'المستدرک (۴: ۱۸۸، رقم: ۳۱۸)' میں یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور اسے صحیح قرار دیا ہے جبکہ ذہبی نے بھی ان کی موافقت کی ہے۔

۶۔ ابن عبدالبر، التمهید، ۱۷: ۴۳۶

۷۔ ابن ابی حاتم، تفسیر القرآن العظیم، ۶: ۱۹۶۳، ۱۹۶۴، رقم: ۱۰۴۵۳

۸۔ ابن جوزی، زاد المسیر فی علم التفسیر، ۴: ۴۳

۹۔ ابوسعود، ارشاد العقل السلیم الی مزایا القرآن الکریم، ۴: ۱۵۹

۱۰۔ سیوطی نے 'الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۴: ۳۷۲)' میں کہا ہے کہ اسے ابوداود، ہناد، ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ کے علاوہ ابونعیم نے 'حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء' اور بیہقی نے 'شعب الایمان' میں روایت کیا ہے۔

۱۱۔ ثعالبی، جواہر الحسان فی تفسیر القرآن، ۲: ۱۸۴

**فنحن نسأله إذ قال: إن لله عبادا ليسوا بأنبياء و لا شهداء يغبطهم النبيون و الشهداء بقربهم و مقعدهم من الله ﷻ يوم القيامة۔ قال: و في ناحية القوم أعرابي، فقام فجثا على ركبتيه و رمى بيديه، ثم قال: حدثنا يا رسول الله عنهم من هم؟ قال: فرأيت وجه النبي ﷺ ينتشر، فقال النبي ﷺ : عباد من عباد الله من بلدان شتى و قبائل من شعوب أرحام القبائل لم يكن بينهم أرحام يتواصلون بها لله لا دنيا، يتباذلون بها يتحابون بروح الله ﷻ، يجعل الله وجوههم نورا، يجعل لهم منابر من لؤلؤ قدام الرحمن تعالى، يفزع الناس و لا يفزعون و يخاف الناس و لا يخافون۔(۱)**

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳: ۲۹۰، رقم: ۳۴۳۳

۲۔ احمد بن حنبل نے 'المسند (۵: ۳۴۳)' میں طویل حدیث روایت کی ہے۔

۳۔ احمد بن حنبل نے 'المسند (۵: ۳۴۱)' میں یہ حدیث مختصراً بیان کی ہے۔

۴۔ احمد بن حنبل کی بیان کردہ طویل روایت ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۶)' میں نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ طبرانی نے بھی اس جیسی حدیث روایت کی ہے۔ ہیثمی نے اس حدیث کے رجال کو ثقہ قرار دیا ہے۔

۵۔ ہیثمی نے ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ ایک اور روایت 'مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۷)' میں نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اسے ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

۶۔ ابن مبارک، الزہد: ۲۴۸

۷۔ معمر بن راشد، الجامع، ۱۱: ۲۰۱، ۲۰۲

۸۔ حارث، المسند، ۲: ۹۹۳، رقم: ۱۱۰۹

۹۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۲: ۸۲

۱۰۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۷، ۴۸۸، رقم: ۹۰۰۱

۱۱۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴: ۱۳، رقم: ۴۵۸۵

←

''حضرت ابو مالک اشعری ﷺ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء ہیں نہ شہداء۔ انبیاء اور شہدا روزِ قیامت ان کے اللہ تعالیٰ سے قرب اور ان کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ مسندوں پر رشک کریں گے۔ لوگوں کے ایک طرف ایک دیہاتی بیٹھا تھا، وہ کھڑا ہوا اور گھٹنوں کے بل جھک کر اپنے دونوں ہاتھ مارے اور کہا: یا رسول اللہ! ہمیں ان کے بارے میں بتایئے کہ وہ کون لوگ ہیں۔ میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے وہ بندے ہیں جو مختلف علاقوں، مختلف قبائل اور مختلف خاندانوں سے ہیں جن کے درمیان کوئی خونی رشتہ داریاں بھی نہیں مگر وہ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر ملتے ہیں، صرف اللہ کے لئے دنیا کیلئے نہیں۔ وہ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر خرچ کرتے ہیں۔ وہ صرف اللہ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ اللہ ان کے چہروں کو منور کردے گا، ان کے لیے خدائے رحمان کے سامنے موتیوں کے منبر بچھائے جائیں گے۔ اس دن لوگ خوفزدہ ہوں گے لیکن انہیں کوئی خوف نہ ہوگا، اور لوگ غمگین ہوں گے مگر انہیں کوئی غم نہ ہوگا۔''

**۸۴۔ عن أبی مسلم الخولانی، قال: قلت لمعاذ بن جبل: واللہ! إنی لأحبک لغیر دنیا أرجو أن أصیبها منک، و لا قرابۃ بینی و بینک، قال: فلأی شیء؟ قلت: للہ۔ قال: فجذب حبوتی، ثم قال: أبشر إن کنت صادقا، فإنی سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: المتحابون فی اللہ فی ظل العرش یوم لا ظل إلا ظلہ، یغبطھم بمکانھم النبیون و**

۱۲۔ بغوی، معالم التنزیل، ۲: ۳۵۹

۱۳۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۳: ۲۰۹

۱۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۴: ۳۷۲

۱۵۔ شوکانی نے 'فتح القدیر (۲: ۴۵۸)' میں اس حدیث کو صحیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حاکم نے یہ حدیث ابن عمر ﷺ سے مرفوعاً لی ہے۔

الشهداء۔ ثم قال: فخرجت فأتيت عبادة بن الصامت، فحدثته بحديث معاذ، فقال عبادة بن الصامت: سمعت رسول الله ﷺ، يقول عن ربه تبارک وتعالی: حقت محبتي على المتحابين فيّ، و حقت محبتي على المتناصحين فيّ، و حقت محبتي على المتزاورين فيّ، و حقت محبتي على المتباذلين فيّ، و هم على منابر من نور، يغبطهم النبيون و الصديقون بمكانهم۔(۱)

’’ابو مسلم خولانی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے کہا: خدا کی قسم! میں بغیر کسی دنیاوی مقصد کے آپ سے محبت کرتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ آپ بھی مجھ سے محبت رکھیں، میرے اور آپ کے درمیان کوئی

---

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۳۳۸، رقم: ۵۷۷
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵: ۲۳۹
۳۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۴۵، رقم: ۳۴۱۰۰
۴۔ قرشی، الاخوان: ۵۱، رقم: ۹
۵۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۵: ۱۲۲
۶۔ مقدسی نے ’الاحادیث المختارہ (۸: ۳۱۲، رقم: ۳۷۵)‘ میں اس حدیث کی اسناد کو صحیح قرار دیا ہے۔
۷۔ ابن عبدالبر، التمہید، ۲۱: ۱۳۱
۸۔ منذری نے ’الترغیب والترہیب (۴: ۱۱، رقم: ۴۵۷۵)‘ میں کہا ہے کہ اسے ابن حبان نے ’الصحیح‘ میں روایت کیا ہے۔
۹۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۲، رقم: ۲۵۱۰
۱۰۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۲۷۸، ۲۷۹
۱۱۔ مناوی، فیض القدیر، ۴: ۴۹۳
۱۲۔ ثعالبی، جواہر الحسان فی تفسیر القرآن، ۴: ۱۳۳

قرابت داری نہیں ہے۔ معاذ بن جبل ﷺ نے کہا: پھر کیوں؟ میں نے جواب دیا: اللہ کے لئے، پس اُنہوں نے میرا کپڑا کھینچا، پھر کہا: میں خوشخبری سناتا ہوں کہ اگر تم سچے ہو تو بے شک میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں: اللہ کے لئے آپس میں محبت کرنے والے اُس دن یعنی روزِ قیامت عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس کے سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا، ان کے اس مرتبہ پر انبیاء وشہداء رشک کریں گے۔ پھر کہا: میں وہاں سے نکلا اور عبادہ بن صامت ﷺ کے ہاں آیا اور ان سے معاذ والی گفتگو بیان کی۔ پس عبادہ بن صامت ﷺ نے کہا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو سنا ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے رب تبارک وتعالیٰ سے روایت کیا: میرے خاطر آپس میں محبت کرنے والوں پر میری محبت واجب ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے سے نصیحت پکڑنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے پر خرچ کرنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی اور وہ (جن کے لیے اللہ کی محبت لازم ہوگئی) نور کے منبروں پر ہوں گے، انبیاء وصدیقین ان کے درجات پر رشک کریں گے۔"

# فصل : ۱۵

## الأنبیاء و الشھداء یغبطون المتحابین فی الله والذاکرین به یوم القیامة

## ﴿انبیاء وشہداء روزِ محشر اہلِ ذکر اور محض اللہ کی خاطر محبت کرنے والوں کے مقام ومرتبہ پر رشک کریں گے﴾

۸۵۔ عن معاذ بن جبل ﷺ، قال: سمعت رسول الله ﷺ یقول: قال الله ﷻ: المتحابون فی جلالی لھم منابر من نور یغبطھم النبیون والشھداء۔(۱)

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میری عظمت وجلالت کی وجہ سے باہم محبت کرنے والوں کے لئے نور کے منبر ہوں گے، ان پر انبیاء اور شہداء رشک کریں گے۔''

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح،۴: ۵۹۷، رقم:۲۳۹۰
۲۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء،۲: ۱۳۱
۳۔ منذری، الترغیب والترہیب،۴: ۱۱، رقم: ۴۵۷۶
۴۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۲، رقم: ۲۵۱۰
۵۔ ابن قیم، حاشیہ علی سنن ابی داؤد،۱۴: ۲۱
۶۔ مزی، تہذیب الکمال،۳۴: ۲۹۲
۷۔ مناوی، فیض القدیر،۴: ۴۸۵
۸۔ مبارک پوری، تحفۃ الاحوذی،۷: ۵۶

۸۶۔ عن عمر بن الخطاب ﷺ قال: قال النبي ﷺ: إن من عباد الله لأناسا ما هم بأنبياء ولا شهداء يغبطهم الأنبياء والشهداء يوم القيامة بمكانهم من الله، قالوا: يا رسول الله صلى الله عليك وآلك وسلم! تخبرنا من هم؟ قال: هم قوم تحابوا بروح الله على غير أرحام بينهم، ولا أموال يتعاطونها، فوالله إن وجوههم لنور و إنهم لعلى نور، لا يخافون إذا خاف الناس، ولا يحزنون إذا حزن الناس۔ و قرأ هذه الآية: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾۔(۱)

’’حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

---

(۱) ۱۔ ابو داود، السنن، ۳: ۲۸۸، رقم: ۳۵۲۷

۲۔ ہناد، الزہد، ۱: ۲۷۲، رقم: ۴۷۵

۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۶، رقم: ۸۹۹۸

۴۔ ابو نعیم نے ’حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء (۱: ۵)‘ میں یہ حدیث جید إسناد کے ساتھ روایت کی ہے۔

۵۔ حاکم نے ’المستدرک (۴: ۱۸۸، رقم: ۳۱۸)‘ میں یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور اسے صحیح قرار دیا ہے جبکہ ذہبی نے بھی ان کی موافقت کی ہے۔

۶۔ ابن عبد البر، التمہید، ۱۷: ۴۳۶

۷۔ ابن ابی حاتم، تفسیر القرآن العظیم، ۶: ۱۹۶۳، ۱۹۶۴، رقم: ۱۰۴۵۳

۸۔ ابن جوزی، زاد المسیر فی علم التفسیر، ۴: ۴۳

۹۔ ابو سعود، ارشاد العقل السلیم الی مزایا القرآن الکریم، ۴: ۱۵۹

۱۰۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۴: ۳۷۲)‘ میں کہا ہے کہ اسے ابو داود، ہناد، ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ کے علاوہ ابو نعیم نے ’حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء‘ اور بیہقی نے ’شعب الایمان‘ میں روایت کیا ہے۔

۱۱۔ ثعالبی، جواہر الحسان فی تفسیر القرآن، ۲: ۱۸۳

فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے برگزیدہ بندے ہیں جو انبیاء ہیں نہ شہداء۔ قیامت کے دن انبیاء اور شہداء ان کو اللہ کی طرف سے عطا کردہ مقام پر رشک کریں گے۔ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ ہمیں ان کے بارے میں بتائیں کہ وہ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ کی خاطر باہم محبت کرتے ہیں نہ کہ رشتہ داری اور مالی لین دین کی وجہ سے۔ اللہ کی قسم! ان کے چہرے پُر نور ہوں گے اور وہ نور پر ہوں گے، انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا جب لوگ خوفزدہ ہوں گے، انہیں کوئی غم نہیں ہوگا جب لوگ غم زدہ ہوں گے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ’’خبردار! بے شک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ و غمگین ہوں گے۔‘‘

۸۷۔ عن أبی هريرة ﷺ قال: قال رسول الله ﷺ: إن من عباد الله عبادا ليسوا بأنبياء، يغبطهم الأنبياء و الشهداء۔ قيل: من هم لعلنا نحبهم؟ قال: هم قوم تحابوا بنور الله من غير أرحام ولا إنتساب، وجوههم نور على منابر من نور، لا يخافون إذا خاف الناس، و لا يحزنون إذا حزن الناس، ثم قرأ: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾۔(۱)

---

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۳۳۲، ۳۳۳، رقم: ۵۷۳

۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۶: ۳۶۲، رقم: ۱۱۲۳۶

۳۔ ابو یعلیٰ، المسند، ۱۰: ۴۹۵، رقم: ۶۱۱۰

۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۵، رقم: ۸۹۹۷

۵۔ منذری نے ’الترغیب والترہیب (۴: ۱۲)‘ میں کہا ہے کہ اسے نسائی نے روایت کیا اور ابن حبان نے ’الصحیح‘ میں روایت کیا ہے۔

۶۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۷)‘ میں کہا ہے کہ اسے بزار نے روایت کیا ہے ←

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء نہیں لیکن انبیاء اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔ آپ ﷺ سے عرض کیا گیا: وہ کون ہیں؟ تاکہ ہم ان سے محبت کریں۔ فرمایا: وہ ایسے بندے ہیں جو آپس میں بغیر کسی قرابت داری اور واسطہ کے محض اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرتے ہیں، ان کے چہرے پُر نور ہوں گے اور وہ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے۔ انہیں اس وقت کوئی خوف نہ ہوگا جب لوگ خوف زدہ ہوں گے، انہیں کوئی غم نہ ہوگا جب لوگ غمزدہ ہونگے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ’’خبردار! بے شک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ و غمگین ہوں گے۔‘‘

۸۸۔ عن عمرو بن عبسة رضی اللہ عنہ قال: سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: عن یمین الرحمن و کلتا یدیه یمین رجال لیسوا بأنبیاء ولا شهداء، یغشی بیاض وجوههم نظر الناظرین، یغبطهم النبیون والشهداء بمقعدهم و قربهم من اللہ عزوجل، قیل: یا رسول اللہ! من هم؟ قال: هم جماع من نوازع القبائل، یجتمعون علی ذکر اللہ، فینتقون أطایب

---

جبکہ میں اس کے راویوں کو نہیں جانتا۔

۷۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۱، رقم: ۲۵۰۸

۸۔ طبری نے یہ حدیث ’جامع البیان فی تفسیر القرآن (۱۱: ۱۳۲)‘ میں ابن حبان کی بیان کردہ روایت کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

۹۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۴۲۲

۱۰۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۴: ۳۷۲)‘ میں کہا ہے کہ یہ حدیث ابن ابی دنیا، ابن جریر، ابن منذر، ابو شیخ، ابن مردویہ، اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**الكلام كما ينتقى آكل التمر أطايبه۔(۱)**

''حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: رحمٰن کے دائیں طرف حالانکہ اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں، کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو نبی ہوں گے نہ شہید۔ ان کے چہروں کا نور سب لوگوں کی آنکھوں کو چندھیا رہا ہوگا، ان کی مسندوں اور اللہ عزوجل سے ان کے قرب کی وجہ سے انبیاء اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک وسلم! یہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ مختلف قبیلوں سے آ کر اکٹھے ہونے والے وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے جمع ہوتے ہیں اور اللہ کے ذکر کے لیے خوبصورت الفاظ کا اِس طرح انتخاب کرتے ہیں جیسے کھجوریں کھانے والا اچھی اچھی کھجوروں کا انتخاب کرتا ہے۔''

**۸۹۔ عن أبى مالك الأشعرى رضی اللہ عنہ، قال: كنت عند النبى صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فنزلت هذه الآية: ﴿لَا تَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَآءَ إِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ قال: فنحن نسأله إذ قال: إن لله عبادا ليسوا بأنبياء و لا شهداء يغبطهم النبيون و الشهداء بقربهم و مقعدهم من الله عزوجل يوم القيامة۔ قال: و فى ناحية القوم أعرابى، فقام فجثا على ركبتيه و رمى بيديه، ثم قال:**

---

(۱) ۱۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۱۰: ۷۷)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔
۲۔ منذری نے 'الترغیب والترہیب (۲: ۲۶۱، رقم: ۲۳۲۶)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔
۳۔ ہندی نے 'کنز العمال (۱۰: ۲۴۸، رقم: ۲۹۳۲۶)' میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے عمرو بن عبسہ سے روایت کیا ہے۔
۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۸

حدثنا یا رسول اللہ عنھم من ھم؟ قال: فرأیت وجه النبی ﷺ ینتشر، فقال النبی ﷺ: عباد من عباد اللہ من بلدان شتی و قبائل من شعوب أرحام القبائل لم یکن بینھم أرحام یتواصلون بھا للہ لا دنیا، یتباذلون بھا یتحابون بروح اللہ ﷻ، یجعل اللہ وجوھھم نورا، یجعل لھم منابر من لؤلؤ قدام الرحمن تعالی، یفزع الناس و لا یفزعون و یخاف الناس و لا یخافون۔(۱)

---

۲۔ احمد بن حنبل نے 'المسند (۵: ۳۴۳)' میں طویل حدیث روایت کی ہے۔
۳۔ احمد بن حنبل نے 'المسند (۵: ۳۴۱)' میں یہ حدیث مختصراً بیان کی ہے۔
۴۔ احمد بن حنبل کی بیان کردہ طویل روایت ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۶)' میں نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ طبرانی نے بھی اس جیسی حدیث روایت کی ہے۔ ہیثمی نے اس حدیث کے رجال کو ثقہ قرار دیا ہے۔
۵۔ ہیثمی نے ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ ایک اور روایت 'مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۷)' میں نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اسے ابویعلی نے روایت کیا ہے۔
۶۔ ابن مبارک، الزہد: ۲۴۸
۷۔ معمر بن راشد، الجامع، ۱۱: ۲۰۱، ۲۰۲
۸۔ حارث، المسند، ۲: ۹۹۳، رقم: ۱۱۰۹
۹۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۲: ۸۲
۱۰۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۷، ۴۸۸، رقم: ۹۰۰۱
۱۱۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴: ۱۳، رقم: ۴۵۸۵
۱۲۔ بغوی، معالم التنزیل، ۲: ۳۵۹
۱۳۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۳: ۲۰۹
۱۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۴: ۳۷۲
۱۵۔ شوکانی نے 'فتح القدیر (۲: ۴۵۸)' میں اس حدیث کو صحیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حاکم نے یہ حدیث ابن عمر ﷺ سے مرفوعاً لی ہے۔

''حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء ہیں نہ شہداء۔ انبیاء اور شہدا روزِ قیامت ان کے اللہ تعالیٰ سے قرب اور ان کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ مسندوں پر رشک کریں گے۔ لوگوں کے ایک طرف ایک دیہاتی بیٹھا تھا، وہ کھڑا ہوا اور گھٹنوں کے بل جھک کر اپنے دونوں ہاتھ مارے اور کہا: یا رسول اللہ! ہمیں ان کے بارے میں بتایئے کہ وہ کون لوگ ہیں۔ میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے وہ بندے ہیں جو مختلف علاقوں اور مختلف قبائل کے مختلف خاندانوں سے ہیں جن کے درمیان کوئی رشتہ داریاں بھی نہیں مگر وہ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر ملتے ہیں، صرف اللہ کے لئے دنیا کیلئے نہیں۔ وہ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر خرچ کرتے ہیں۔ وہ صرف اللہ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ اللہ ان کے چہروں کو منور کردے گا، ان کے لیے خدائے رحمان کے سامنے موتیوں کے منبر بچھائے جائیں گے۔ اس روزِ (محشر جب) لوگ خوفزدہ ہوں گے لیکن انہیں کوئی خوف نہ ہوگا، اور لوگ غمگین ہوں گے مگر انہیں کوئی غم نہ ہوگا۔''

۹۰۔ عن أبی مسلم الخولانی، قال: قلت لمعاذ بن جبل: واللہ! إنی لأحبک لغیر دنیا أرجو أن أصیبها منک، و لا قرابة بینی و بینک، قال: فلأی شیء؟ قلت: للہ۔ قال: فجذب حبوتی، ثم قال: أبشر إن کنت صادقا، فإنی سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: المتحابون فی اللہ فی ظل العرش یوم لا ظل إلا ظله، یغبطهم بمکانهم النبیون و الشهداء۔ ثم قال: فخرجت فأتیت عبادة بن الصامت، فحدثته بحدیث معاذ، فقال عبادة بن الصامت: سمعت رسول اللہ ﷺ، یقول عن ربه تبارک وتعالی: حقت محبتی علی المتحابین فیّ، و حقت محبتی علی المتناصحین فیّ، و حقت محبتی علی المتزاورین فیّ، و

**حقت محبتي علی المتباذلین فيّ، و هم علی منابر من نور، یغبطهم النبیون و الصدیقون بمکانهم۔(۱)**

’’ابو مسلم خولانی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے معاذ بن جبل ﷛ سے کہا: خدا کی قسم! میں بغیر کسی دنیاوی مقصد کے آپ سے محبت کرتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ آپ بھی مجھ سے محبت رکھیں، میرے اور آپ کے درمیان کوئی قرابت داری نہیں ہے۔ معاذ بن جبل ﷛ نے کہا: پھر کیوں؟ میں نے جواب دیا: اللہ کے لئے، پس اُنہوں نے میرا کپڑا کھینچا، پھر کہا: میں خوشخبری سناتا ہوں کہ اگر تم سچے ہوتو بے شک میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں: اللہ کے لئے آپس میں محبت کرنے والے اُس دن یعنی روزِ قیامت عرش کے

---

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۳۳۸، رقم: ۵۷۷
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵: ۲۳۹
۳۔ ابن ابي شیبہ، المصنف، ۷: ۴۵، رقم: ۳۴۱۰۰
۴۔ قرشي، الاخوان: ۵۱، رقم: ۹
۵۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۵: ۱۲۲
۶۔ مقدسی نے ’الاحادیث المختارہ (۸: ۳۱۲، رقم: ۳۷۵)‘ میں اس حدیث کی اسناد کو صحیح قرار دیا ہے۔
۷۔ ابن عبد البر، التمہید، ۲۱: ۱۳۱
۸۔ منذری نے ’الترغیب و الترہیب (۴: ۱۱، رقم: ۴۵۷۵)‘ میں کہا ہے کہ اسے ابن حبان نے ’الصحیح‘ میں روایت کیا ہے۔
۹۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۲، رقم: ۲۵۱۰
۱۰۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۲۷۸، ۲۷۹
۱۱۔ مناوی، فیض القدیر، ۴: ۴۹۳
۱۲۔ ثعالبی، جواہر الحسان فی تفسیر القرآن، ۴: ۱۳۳

سائے میں ہوں گے جس دن اس کے سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا، ان کے اس مرتبہ پر انبیاء وشہداء رشک کریں گے۔ پھر کہا: میں وہاں سے نکلا اور عبادہ بن صامت ﷺ کے ہاں آیا اور ان سے معاذ والی گفتگو بیان کی۔ پس عبادہ بن صامت ﷺ نے کہا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو سنا ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے رب تبارک وتعالیٰ سے روایت کیا: میرے خاطر آپس میں محبت کرنے والوں پر میری محبت واجب ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے سے نصیحت پکڑنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے پر خرچ کرنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی اور وہ (جن کے لیے اللہ کی محبت لازم ہوگئی) نور کے منبروں پر ہوں گے، انبیاء وصدیقین ان کے درجات پر رشک کریں گے۔''

**۹۱۔ عن سعيد بن المسيب، قال: للمتحابين فی الله ﷻ منابر من نور يغبطهم بها الشهداء۔**(۱)

''حضرت سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لئے آپس میں محبت کرنے والوں کے لئے (روزِ قیامت) نور کے منبر ہوں گے، جن پر شہداء رشک کریں گے۔''

**۹۲۔ عن أبی مالک الأشعری ﷺ، قال: قال رسول الله ﷺ: عباد الله توضع لهم منابر من نور يوم القيامة، ليسوا بأنبياء و لا شهداء، يغبطهم النبيون و الشهداء۔ قالوا: فمن هم؟ قال: المتحابون فی الله**

---

(۱) ابن مبارک، الزہد، ۱: ۵۲۲، رقم: ۱۴۸۲

ﷺ۔(۱)

’’حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہوں گے جن کے لئے بروزِ قیامت نور کے منبر بچھائے جائیں گے، نہ تو وہ انبیاء ہوں گے اور نہ شہداء (لیکن) انبیاء اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔ (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) نے پوچھا: وہ لوگ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اللہ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے ہیں۔‘‘

**۹۳۔ عن العلاء بن زیاد رضی اللہ عنہ، عن نبی اللہ ﷺ، قال: عباد من عباد اللہ لیسوا بأنبیاء و لا شهداء، یغبطهم الأنبیاء و الشهداء یوم القیامة بقربهم من اللہ علی منابر من نور۔ یقول الأنبیاء و الشهداء: من هؤلاء؟ فیقولون: هؤلاء کانوا یتحابون فی اللہ علی غیر أموال تعاطوها و لا أرحام کانت بینهم۔(۲)**

’’علاء بن زیاد رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بندگانِ خدا میں سے کچھ ایسے بندے ہیں جو نہ تو انبیاء ہیں اور نہ ہی شہداء۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے قرب اور نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہونے کی وجہ سے انبیاء اور شہداء ان پر رشک کناں ہوں گے۔ انبیاء اور شہداء پوچھیں گے: یہ کون لوگ ہیں؟ پس وہ کہیں گے: یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں کسی مالی لین دین یا قرابت داری کے بغیر صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے۔‘‘

---

(۱) طبرانی، المعجم الکبیر، ۳: ۲۹۰، ۲۹۱، رقم: ۳۴۳۳

(۲) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۴۵، رقم: ۳۴۰۹۶

۲۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۴: ۳۷۳

۹۴۔ عن معاذ بن جبل رضی الله عنه، عن نبی الله ﷺ، قال: إن رجالا لیسوا بأنبیاء و لا شهداء یوضع لهم یوم القیامة منابر من نور، وجوههم من نور، یأمنون یوم القیامة من الفزع الأکبر۔ فقال رجل: یا نبی الله صلی الله علیک وآلک و سلم! و من أولئک؟ قال: هم نزاع القبائل یتحابون فی الله۔(۱)

''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بیشک کچھ لوگوں کے لئے روزِ قیامت نور کے منبر بچھائے جائیں گے، وہ انبیاء ہوں گے نہ شہداء، وہ قیامت کے دن کی بہت بڑی گھبراہٹ سے محفوظ ہوں گے۔ ایک آدمی نے سوال کیا: اے اللہ کے نبی! وہ کون ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ قبائل کے پڑوس میں رہنے والے اجنبی لوگ ہیں جو ایک دوسرے سے محض اللہ کی خاطر محبت کرتے ہوں گے۔''

(۱) طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۶۸، رقم: ۳۵۸

# فصل : ۱۶

## الذاكرون يجلسون على منابر اللؤلؤ والنور يوم القيامة

﴿روزِ محشر اہل ذکر موتیوں اور نور کے منبروں پر رونق افروز ہوں گے﴾

۹۵۔ عن أبي الدرداء ﷺ قال: قال رسول الله ﷺ: ليبعثن الله أقواما يوم القيامة في وجوههم النور على منابر اللؤلؤ، يغبطهم الناس ليسوا بأنبياء ولا شهداء، قال: فجثى أعرابي على ركبتيه، فقال: يا رسول الله! حلهم لنا نعرفهم۔ قال: هم المتحابون في الله من قبائل شتى و بلاد شتى يجتمعون على ذكر الله يذكرونه۔(۱)

’’حضرت ابو درداء ﷺ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کچھ ایسے لوگوں کو اٹھائے گا جن کے چہرے پُرنور ہوں گے، وہ موتیوں کے منبروں پر ہوں گے، لوگ انہیں دیکھ کر رشک کریں گے، نہ تو وہ انبیاء ہوں گے اور نہ ہی شہداء۔ ابو درداء کہتے ہیں کہ ایک اعرابی اپنے گھٹنے کے بل بیٹھ کر کہنے لگا: یا رسول اللہ! آپ ہمارے سامنے ان کا حلیہ بیان کریں تاکہ ہم انہیں جان لیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو مختلف قبیلوں اور مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں،

(۱) ۱۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۱۰: ۷۷)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کی سند حسن ہے۔
۲۔ منذری نے ’’الترغیب والترہیب (۲: ۲۶۲، ۴: ۱۲، رقم: ۴۵۸۳)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے حسن سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔
۳۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۱۰: ۳۶۸)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے حضرت ابو درداء ﷺ سے روایت کیا ہے۔

اکٹھے ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں۔‘‘

**۹۶۔ عن معاذ بن جبل ﷺ، قال: سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: قال اللہ ﷻ: المتحابون فی جلالی لھم منابر من نور یغبطھم النبیون والشھداء۔(۱)**

’’حضرت معاذ بن جبل ﷺ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میری عظمت وجلالت کی وجہ سے باہم محبت کرنے والوں کے لئے نور کے منبر ہوں گے، ان پر انبیاء اور شہداء رشک کریں گے۔‘‘

**۹۷۔ عن أبی ھریرة ﷺ قال: قال رسول اللہ ﷺ: إن من عباد اللہ عبادا لیسوا بأنبیاء، یغبطھم الأنبیاء و الشھداء۔ قیل: من ھم لعلنا نحبھم؟ قال: ھم قوم تحابوا بنور اللہ من غیر أرحام ولا إنتساب، وجوھھم نور علی منابر من نور، لا یخافون إذا خاف الناس، و لا یحزنون إذا حزن الناس، ثم قرأ: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ**

---

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۴: ۵۹۷، رقم: ۲۳۹۰

۲۔ ابو نعیم، حلیة الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۲: ۱۳۱

۳۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۴: ۱۱، رقم: ۴۵۷۶

۴۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۲، رقم: ۲۵۱۰

۵۔ ابن قیم، حاشیہ علی سنن ابی داؤد، ۱۴: ۲۱

۶۔ مزی، تہذیب الکمال، ۳۳: ۲۹۲

۷۔ مناوی، فیض القدیر، ۴: ۴۸۵

۸۔ مبارک پوری، تحفة الاحوذی، ۷: ۵۶

لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾۔(۱)

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء نہیں لیکن انبیاء اور شہداء ان پر رشک کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا گیا: وہ کون ہیں؟ تاکہ ہم ان سے محبت کریں۔ فرمایا: وہ ایسے بندے ہیں جو آپس میں بغیر کسی قرابت داری اور رشتے کے محض اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرتے ہیں، ان کے چہرے پُر نور ہوں گے اور وہ نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہوں گے۔ انہیں اس وقت کوئی خوف نہ ہوگا جب لوگ خوف زدہ ہوں گے، انہیں کوئی غم نہ ہوگا جب لوگ غمزدہ ہونگے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''خبردار! بے شک اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ رنجیدہ و

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۳۳۲، ۳۳۳، رقم: ۵۷۳

۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۶: ۳۶۲، رقم: ۱۱۲۳۶

۳۔ ابو یعلیٰ، المسند، ۱۰: ۴۹۵، رقم: ۶۱۱۰

۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۵، رقم: ۸۹۹۷

۵۔ منذری نے 'الترغیب والترہیب (۴: ۱۲)' میں کہا ہے کہ اسے نسائی نے روایت کیا اور ابن حبان نے 'الصحیح' میں روایت کیا ہے۔

۶۔ ہیثمی نے 'مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۷)' میں کہا ہے کہ اسے بزار نے روایت کیا ہے جبکہ میں اس کے راویوں کو نہیں جانتا۔

۷۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۱، رقم: ۲۵۰۸

۸۔ طبری نے یہ حدیث 'جامع البیان فی تفسیر القرآن (۱۱: ۱۳۲)' میں ابن حبان کی بیان کردہ روایت کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

۹۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۴۲۲

۱۰۔ سیوطی نے 'الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۴: ۳۷۲)' میں کہا ہے کہ یہ حدیث ابن ابی دنیا، ابن جریر، ابن منذر، ابو شیخ، ابن مردویہ، اور بیہقی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

غمگین ہوں گے۔‘‘

۹۸۔ عن أبي مالك الأشعري ﷜، قال: كنت عند النبي ﷺ، فنزلت هذه الآية: ﴿لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَآءَ إِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ قال: فنحن نسأله إذ قال: إن لله عبادا ليسوا بأنبياء و لا شهداء يغبطهم النبيون و الشهداء بقربهم و مقعدهم من الله ﷯ يوم القيامة۔ قال: و في ناحية القوم أعرابي، فقام فجثا على ركبتيه و رمى بيديه، ثم قال: حدثنا يا رسول الله عنهم من هم؟ قال: فرأيت وجه النبي ﷺ ينتشر، فقال النبي ﷺ: عباد الله من بلدان شتى و قبائل من شعوب أرحام القبائل لم يكن بينهم أرحام يتواصلون بها لله لا دنيا يتباذلون بها يتحابون بروح الله ﷯ يجعل الله وجوههم نورا يجعل لهم منابر من لؤلؤ قدام الرحمن تعالى، يفزع الناس و لا يفزعون و يخاف الناس و لا يخافون۔(۱)

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۳: ۲۹۰، رقم: ۳۴۳۳
۲۔ احمد بن حنبل نے ’المسند (۵: ۳۴۱)‘ میں یہ حدیث مختصراً بیان کی ہے۔
۳۔ احمد بن حنبل نے ’المسند (۵: ۳۴۳)‘ میں طویل حدیث روایت کی ہے۔
۴۔ احمد بن حنبل کی بیان کردہ طویل روایت ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۶)‘ میں نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ طبرانی نے بھی اس جیسی حدیث روایت کی ہے۔ ہیثمی نے اس حدیث کے رجال کو ثقہ قرار دیا ہے۔
۵۔ ہیثمی نے ذرا مختلف الفاظ کے ساتھ ایک اور روایت ’مجمع الزوائد (۱۰: ۲۷۷)‘ میں نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اسے ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔
۶۔ ابن مبارک، الزہد: ۲۴۸
۷۔ معمر بن راشد، الجامع، ۱۱: ۲۰۱، ۲۰۲

←

’’حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء ہیں نہ شہداء۔ انبیاء اور شہدا روزِ قیامت ان کے اللہ تعالیٰ سے قرب اور عطا کردہ مسندوں پر رشک کریں گے۔ لوگوں کے ایک طرف ایک دیہاتی بیٹھا تھا، وہ کھڑا ہوا اور گھٹنوں کے بل جھک کر اپنے دونوں ہاتھ مارے اور کہا: یا رسول اللہ! ہمیں ان کے بارے میں بتائیے کہ وہ کون لوگ ہیں۔ (راوی کہتا ہے:) میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا، آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اللہ کے وہ بندے ہیں جو مختلف علاقوں اور مختلف قبائل کے مختلف خاندانوں سے ہیں جن کے درمیان کوئی رشتہ داریاں بھی نہیں مگر وہ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر ملتے ہیں، صرف اللہ کے لئے دنیا کیلئے نہیں۔ وہ ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر خرچ کرتے ہیں۔ وہ صرف اللہ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ اللہ ان کے چہروں کو منور کر دے گا، ان کے لیے خدائے رحمان کے سامنے موتیوں کے منبر بچھائے جائیں گے۔ جس دن لوگ خوفزدہ ہوں گے لیکن انہیں کوئی خوف نہ ہوگا، اور لوگ غمگین ہوں گے مگر انہیں کوئی غم نہ ہوگا۔‘‘

۹۹۔ عن عمرو بن عبسة رضی اللہ عنہ قال: سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: عن یمین الرحمن و کلتا یدیه یمین رجال لیسوا بأنبیاء ولا شهداء،

---

۸۔ حارث، المسند، ۲: ۹۹۳، رقم: ۱۱۰۹

۹۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۲: ۸۲

۱۰۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۷، ۴۸۸، رقم: ۹۰۰۱

۱۱۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴: ۱۳، رقم: ۴۵۸۵

۱۲۔ بغوی، معالم التنزیل، ۲: ۳۵۹

۱۳۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۳: ۲۰۹

۱۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۴: ۳۷۲

۱۵۔ شوکانی نے ’فتح القدیر (۲: ۴۵۸)‘ میں اس حدیث کو صحیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حاکم نے یہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً لی ہے۔

يغشي بياض وجوههم نظر الناظرين، يغبطهم النبيون والشهداء بمقعدهم و قربهم من الله ﷻ، قيل: يا رسول الله صلى الله عليك وآلك وسلم! من هم؟ قال: هم جماع من نوازع القبائل، يجتمعون على ذكر الله، فينتقون أطايب الكلام كما ينتقي آكل التمر أطايبه۔(۱)

’’حضرت عمرو بن عبسہ ؓ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: رحمٰن کے دائیں طرف حالانکہ اور اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں، کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو نبی ہوں گے نہ شہید۔ ان کے چہروں کا نور سب لوگوں کی آنکھوں کو چندھیا رہا ہوگا، ان کی مسندوں اور اللہ ﷻ سے ان کے قرب کی وجہ سے انبیاء اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک وسلم! یہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ مختلف قبیلوں سے آ کر اکٹھے ہونے والے وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے جمع ہوتے ہیں اور اللہ کے ذکر کے لیے خوبصورت الفاظ کا اِس طرح انتخاب کرتے ہیں جیسے کھجوریں کھانے والا اچھی اچھی کھجوروں کا انتخاب کرتا ہے۔‘‘

۱۰۰۔ عن أبي مسلم الخولاني، قال: قلت لمعاذ بن جبل: والله! إني لأحبك لغير دنيا أرجو أن أصيبها منك، و لا قرابة بيني و بينك،

(۱) ۱۔ ہیثمی نے ’مجمع الزوائد (۱۰: ۷۷)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال ثقہ ہیں۔
۲۔ منذری نے ’الترغیب والترہیب (۲: ۲۶۱، رقم: ۲۳۲۶)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔
۳۔ ہندی نے ’کنز العمال (۱۰: ۲۴۸، رقم: ۲۹۳۲۶)‘ میں کہا ہے کہ اسے طبرانی نے عمرو بن عبسہ سے روایت کیا ہے۔
۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالمأثور، ۱: ۳۶۸

قال: فلأی شئ؟ قلت: للّٰه۔ قال: فجذب حبوتی، ثم قال: أبشر إن كنت صادقا، فإنی سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول: المتحابون فی اللّٰه فی ظل العرش يوم لا ظل إلا ظله، يغبطهم بمكانهم النبيون و الشهداء۔ ثم قال: فخرجت فأتيت عبادة بن الصامت، فحدثته بحديث معاذ، فقال عبادة بن الصامت: سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول عن ربه تبارک وتعالى: حقت محبتی على المتحابين فیّ، و حقت محبتی على المتناصحين فیّ، و حقت محبتی على المتزاورين فیّ، و حقت محبتی على المتباذلين فیّ، و هم على منابر من نور، يغبطهم النبيون و الصديقون بمكانهم۔(۱)

---

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۳۳۸، رقم: ۵۷۷
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵: ۲۳۹
۳۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۳۵، رقم: ۳۴۱۰۰
۴۔ قرشی، الاخوان: ۵۱، رقم: ۹
۵۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۵: ۱۲۲
۶۔ مقدسی نے 'الاحادیث المختارہ (۸: ۳۱۲، رقم: ۳۷۵)' میں اس حدیث کی اسناد کو صحیح قرار دیا ہے۔
۷۔ ابن عبد البر، التمہید، ۲۱: ۱۳۱
۸۔ منذری نے 'الترغیب و الترہیب (۴: ۱۱، رقم: ۴۵۷۵)' میں کہا ہے کہ اسے ابن حبان نے 'الصحیح' میں روایت کیا ہے۔
۹۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۶۲۲، رقم: ۲۵۱۰
۱۰۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۲۷۸، ۲۷۹
۱۱۔ مناوی، فیض القدیر، ۴: ۴۹۳
۱۲۔ ثعالبی، جواہر الحسان فی تفسیر القرآن، ۴: ۱۳۳

''ابو مسلم خولانی سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے معاذ بن جبل ﷺ سے کہا: خدا کی قسم! میں بغیر کسی دنیاوی مقصد کے آپ سے محبت کرتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ آپ بھی مجھ سے محبت رکھیں، میرے اور آپ کے درمیان کوئی قرابت داری نہیں ہے۔ معاذ بن جبل ﷺ نے کہا: پھر کس لئے؟ میں نے جواب دیا: اللہ کے لئے، پس اُنہوں نے میرا کپڑا کھینچا، پھر کہا: میں خوشخبری سناتا ہوں کہ اگر تم سچے ہو تو بے شک میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں: اللہ کے لئے آپس میں محبت کرنے والے اُس دن یعنی روزِ قیامت عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس کے سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا، ان کے اس مرتبہ پر انبیاء و شہداء رشک کریں گے۔ پھر کہا: میں وہاں سے نکلا اور عبادہ بن صامت ﷺ کے ہاں آیا اور ان سے معاذ والی گفتگو بیان کی۔ پس عبادہ بن صامت ﷺ نے کہا: میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو سنا ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے رب تبارک و تعالیٰ سے روایت کیا: میرے خاطر آپس میں محبت کرنے والوں پر میری محبت واجب ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے سے نصیحت پکڑنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی، اور میرے لئے آپس میں ایک دوسرے پر خرچ کرنے والوں پر میری محبت لازم ہوگئی اور وہ (جن کے لیے اللہ کی محبت لازم ہوگئی) نور کے منبروں پر ہوں گے، انبیاء و صدیقین ان کے درجات پر رشک کریں گے۔''

**۱۰۱۔ عن سعید بن المسیب، قال: للمتحابین فی اللہ ﷻ منابر من نور یغبطھم بھا الشھداء۔(۱)**

(۱) ابن مبارک، الزھد، ۱: ۵۲۲، رقم: ۱۴۸۲

’’حضرت سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لئے آپس میں محبت کرنے والوں کے لئے (روزِ قیامت) نور کے منبر ہوں گے، جن پر شہداء رشک کریں گے۔‘‘

**۱۰۲۔ عن العلاء بن زیاد رضی اللہ عنہ، عن نبی اللہ ﷺ، قال: عباد من عباد اللہ لیسوا بأنبیاء و لا شهداء، یغبطهم الأنبیاء و الشهداء یوم القیامة بقربهم من اللہ علی منابر من نور۔ یقول الأنبیاء و الشهداء: من هؤلاء؟ فیقولون: هؤلاء کانوا یتحابون فی اللہ علی غیر أموال تعاطوها و لا أرحام کانت بینهم۔(۱)**

’’علاء بن زیاد رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بندگانِ خدا میں سے کچھ بندے ایسے ہیں جو انبیاء ہیں نہ شہداء۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے قرب اور نور کے منبروں پر جلوہ افروز ہونے کی وجہ سے انبیاء اور شہداء ان پر رشک کناں ہوں گے۔ انبیاء اور شہداء پوچھیں گے: یہ کون لوگ ہیں؟ پس وہ کہیں گے: یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں کسی مالی لین دین یا قرابت داری کے بغیر صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے۔‘‘

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۳۵، رقم: ۳۴۰۹۶

۲۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۴: ۳۷۳

## فصل: ۱۷

# الذاكرون أحب العباد إلى الله تعالى

## ﴿اہلِ ذِکر اللہ کے محبوب ترین بندے ہیں﴾

۱۰۳۔ عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: وفد موسی علیه السلام إلی طور سیناء، قال: یا رب! أی عبادک أحب إلیک؟ قال: الذی یذکرنی و لا ینسانی۔(۱)

”حضرت (عبداللہ) بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں: جب موسیٰ علیہ السلام طورِ سینا پر تشریف لئے گئے تو بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا: اے پروردگار! تجھے اپنے بندوں میں سب سے زیادہ محبت کس سے ہے؟ فرمایا: وہ جو ہر وقت میرا ذکر رہتا ہے اور مجھے بھولتا نہیں۔“

۱۰۴۔ عن ابن عباس رضي الله عنهما، قال: قال موسی علیه السلام حین کلم ربه: أی رب! أی عبادک أحب إلیک؟ قال أکثرهم لی ذکرا۔ قال: أی عبادک أغنی؟ قال: الراضی بما أعطیته۔ قال: أی رب! أی عبادک أحکم؟ قال: الذی یحکم علی نفسه بما یحکم علی الناس۔(۲)

---

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۵۱، رقم: ۶۸۱

۲۔ ابوبکر بغدادی، الرحلۃ فی طلب الحدیث: ۱۰۳

۳۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۱۵: ۲۷۷

۴۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۹۷

۵۔ طبری، تاریخ الامم والملوک، ۱: ۲۲۳

(۲) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۷۲، رقم: ۳۴۲۸۶

۲۔ ابوخیثمہ، کتاب العلم: ۲۲، رقم: ۸۶

۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۷: ۲۹۱، رقم: ۱۰۳۴۸

’’حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب اللہ تعالیٰ اُن سے کلام فرما رہا تھا عرض کیا: اے پروردگار! تجھے اپنے بندوں میں سب سے زیادہ محبت کس سے ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو میرا نام کثرت سے جپتا رہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے پروردگار! تیرا کون سا بندہ سب سے زیادہ غنی ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو میری عطا پر راضی ہو گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: تیرا کون سا بندہ بہتر فیصلہ کرنے والا ہے؟ اللہ رب العزت نے فرمایا: جو اپنے لئے ویسا ہی فیصلہ کرتا ہے جیسا کہ دوسرے لوگوں کے لئے کرتا ہے۔‘‘

**۱۰۵۔ عن میثم قال: لما قرب اللہ موسی علیہ السلام نجیًا بطور سیناء، قال: أی عبادک أحب إلیک؟ قال: أکثرھم ذکرا۔(۱)**

’’میثم سے مروی ہے، انہوں نے کہا: جب اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو طورِ سینا پر ہم کلامی کے لیے بلایا تو آپ علیہ السلام نے عرض کیا: اے پروردگار! تیرے بندوں میں سے تجھے سب سے زیادہ محبت کس سے ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو میرا ذکر سب سے زیادہ کرنے والا ہے۔‘‘

**۱۰۶۔ عن أبی عمرو الشیبانی، قال موسی علیہ السلام لربہ عزوجل: یا رب! أی عبادک أحب إلیک؟ قال: أکثرھم لی ذکرا۔ قال: فأی عبادک أغنی؟ قال: أقنعھم بما أعطیتہ۔ قال: فأی عبادک أعدل؟ قال: من أدان نفسہ من نفسہ۔(۲)**

---

(۱) ۱۔ ضبی، کتاب الدعاء، ۱: ۲۸۲، رقم: ۱۰۳

۲۔ ہناد، الزہد، ۲: ۶۰۸، رقم: ۱۳۰۱

(۲) ہناد، الزہد، ۱: ۲۷۷، رقم: ۴۸۹

''ابو عمرو شیبانی سے مروی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا: اے پروردگار! تجھے اپنے بندوں میں سب سے زیادہ محبت کس سے ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو میرا ذکر سب سے زیادہ کرتا ہے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے زیادہ غنی کون ہے؟ فرمایا: جو سب سے زیادہ قناعت کرنے والا ہے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے زیادہ عادل کون ہے؟ فرمایا: جو خود اپنے خلاف بھی فیصلہ کرے۔''

**۱۰۷۔ عن أبی هريرة رضی الله عنه: قال: قال رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم: سأل موسی ربه عزوجل: رب! أنبئنی أی عبادک أتقی؟ قال: الذی يذكرنی ولا ينسانی۔ قال: أی عبادک أعلم؟ قال: عالم لا يشبع من العلم، قال: الذی يجمع علم الناس إلی علمه۔ قال: فأی عبادک أعزّ؟ قال: الذی إذا قَدرَ غفر۔(۱)**

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب کی بارگاہ میں عرض کیا: اے میرے رب! مجھے بتا کہ تیرے بندوں میں سب سے زیادہ متقی کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو ہر وقت میرا ذکر کرے اور مجھے بھولے نہیں۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ فرمایا: وہ جو کبھی علم سے سیر نہ ہو، (پھر) فرمایا: وہ جو اپنے علم میں لوگوں کا علم جمع کرلے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ فرمایا: وہ جو غالب آئے تو معاف کردے۔''

**۱۰۸۔ عن محمد بن كعب القرظی، قال: قال موسی عليه السلام: يا رب! أی خلقک أكرم عليک؟ قال: الذی لا يزال لسانه رطبا من ذكری۔**

---

(۱) دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۲: ۳۱۴، رقم: ۳۴۱۹

قال: یا رب! أی خلقک أعلم؟ قال: الذی یلتمس إلی علمه علم غیره۔ قال: یا رب فأی خلقک أعدل؟ قال: الذی یقضی علی نفسه کما یقضی علی الناس۔ قال: یا رب! فأی خلقک أعظم ذنبا؟ قال: الذی یتهمنی۔ قال: یا رب! وهل یتهمک أحد؟ قال: الذی یستخیرنی ثم لا یرضی بقضائی۔(۱)

''محمد بن کعب قرظی سے روایت ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے (بارگاہِ خداوندی میں) عرض کیا: اے رب! تیری مخلوق میں تیرے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس کی زبان ہمیشہ میرے ذکر سے تر رہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے رب! تیری مخلوق میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ فرمایا: جو اپنے علم کے ساتھ دوسروں کے علم کا طالب ہو (یعنی اسے جہاں سے بھی علم ملے شوق سے حاصل کرے)۔ عرض کیا: اے رب! تیری مخلوق میں سب سے بڑا عادل کون ہے؟ فرمایا: وہ جو اپنے نفس کے خلاف بھی ویسے ہی فیصلہ کرے جیسے دوسروں کے خلاف کرتا ہے۔ عرض کیا: اے پروردگار! تیری مخلوق میں سب سے بڑا گنہگار کون ہے؟ فرمایا: جو مجھ پر تہمت لگاتا ہے؟ عرض کیا: باری تعالیٰ! کوئی بھلا آپ پر بھی تہمت لگاتا ہے؟ فرمایا: وہ جو مجھ سے خیر طلب کرے اور پھر میرے فیصلے پر راضی نہ ہو۔''

۱۰۹۔ عن عبد اللہ بن الحرث، قال: أوحی اللہ إلی داود أن احبنی و أحب أحبائی و حببنی إلی عبادی، قال: یا رب! أحبک و أحب أحبائک، فکیف أحببک إلی عبادک، قال: اذکرونی لهم فإنهم لن یذکر منی إلا خیرا۔(۲)

(۱) بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۵۱، رقم: ۶۸۲

(۲) ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۶۸، رقم: ۳۴۲۵۴

’’حضرت عبداللہ بن حرث روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ مجھ سے اور مجھ سے محبت کرنے والوں سے محبت کر اور میرے بندوں میں مجھے محبوب بنا۔ داؤد علیہ السلام نے عرض کیا: اے رب! میں آپ سے اور آپ سے محبت کرنے والوں سے محبت کروں گا لیکن آپ کو آپ کے بندوں میں کیسے محبوب بناؤں؟ فرمایا: ان کے سامنے میرا ذکر (کثرت سے) کیا کر کہ بیشک میرا ذکر ہی ان کے لیے خیر کا باعث ہوگا۔‘‘

**۱۱۰۔ عن أنس رضی الله عنه، قال: سمعت النبی صلی الله علیه وآله وسلم يقول: علامة حبّ الله حبّ ذكر الله، و علامة بغض الله بغض ذكر الله ۔(۱)**

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: اللہ سے محبت کی علامت اس کے ذکر سے محبت کرنا ہے اور اللہ سے بغض کی علامت اس کے ذکر سے بغض رکھنا ہے۔‘‘

**۱۱۱۔ عن ابن عباس أن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم قال: إن داود علیه السلام قال فيه يخاطب ربه عزوجل: يارب! أی عبادک أحب إليک أحبه بحبک؟ قال: يا داود! أحب عبادی إلی نقیّ القلب نقی الكفين، لا يأتي إلى أحد سوءا ولا يمشي بالنميمة تزول الجبال ولا يزول، و أحبنی و أحب من يحبنی و حببنی إلى عبادی۔ قال: يا رب! إنک لتعلم أنی أحبک و أحب من يحبک، فكيف أحببک إلى عبادک؟ قال: ذکرهم**

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۶۷، رقم: ۴۰۹، ۴۱۰

۲۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳: ۵۴، رقم: ۴۱۴۱

۳۔ ہندی، کنز العمال، ۱: ۲۱۷، ۲۱۸، رقم: ۱۷۷۶

بآیاتي و بلائي و نعمائي یا داود! إنه لیس من عبد یعین مظلوما أو یمشي معه في مظلمته إلا أثبت قدمیه یوم تزل الأقدام۔(۱)

''حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: داؤد علیہ السلام نے اپنے رب سے مخاطب ہوکر عرض کیا: اے پروردگار! آپ کو اپنے بندوں میں سب سے زیادہ محبت کس سے ہے تاکہ میں آپ کی محبت کی وجہ سے ان سے محبت کروں؟ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا: اے داؤد! مجھے اپنے بندوں میں سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جس کا دل اور دونوں ہتھیلیاں پاک و صاف ہوں، کسی سے برائی کرے نہ کسی کی چغلی کھائے اور اس پر ثابت قدم رہے۔ مجھ سے اور مجھ سے محبت کرنے والوں سے محبت کرے، اور میرے بندوں کو میری محبت سکھائے۔ داؤد علیہ السلام نے عرض کیا: اے پروردگار! تو جانتا ہے کہ میں تجھ سے اور تجھ سے محبت کرنے والوں سے محبت کرتا ہوں لیکن تیرے بندوں کو تیری محبت کیسے سکھاؤں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: انہیں میری نشانیاں، میری آفات اور میری نعمتیں (کثرتِ ذکر سے) یاد دلاؤ۔ اے داؤد! میرا جو بندہ بھی مظلوم کی مدد کرے گا یا اس کی دادرسی کے لیے اس کے ساتھ چلے گا میں اُسے اُس دن ضرور ثابت قدم رکھوں گا جس دن قدم پھسل جائیں گے۔''

۱۱۲۔ عن أبي هریرة رضی اللہ عنہ، عن رسول اللہ ﷺ، قال: سأل موسی ربه عن ست خصال کان یظن أنها له خالصة، والسابعة لم یکن موسی

---

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۱۱۹، رقم: ۷۶۶۸

۲۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۳: ۱۹۵، رقم: ۴۵۴۳

۳۔ مناوی، الاتحافات السنیۃ بالاحادیث القدسیۃ: ۱۱۲۔۱۱۳، رقم: ۲۵۸

۴۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۳: ۱۲

یحبھا۔ قال: یا رب! أی عبادک أتقی؟ قال: الذی یذکر ولا ینسی، قال: فأی عبادک أھدی؟ قال: الذی یتبع الھدی، قال: فأی عبادک أحکم؟ قال: الذی یحکم للناس کما یحکم لنفسه؟ قال: فأی عبادک أعلم؟ قال: عالم لا یشبع من العلم، یجمع علم الناس إلی علمه، قال: فأی عبادک أعز؟ قال: الذی إذا قدر غفر۔ قال: فأی عبادک أغنی؟ قال: الذی یرضی بما یؤتی۔ فأی عبادک أفقر؟ قال: صاحب منقوص۔ قال رسول اللہ ﷺ: لیس الغِنی عن ظھر، إنما الغِنی غِنی النفس، و إذا أراد اللہ بعبد خیرا، جعل غناہ فی نفسه، و تقاہ فی قلبه، و إذا أراد اللہ بعبد شرا، جعل فقرہ بین عینیه۔(۱)

’’حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے رب سے چھ خصائل کے بارے میں سوال کیا: ان کے بارے میں ان کا گمان تھا کہ وہ ان میں بتمام وکمال پائے جاتے ہیں اور ساتویں خصلت موسیٰ (علیہ السلام) کو پسند نہ تھی۔ موسیٰ (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے رب! تیرے بندوں میں سب سے زیادہ متقی کون ہے؟ فرمایا: وہ جو ہر وقت میرا ذکر کرے اور مجھے بھولے نہیں۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سے سب سے زیادہ ہدایت یافتہ کون ہے؟ فرمایا: وہ جو ہدایت کی پیروی کرے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے بڑا حاکم کون ہے؟ فرمایا: وہ جو لوگوں کے لئے وہی فیصلہ کرے جو وہ اپنے لئے کرتا ہے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ فرمایا: وہ جو علم سے

---

(۱) ا۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۴: ۱۰۱، رقم: ۶۲۱۷

۲۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۵۰، رقم: ۸۶

سیر نہ ہو اور لوگوں کا علم بھی اپنے علم میں جمع کرے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے زیادہ معزز کون ہے؟ فرمایا: وہ جو غالب آئے تو معاف کر دے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے زیادہ غنی کون ہے؟ فرمایا: جو جتنا ملے اس پر راضی ہو جائے۔ عرض کیا: تیرے بندوں میں سب سے بڑا فقیر کون ہے؟ فرمایا: وہ جس کا غِنا کم ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غِنا (سے مراد) مال کا غِنا نہیں بلکہ دل کا غنی ہونا مراد ہے، اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے خیر کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے دل میں غِنا پیدا فرما دیتا ہے اور اس کے دل میں تقویٰ ڈال دیتا ہے اور جب کسی بندے کو اس کے شر کی سزا دینا چاہتا ہے تو اس کا فقر اس کے سامنے کر دیتا ہے (یعنی اس کی آنکھوں میں فقر ہوتا ہے حقیقتاً وہ فقیر نہیں ہوتا)۔‘‘

## فصل: ۱۸

# لا یرد اللّٰہ دعاء الذاکرین

## ﴿اللہ تعالیٰ اہلِ ذکر کی دعا ردّ نہیں فرماتا﴾

**۱۱۳۔ عن أبی ھریرة رضی اللہ عنہ، عن النبی ﷺ قال: ثلاثة لا یرد اللّٰہ دعاء ھم: الذاکر اللّٰہ کثیرا و دعوة المظلوم والإمام المقسط۔(۱)**

”حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تین قسم کے لوگ ایسے ہیں جن کی دعا اللہ تعالیٰ ردنہیں فرماتا: کثرت کے ساتھ اللہ کا ذکر کرنے والا، مظلوم، اور عادل حکمران۔“

**۱۱۴۔ عن ابی امامة الباھلی قال: سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول: من اوی الی فراشه طاھرا یذکر اللّٰہ حتی یدرکه النعاس لم یتقلب ساعة من اللیل سأل اللّٰہ من خیر الدنیا والاخرة الا اعطاہ ایاہ۔(۲)**

”حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے

---

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۱۹، رقم: ۵۸۸
۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۱۱، رقم: ۷۳۵۸
۳۔ عجلونی، کشف الخفاء، ۱: ۳۹۰، رقم: ۱۰۴۵

(۲) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۵۴۰، رقم: ۳۵۲۶
۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۸: ۱۲۵، رقم: ۷۵۶۸
۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۱: ۲۳۱، رقم: ۸۸۰
۴۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۵۱
۵۔ مبارک پوری، تحفة الاحوذی، ۹: ۳۶۰، رقم: ۱۰۲

فرمایا: جو پاکیزگی کی حالت میں اللہ کا ذِکر کرتے ہوئے بستر پر دراز ہوا تو رات کی کوئی گھڑی ایسی نہیں گزری یہاں تک کہ اسے اونگھ آ گئی کہ اس نے اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی بھلائی طلب کی ہو اور اس نے اسے عطا نہ کی ہو۔‘‘

**۱۱۵۔ عن معاذ أن النبی ﷺ قال من آوی إلی فراشه طاهرا یذکر الله تعالی حتی تغلبه عیناه فتعار من اللیل لم یسأل الله تعالی خیرا من خیر الدنیا والاخرة الا اعطاه۔(۱)**

’’حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی پاکیزگی کی حالت میں اللہ کا ذکر کرتے ہوئے اپنے بستر پر دراز ہوا یہاں تک کہ اسے نیند محسوس ہونے لگی لیکن اس نے رات حالتِ بیداری میں گزار دی تو دنیا و آخرت کی کوئی بھلائی ایسی نہیں کہ جس کا وہ سوال کرے اور وہ اسے عطا نہ ہو۔‘‘

**۱۱۶۔ عن ابی امامة قال من بات ذاکرا طاهرا ثم تعار من اللیل لم یسأل الله حاجة للدنیا والاخرة الا اعطاه الله۔(۲)**

’’حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے حالتِ طہارت میں ذکر کرتے ہوئے رات گزاری اور رات بھر بیدار رہا تو دنیا و آخرت کی جو حاجت بھی وہ پیش کرے گا اللہ تعالیٰ پوری فرمائے گا۔‘‘

**۱۱۷۔ عن ابی امامة قال رسول الله ﷺ ما من رجل نام طاهرا علی ذکر فتعار من اللیل یسأل خیر الدنیا و الآخرة إلا اعطاه۔(۳)**

---

(۱) ۱۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۶: ۲۰۱، رقم: ۱۰۶۴۱

۲۔ نسائی، عمل الیوم واللیلة، ۱: ۴۶۹، رقم: ۸۰۵

(۲) ابن ابی شیبہ، المصنف، ۱: ۱۱۱، رقم: ۱۲۶۵

(۳) رویانی، المسند، ۲: ۳۰۲، رقم: ۱۲۴۹

’’حضرت ابو امامہ ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی آدمی ایسا نہیں ہے جو کہ حالت پاکیزگی میں اللہ کا ذکر کرتے ہوئے سو جائے پھر بیدار ہو، وہ دنیا و آخرت کی جس بھلائی کا بھی طلب گار ہوتا ہے اسے عطا کر دی جاتی ہے۔‘‘

**۱۱۸۔ عن عمرو بن عبسه عن النبی ﷺ ما من رجل نام طاهرا علی ذکر فتعار من اللیل یدعو اللہ حیثما الا اعطاه۔(۱)**

’’حضرت عمرو بن عبسہ ﷛ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی حالتِ پاکیزگی میں ذکر کرتے ہوئے لیٹے اور رات بھر جاگتا رہے تو وہ اللہ سے جو بھی مانگے گا عطا ہوگا۔‘‘

**۱۱۹۔ عن عمر بن الخطاب ﷛، عن النبی ﷺ قال: یقول اللہ ﷻ: من شغله ذکری عن مسألتی أعطیته أفضل ما أعطی السائلین۔(۲)**

---

(۱) بخاری، الکنی: ۴۷، رقم: ۴۰۹

(۲) ۱۔ بخاری، التاریخ الکبیر، ۲: ۱۱۵، رقم: ۱۸۷۹

۲۔ بخاری، خلق افعال العباد: ۱۰۹

۳۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۳: ۶۴

۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۱۳، رقم: ۵۷۲

۵۔ بیہقی، شعب الایمان، ۳: ۴۶۷، رقم: ۴۰۸۰

۶۔ بیہقی، فضائل الاوقات: ۳۷۳

۷۔ ابن عبدالبر، التمہید، ۶: ۴۵، ۴۶

۸۔ ابن قیسرانی، تذکرۃ الحفاظ، ۳: ۹۹۶، رقم: ۹۲۶

۹۔ مزی، تہذیب الکمال، ۴: ۲۴۸، رقم: ۷۶۷

۱۰۔ مزی، تہذیب الکمال، ۱۳: ۱۹۶، رقم ۲۸۸۴

←

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو میرے ذکر میں مشغول رہنے کے باعث مجھ سے مانگ نہ سکا، میں اسے مانگنے والوں پر کی جانے والی عطا سے زیادہ دوں گا۔''

**۱۲۰۔ عن مالک بن الحارث رضی اللہ عنہ، قال: یقول اللہ عزوجل: من شغله ذکری عن مسألتی أعطیته فوق ما أعطی السائلین۔(۱)**

''حضرت مالک بن حارث رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو میرے ذکر میں مشغول رہنے کے باعث مجھ سے مانگ نہ سکا، میں

---

۱۱۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۱۴۷

۱۲۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۳: ۴۸۹

۱۳۔ زرقانی، شرح الموطاء، ۲: ۴۴، ۵۳

۱۴۔ مبارک پوری، تحفۃ الاحوذی، ۱۰: ۳۳

۱۵۔ مناوی، فیض القدیر، ۲: ۳۴

۱۶۔ مناوی، فیض القدیر، ۳: ۵۲۶

۱۷۔ مناوی، فیض القدیر، ۵: ۱۲۰

۱۸۔ مناوی نے 'الاتحافات السنیہ بالاحادیث القدسیہ (ص: ۲۶، رقم: ۱۴۸)' میں کہا ہے کہ اسے بخاری، بزار اور بیہقی نے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

۱۹۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۵۴۸

۲۰۔ آلوسی، روح المعانی، ۱۵: ۵۲

۲۱۔ آلوسی، روح المعانی، ۲۵: ۳۷

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۳۴، رقم: ۲۹۲۷۱

۲۔ ابن ابی شیبہ نے 'المصنف (۶: ۳۴، رقم: ۲۹۲۷۳)' میں اسے مرفوعاً عمرو بن مرہ سے بھی روایت کیا ہے۔

۳۔ قضاعی، مسند الشہاب، ۲: ۳۲۶، رقم: ۸۸۹

۴۔ بیہقی، فضائل الاوقات: ۳۷۰

اسے مانگنے والوں پر کی جانے والی عطا سے بڑھ کر دوں گا۔‘‘

**۱۲۱۔ عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما، عن النبی ﷺ یرویہ عن ربہ تبارک و تعالی، قال ﷻ: من شغلہ ذکری عن مسألتی أعطیتہ أفضل ما أعطی السائلین۔(۱)**

’’حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو میرے ذکر میں مشغول رہنے کے باعث مجھ سے مانگ نہ سکا، میں اسے مانگنے والوں پر کی جانے والی عطا سے بہتر دوں گا۔‘‘

**۱۲۲۔ عن حذیفۃ رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: قال اللہ ﷻ: من شغلہ ذکری عن مسألتی أعطیتہ قبل أن یسألنی۔(۲)**

’’حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جسے میرے ذکر میں مشغول رہنے کے باعث مجھ سے مانگنے کی فرصت نہ ملی، میں اسے سوال کرنے سے پہلے ہی عطا کر دیتا ہوں۔‘‘

---

(۱) ۱۔ قضاعی، مسند الشہاب، ۱: ۳۴۰، رقم: ۵۸۴
۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۱۳، ۴۱۴، رقم: ۵۷۳
۳۔ بیہقی نے ’فضائل الاوقات (ص: ۳۷۰)‘ میں یہ حدیث مالک بن حویرث سے روایت کی ہے۔
۴۔ ابن تیمیہ نے ’دقائق التفسیر (۲: ۳۶۲)‘ میں یہ حدیث مالک بن حویرث سے روایت کی ہے۔

(۲) ۱۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۷: ۳۱۳
۲۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۳: ۱۶۸، رقم: ۴۴۴۶
۳۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۶: ۴۱۸)‘ میں کہا ہے کہ ابن مردویہ نے اور ابو نعیم نے ’دلائل النبوۃ‘ میں یہ حدیث حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

## فصل: ۱۹

# الجنة غنيمة مجالس الذكر

## ﴿جنت مجالسِ ذکر کی غنیمت ہے﴾

۱۲۳۔ عن عبد الله بن عمرو رضی الله عنهما، قال: قلت: يا رسول الله صلى الله عليك وآلك وسلم! ما غنيمة مجالس الذكر؟ قال: غنيمة مجالس الذكر الجنة۔(۱)

''حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وآلك وسلم! مجالسِ ذکر کی غنیمت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجالسِ ذکر کی غنیمت جنت ہے۔''

۱۲۴۔ عن أبی سعيد الخدری رضی الله عنه: أن رسول الله ﷺ قال: ليذكرن الله قوما فی الدنيا على الفرش الممهدة يدخلهم الدرجات العلى۔(۲)

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۱۹۰، رقم: ۶۷۷۷
۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۱۷۷، رقم: ۶۶۵۱
۳۔ طبرانی، مسند الشامیین، ۲: ۲۷۳، رقم: ۱۳۲۵
۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۶۱، رقم: ۲۳۲۴
۵۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸
۶۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۷

(۲) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۱۲۴، رقم: ۳۹۸
۲۔ ابو یعلی، المسند، ۲: ۳۵۹، رقم: ۱۱۱۰
۳۔ ابو یعلی، المسند، ۲: ۵۲۷، رقم: ۱۳۹۱

←

دنیا میں کچھ لوگ بچھے ہوئے پلنگوں پر اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں گے، وہ انہیں (جنت کے) بلند درجات میں داخل کر دے گا۔‘‘

۱۲۵۔ عن أبي الدرداء ﷺ، قال: إن الذين لا تزال ألسنتهم رطبة من ذكر الله يدخلون الجنة وهم يضحكون۔(۱)

’’حضرت ابودرداء ﷺ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جن لوگوں کی زبانیں ذِکرِ الٰہی سے ہمیشہ تر رہتی ہیں وہ جنت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں گے۔‘‘

---

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۶، رقم: ۲۳۰۲
۵۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۵۷۶، رقم: ۲۳۱۹
۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۱۱، رقم: ۳۴۵۸۷
۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۷۰، رقم: ۳۵۰۵۲
۳۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۳۹۷
۴۔ ابن ابی عاصم، الزہد، ۱: ۱۳۶
۵۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۴۵
۶۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء، ۱: ۲۱۹
۷۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء، ۵: ۱۳۳
۸۔ ابن جوزی، صفۃ الصفوہ، ۱: ۶۳۹
۹۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۶

## فصل: ۲۰

# حلقات الذکر ریاض الجنة

## ﴿ذِکر کے حلقے جنت کے باغیچے ہیں﴾

۱۲۶۔ قال جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما: خرج علینا النبی ﷺ، فقال: یا أیھا الناس! إن للہ سرایا من الملائکة تحل و تقف علی مجالس الذکر فی الأرض، فارتعوا فی ریاض الجنة، قالوا: و أین ریاض الجنة؟ قال: مجالس الذکر، فاغدوا و روحوا فی ذکر اللہ و ذکروہ أنفسکم من کان یحب أن یعلم منزلته عند اللہ، فلینظر کیف منزلة اللہ عندہ، فإن اللہ ینزل العبد منه حیث أنزله من نفسه۔(۱)

---

(۱) ۱۔ حاکم نے 'المستدرک (۱: ۶۷۱، ۶۷۲، رقم: ۱۸۲۰)' میں کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

۲۔ ابو یعلی، المسند، ۳: ۳۹۰، رقم: ۱۸۶۵

۳۔ ابو یعلی، المسند، ۴: ۱۰۶، رقم: ۲۱۳۸

۴۔ عبد بن حمید، المسند: ۳۳۳، رقم: ۱۱۰۷

۵۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۲: ۱۲۶

۶۔ طبرانی نے 'المعجم الاوسط (۳: ۶۷، رقم: ۲۵۰۱)' میں یہ روایت مختصراً ذکر کی ہے۔

۷۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۸، رقم: ۵۲۸

۸۔ منذری نے 'الترغیب و الترہیب (۲: ۲۶۱، رقم: ۲۳۲۵)' میں کہا ہے کہ ابن ابی دنیا، ابو یعلی، بزار، طبرانی، حاکم اور بیہقی نے اسے روایت کیا ہے جبکہ حاکم نے اسے صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔

۹۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۷

۱۰۔ ذہبی، میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ۵: ۲۵۳

۱۱۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۲۱۲

←

''حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: ''اے لوگو! فرشتوں میں سے اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے لشکر ہیں جو ذکر کی محفلوں میں آتے ہیں اور وہاں رک جاتے ہیں، لہٰذا تم جنت کے باغیچوں سے خوب کھاؤ۔'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جنت کے باغیچے کہاں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ذکر کی محفلیں (جنت کے باغیچے ہیں)، لہٰذا تم صبح و شام اللہ کا ذکر کرو اور خود کو اس کی یاد دلاتے رہو۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کے ہاں اپنا مقام و مرتبہ دیکھنا چاہے تو اُسے چاہیے کہ وہ دیکھے کہ اُس کے ہاں اللہ تعالیٰ کا کیا مقام ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ بندے کو اُپنے ہاں اس مقام پر رکھتا ہے جہاں بندہ اُسے اپنے ہاں رکھتا ہے۔''

**۱۲۷۔ عن أنس بن مالک رضی اللہ عنہ: أن رسول اللہ ﷺ قال: إذا مررتم برياض الجنة فارتعوا، قالوا: وما رياض الجنة؟ قال: حلق الذكر۔(۱)**

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

---

۱۲۔ سیوطی نے 'الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۱:۳۶۷)' میں کہا ہے کہ اسے ابن ابی دنیا، بزار، ابو یعلی، طبرانی نے روایت کیا اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے جبکہ بیہقی نے 'الدعوات' میں نقل کیا ہے۔

۱۳۔ ثعالبی، جواہر الحسان فی تفسیر القرآن، ۳:۲۲۳

۱۴۔ ابن عساکر، تاریخ دمشق الکبیر، ۵۶:۷۹، ۸۰

(۱) ۱۔ ترمذی، السنن، ۵:۵۳۲، رقم: ۳۵۱۰

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳:۱۵۰، رقم: ۱۲۵۴۵

۳۔ ابو یعلیٰ، المسند، ۶:۱۵۵، رقم: ۳۴۳۲

۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱:۳۹۸، رقم: ۵۲۹

۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲:۲۶۲، رقم: ۲۳۲۹

۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱:۱۲۶

فرمایا: جب تم جنت کے باغیچوں سے گزرو تو خوب کھایا کرو۔ اُنہوں نے عرض کیا: جنت کے باغیچے کون سے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ذِکر کے حلقے۔‘‘

۱۲۸۔ عن الأسود بن هلال المحاربی، قال: قال لی معاذ رضی الله عنه: اجلس بنا نؤمن ساعة يعنی نذكر الله عزوجل۔(۱)

’’اسود بن ہلال محاربی روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: ہمارے ساتھ بیٹھو کہ ہم ایک گھڑی کے لئے ایمان لائیں یعنی مل کر اللہ کا ذکر کریں۔‘‘

۱۲۹۔ كان عبد الله بن رواحة يأخذ بيد النفر من أصحابه، فيقول: تعالوا نؤمن ساعة، تعالوا فلنذكر الله و نزدد إيمانا، تعالوا نذكره بطاعته، لعله يذكرنا بمغفرته۔(۲)

’’حضرت عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اصحاب میں سے کچھ کا ہاتھ پکڑ کر کہا: آؤ ایک گھڑی کے لئے مؤمن بن جائیں، آؤ ہم مل کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں اور (کیفیتِ) ایمان میں اضافہ کریں، آؤ ہم اس کا ذکر اس کی اطاعت کے ساتھ کریں شاید کہ وہ اپنی شانِ مغفرت کے ساتھ ہمارا ذکر کرے۔‘‘

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۱۶۴، رقم: ۳۰۳۶۳

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۲۶ رقم: ۳۴۶۹۸

۳۔ عبد اللہ بن احمد، السنۃ، ۱: ۳۶۹، رقم: ۸۲۳

۴۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱: ۴۸

۵۔ عسقلانی، تغلیق التعلیق، ۲: ۲۱

(۲) ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۱۷۰، رقم: ۳۰۴۲۶

## فصل: ۲۱

# تضئ بيوت أهل الذكر لأهل السماء كما تضئ الكواكب لأهل الأرض

﴿اہلِ ذِکر کے گھر اہلِ سماء کے لئے ایسے روشن ہوتے ہیں جیسے اہلِ زمین کے لئے ستارے﴾

۱۳۰۔ عن أبي هريرة ﷺ، قال: إن أهل السماء ليرون بيوت أهل الذكر تضئ لهم كما تضئ الكواكب لأهل الأرض۔(۱)

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ آسمان والے اللہ کا ذِکر کرنے والوں کے گھروں کو ایسے روشن دیکھتے ہیں جیسے زمین والے ستاروں کو دیکھتے ہیں۔''

۱۳۱۔ عن سابط ﷺ، عن النبي ﷺ، قال: إن البيت الذي يذكر فيه ليضئ لأهل السماء كما تضئ النجوم لأهل الأرض۔(۲)

''وہ گھر جس میں اللہ کا ذکر کیا جائے وہ آسمان والوں کے لیے اس طرح روشن ہوتا ہے جیسے زمین والوں کے لیے ستارے روشن ہوتے ہیں۔''

---

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۷۰، رقم: ۳۵۰۵۵
۲۔ ابن حبان، طبقات المحدثین، ۴: ۲۸۲، رقم: ۶۶۸
۳۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۷

(۲) ۱۔ ابن حجر، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ۳: ۳
۲۔ مناوی، فیض القدیر، ۲: ۳۲۵

# فصل: ۲۲

## أهل مجالس الذكر هم أهل الكرم يوم القيامة

### ﴿مجالسِ ذِکر منعقد کرنے والے روزِ محشر اہلِ کرم وسخا ہوں گے﴾

۱۳۲۔ عن أبی سعید ﷺ، عن رسول الله ﷺ، قال: یقول الله جل و علا: سیعلم أهل الجمع الیوم من أهل الکرم؟ فقیل: من أهل الکرم، یا رسول الله صلی الله علیك وسلم؟ قال: أهل مجالس الذکر فی المساجد۔(۱)

’’حضرت ابوسعید ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ ﷻ فرماتا ہے: قیامت کے دن اکٹھا ہونے والوں کو پتہ چلے گا کہ بزرگی اور سخاوت والے کون ہیں؟ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم! بزرگی والے کون لوگ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مساجد میں مجالسِ ذِکر منعقد کرنے والے۔‘‘

۱۳۳۔ عن أبی سعید الخدری ﷺ: أن رسول الله ﷺ قال: لیذکرن

---

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۹۸، رقم: ۸۱۶

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۶۸، رقم: ۱۱۶۷۰

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۷۶، رقم: ۱۱۷۴۰

۴۔ ابویعلی، المسند، ۲: ۳۱۳، رقم: ۱۰۴۶

۵۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۱، رقم: ۵۳۵

۶۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۵: ۲۵۳، رقم: ۸۱۰۴

۷۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۹، رقم: ۲۳۱۸

۸۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۶

۹۔ ہیثمی، موارد الظمآن، ۱: ۵۷۶، رقم: ۲۳۲۰

الله قوما فی الدنیا علی الفرش الممهدة یدخلهم الدرجات العلی۔(۱)

''حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا میں کچھ لوگ بچھے ہوئے پلنگوں پر اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں گے، وہ انہیں بزرگی والے درجات میں داخل کر دے گا۔''

۱۳۴۔ عن عقبة بن عامر الجهنی ﷺ، عن رسول الله ﷺ، قال: یجمع الناس فی صعید واحد ینفذهم البصر و یسمعهم الداعی، فینادی مناد: سیعلم أهل الجمع لمن الکرم الیوم ثلاث مرات، ثم یقول: أین الذین کانت ﴿تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ﴾(۲) ثم یقول: أین الذین کانوا ﴿لَا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللهِ﴾(۳) إلی آخر الآیة، ثم ینادی مناد: سیعلم الجمع لمن الکرم الیوم؟ ثم یقول: أین الحمادون الذین کانوا یحمدون ربهم۔(۴)

''حضرت عقبہ بن عامر جہنی ﷺ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ روزِ

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۱۲۴، رقم: ۳۹۸
۲۔ ابو یعلی، المسند، ۲: ۳۵۹، رقم: ۱۱۱۰
۳۔ ابو یعلی، المسند، ۲: ۵۲۷، رقم: ۱۳۹۱
۴۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۲۵۶، رقم: ۲۳۰۲
۵۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۵۷۶، رقم: ۲۳۱۹
۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸

(۲) القرآن، السجدہ، ۳۲: ۱۶

(۳) القرآن، النور، ۲۴: ۳۷

(۴) ۱۔ ابو یعلی، المسند، ۲: ۵۲۷
۲۔ حاکم، المستدرک، ۲: ۴۳۳

محشر تمام لوگوں کو ایک بلند مقام پر جمع کیا جائے گا جہاں ہر آنکھ انہیں دیکھ سکے گی اور ہر پکارنے والا انہیں سنا سکے گا۔ روزِ محشر ایک منادی ندا دے گا: عنقریب جان لیں گے کہ آج صاحبانِ سخا و اِکرام کون ہیں؟ یہ جملہ تین بار دہرایا جائے گا، پھر کہے گا: کہاں ہیں ''وہ جن کے پہلو اُن کے بستر سے جدا رہتے تھے''، اور کہاں ہیں وہ ''جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی تھی؟'' وہ ندا دے گا: اہلِ محشر عنقریب جان لیں گے کہ آج صاحبانِ سخا و اِکرام کون ہیں؟ پھر کہے گا: کہاں ہیں اپنے رب کی بہت زیادہ حمد کرنے والے۔''

۱۳۵۔ عن أسماء بنت يزيد رضی الله عنها، قالت: قال رسول الله ﷺ: يبعث الله ﷻ يوم القيامة مناديا ينادی: سيعلم أهل الجمع اليوم من أولی بالكرم، أين الذين ﴿لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللهِ﴾(۱) فيقومون فيدخلون الجنة، ثم يرجع المنادی، فيقول: سيلعم أهل الجمع من أولی بالكرم أين الذی ﴿تَتَجَافَی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ﴾(۲) فيدخلون الجنة، ثم يرجع المنادی، فيقول: سيعلم أهل الجمع من أولی بالكرم، فيقول: أين الحمادون الله علی كل شیء، وهم أكثر من الصنفين الأولين فيدخلون الجنة۔(۳)

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایک منادی کو کھڑا کرے گا جو ندا دے گا: اہلِ محشر عنقریب جان لیں گے کہ صاحبانِ سخا و کرم کون ہیں؟ کہاں ہیں وہ ''جنہیں کاروبار اور خرید و فروخت اللہ کے

(۱) القرآن، السجدہ، ۳۲: ۱۶

(۲) القرآن، النور، ۲۴: ۳۷

(۳) عبد بن حمید، المسند، ۱: ۴۵۷

ذکر سے غافل نہیں کرتی تھی؟'' پس وہ کھڑے ہوں گے اور جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ منادی لوٹ آئے گا اور کہے گا اہل محشر عنقریب جان جائیں گے کہ آج صاحبانِ سخا و کرم کون ہیں؟ کہاں ہیں وہ ''جن کے پہلو (اللہ کے ذکر کے باعث) اِن کے بستر سے جدا رہتے تھے؟'' وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ منادی واپس آ کر پھر ندا دے گا اہل محشر عنقریب جان لیں گے کہ صاحبان سخا و کرم کون ہیں؟ پھر وہ کہے گا: کہاں ہیں ہر حال میں اللہ کا زیادہ سے زیادہ حمد کے ساتھ ذکر کرنے والے؟ اور وہ پہلی دونوں قسموں سے زیادہ ہوں گے اور وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔''

## فصل: ۲۳

# من اجتمع فی حلقۃ الذکر بدلت سیئاتہ الحسنات

## ﴿حلقۂ ذِکر میں بیٹھنے والوں کے گناہ نیکیوں میں بدل دیئے جاتے ہیں﴾

**۱۳۶۔ عن أنس ﷺ: عن رسول اللہ ﷺ، قال: ما من قوم اجتمعوا یذکرون اللہ لا یریدون بذلک إلا وجھہ إلا ناداھم مناد من السماء: ان قوموا مغفورا لکم، قد بدلت سیئاتکم حسنات۔(۱)**

''حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا: جب کچھ لوگ محض اللہ کی رضا جوئی کی خاطر اجتماعی طور پر اس کا ذکر کرتے ہیں تو آسمان سے ایک منادی آواز دیتا ہے: کھڑے ہو جاؤ! تمہیں بخش دیا گیا ہے، تمہارے گناہ نیکیوں میں بدل دیئے گئے ہیں۔''

**۱۳۷۔ عن سھیل بن حنظلۃ ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: ما جلس قوم مجلسا یذکرون اللہ ﷻ فیہ فیقومون حتی یقال لھم: قوموا! قد**

---

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۱۴۲، رقم: ۱۲۴۷۶

۲۔ ابویعلی، المسند، ۹: ۱۶۷، رقم: ۴۱۴۱

۳۔ بیہقی نے 'شعب الایمان (۱: ۴۰۱، رقم: ۵۳۴)' میں حضرت عبد بن مغفل ﷺ سے روایت لی ہے۔

۴۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۳: ۱۰۸

۵۔ مقدسی، الاحادیث المختارہ، ۷: ۲۳۵، رقم: ۲۶۷۷

۶۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۲۶۰، رقم: ۲۳۲۰

۷۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۶

غفرلکم ذنوبکم و بدلت سیئاتکم حسنات۔(۱)

''حضرت سہیل بن حنظلہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کچھ لوگ مجلسِ ذکر میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کر کے اٹھتے ہیں تو انہیں کہا جاتا ہے: کھڑے ہو جاؤ! تمہیں بخش دیا گیا ہے، تمہارے گناہ نیکیوں میں بدل دیئے گئے ہیں۔''

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۶: ۲۱۲، رقم: ۶۰۳۹
۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۵۳، رقم: ۶۹۵
۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۶۰، رقم: ۲۳۲۱
۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۶

## فصل: ۲۴

# أحب الأعمال إلی الله أن تموت و لسانک رطب من ذکر الله

## ﴿اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب ترین عمل یہ ہے کہ بوقتِ مرگ تمہاری زبان پر اللہ کا ذکر ہو﴾

۱۳۸۔ عن عبد الله بن بسر رضی الله عنه: أن رجلا قال: یا رسول الله صلی الله علیک و آلک وسلم! إن شرائع الإسلام قد کثرت علی فأخبرنی بشیء اتشبث به، قال: لا یزال لسانک رطبا من ذکر الله۔(۱)

''حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و آلک وسلم! شرعی احکام میری استطاعت سے بڑھ گئے ہیں، لہٰذا

---

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۴۵۸، رقم: ۳۳۷۵

۲۔ ابن ماجہ، السنن، ۲: ۱۲۴۶، رقم: ۳۷۹۳

۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۱۹۰

۴۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۹۶، رقم: ۸۱۴

۵۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۷۰، رقم: ۳۵۰۵۳

۶۔ حاکم، المستدرک، ۱: ۶۷۲، رقم: ۱۸۲۲

۷۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۲: ۱۱۹، رقم: ۱۴۴۱

۸۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۳: ۳۷۱، رقم: ۶۳۱۷

۹۔ مقدسی، الاحادیث المختارہ، ۹: ۸۵، رقم: ۶۸

۱۰۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۳، رقم: ۲۲۹۰

۱۱۔ ابن قانع، معجم الصحابہ، ۲: ۸۱

آپ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جس سے میں (ان پر) ثابت قدم رہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری زبان ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر رہنی چاہیے۔‘‘

۱۳۹۔ عن معاذ بن جبل رضی الله عنه، قال: سألت رسول الله ﷺ: أی الأعمال أحب إلی الله؟ قال: أن تموت و لسانک رطب من ذکر الله۔(۱)

’’حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ عمل کونسا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تجھے موت آئے تو تیری زبان اللہ کے ذکر سے تر ہو۔‘‘

۱۴۰۔ عن أبی الدرداء رضی الله عنه، قال: إن الذين لا تزال ألسنتهم رطبة من ذکر الله يدخلون الجنة وهم يضحکون۔(۲)

’’حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جن

---

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحيح، ۳: ۹۹، رقم: ۸۱۸
۲۔ بخاری، خلق افعال العباد: ۷۲
۳۔ طبرانی، مسند الشاميين، ۱: ۱۲۲، رقم: ۱۹۱
۴۔ طبرانی، المعجم الکبير، ۲۰: ۹۳، رقم: ۱۸۱
۵۔ طبرانی، المعجم الکبير، ۲۰: ۱۰۷، رقم: ۲۱۲
۶۔ بیہقی، شعب الايمان، ۱: ۳۹۳، رقم: ۵۱۶
۷۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۳۶۴
۸۔ منذری، الترغيب والترهيب، ۲: ۱۲۵۳، رقم: ۲۲۹۱
۹۔ ہیثمی، موارد الظمآن: ۵۷۶، رقم: ۲۳۱۸
۱۰۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۴
۱۱۔ حسینی، البيان والتعريف، ۱: ۳۰، رقم: ۵۳

(۲) ۱۔ ابن ابی شيبہ، المصنف، ۷: ۱۱۱، رقم: ۳۴۵۸۷

←

لوگوں کی زبانیں ذِکرِ الٰہی سے ہمیشہ تر رہتی ہیں وہ جنت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں گے۔‘‘

۱۴۱۔ عن الحسن ﷺ، قال سئل النبی ﷺ: أی الأعمال أفضل؟ قال: أن تموت یوم تموت و لسانک رطب من ذکر اللہ ﷻ۔(۱)

’’حضرت حسن ﷺ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے پوچھا گیا: اعمال میں کون سا عمل افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس دن تجھے موت آئے اس وقت تیری زبان اللہ کے ذکر سے تر ہو۔‘‘

۱۴۲۔ عن أبی المخارق ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: مررت لیلۃ أسری بی برجل مغیب فی نور العرش، فقلت: من هذا، أملک؟ قیل: لا، قلت: أنبی؟ قیل: لا، قلت: من هو؟ قال: هذا رجل کان لسانہ رطب من ذکر اللہ و قلبہ معلق بالمساجد و لم یستسب لوالدیہ قط۔(۲)

---

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۷۰، رقم: ۳۵۰۵۲

۳۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۳۹۷

۴۔ ابن ابی عاصم، الزہد، ۱: ۱۳۶

۵۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۴۵

۶۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء، ۱: ۲۱۹

۷۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء، ۵: ۱۳۳

۸۔ ابن جوزی، صفۃ الصفوہ، ۱: ۶۳۹

۹۔ سیوطی، الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۶

(۱) ابن مبارک، الزہد، ۱: ۴۰۱

(۲) ۱۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۴۵

۲۔ ابن ابی الدنیا، الاولیاء، ۱: ۳۸، رقم: ۹۵

←

’’حضرت ابو مخارق ﷺ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: معراج کی رات میں ایک آدمی کے پاس سے گزرا، وہ عرش کے انوار میں مستور تھا۔ میں نے کہا: یہ کون شخص ہے، کیا یہ فرشتہ ہے؟ کہا گیا: نہیں؟ میں نے کہا: کیا یہ کوئی نبی ہے؟ کہا گیا: نہیں؟ میں نے کہا: تو پھر یہ کون ہے؟ (کہنے والے نے) کہا: یہ وہ ذاکر ہے جس کی زبان اللہ کے ذکر سے ہر وقت تر رہتی تھی اور اس کا دل مسجدوں میں معلق رہتا تھا اور اس نے کبھی اپنے والدین کو گالی نہیں دی۔‘‘

۱۴۳۔ عن عبد اللہ بن بسر المازنی ﷺ، قال جاء أعرابی إلی النبی ﷺ، فقال: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! أی الناس خیر؟ قال: طوبی لمن طال عمرہ و حسن عملہ۔ قال: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! أی الأعمال أفضل؟ قال: أن تفارق الدنیا و لسانک رطب من ذکر اللہ۔(۱)

’’حضرت عبد اللہ بن بسر مازنی ﷺ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! کون سے لوگ افضل ہیں؟ فرمایا: مبارک ہو اس کو جس نے نیک اعمال کے ساتھ لمبی عمر پائی۔ دیہاتی نے عرض کیا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ ارشاد فرمایا: تیرا دل دنیا سے کٹ جائے اور تیری زبان اللہ کے ذکر میں تر رہے۔‘‘

۱۴۴۔ عن عبد اللہ بن بسر المازنی ﷺ، قال: جاء أعرابیان إلی النبی ﷺ، فقال إحدھما: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! أی الناس خیر؟

---

۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۳، رقم: ۲۲۹۲

(۱) ابن جعد، المسند، ۱: ۴۹۲، رقم: ۳۴۳۱

**فقال: طوبی لمن طال عمره و حسن عمله۔ فقال الآخر: أی العمل خیر؟ قال: أن تفارق الدنیا و لسانک رطب من ذکر اللہ ﷻ۔ قال: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! ویکفینی۔ قال: نعم، و یفضل عنک۔(۱)**

’’حضرت عبد اللہ بن بسر مازنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کی بارگاہ اقدس میں دو دیہاتی حاضر ہوئے، ان میں سے ایک نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! کون سے لوگ افضل ہیں؟ فرمایا: مبارک ہو جس نے نیک اعمال کے ساتھ لمبی عمر پائی۔ دوسرے اعرابی نے عرض کیا: کون سا عمل افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا دنیا کی محبت سے الگ ہونا اور تیری زبان کا اللہ کے ذکر سے تر رہنا۔ اس نے عرض کیا: کیا یہ میرے لئے کافی ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، بلکہ یہ زیادہ بھی ہو جائے گا۔‘‘

(۱) شیبانی، الآحاد والمثانی، ۳: ۵۱

# فصل : ۲۵

## تستبشر بقعة یذکر اللہ فیھا و تفخر علی ما حولھا

﴿جس خطہ اَرضی پر اللہ کا ذکر کیا جائے وہ خوشی مناتا ہے اور دیگر خطوں پر فخر کرتا ہے﴾

۱۴۵۔ عن أنس ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: ما من بقعة یذکر اللہ أو بذکر إلا استبشرت بذلک إلی منتھاھا من سبع أرضین و فخرت علی ما حولھا من البقاع، و ما من عبد یقوم بفلاة من الأرض یرید الصلوة إلا تزخرفت له الأرض۔(۱)

''حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زمین کا ہر وہ خطہ جس میں اللہ کا ذکر کیا جائے وہ اس ذکر کی وجہ سے ساتوں زمینوں کی انتہا تک خوشی مناتا ہے اور اپنے اردگرد کے خطوں پر فخر کرتا ہے اور جب بھی بندہ بنجر زمین پر کھڑا ہو کر نماز کا ارادہ کرتا ہے تو اس پر زمین فخر کرتی ہے۔''

۱۴۶۔ عن ابن عباس ﷺ، قال: قال رسو ل اللہ ﷺ: ما من بقعة یذکر اللہ إلا فخرت علی ما حولھا من البقاع، واستبشرت بذکر اللہ منتھاھا إلی سبع أرضین۔(۲)

---

(۱) ۱۔ ابو یعلی، المسند، ۷: ۱۴۳، رقم: ۴۱۱۰
۲۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۱۱۵، رقم: ۳۳۹
۳۔ قزوینی، التدوین فی اخبار قزوین، ۴: ۱۶
۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۱: ۱۶۲، رقم: ۵۹۹
۵۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸

(۲) طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۱: ۱۹۳، رقم: ۱۱۴۷۰

’’حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جس خطہ اَرضی پر اللہ کا ذکر کیا جائے وہ خطہ اپنے اِردگرد کے خطوں پر فخر کرتا ہے اور اللہ کے ذکر کی وجہ سے ساتوں زمینوں کی انتہا تک خوشی مناتا ہے۔‘‘

**۱۴۷۔ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما، قال: قال رسول اللہ ﷺ: ما من بقعۃ یذکر اللہ إلا فخرت علی ما حولھا من البقاع، وما من عبد یقوم بفلاۃ من الأرض إلا استبشرت لذکر اللہ إلی منتھاھا إلی سبع أرضین۔(۱)**

’’حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس خطہ اَرضی پر اللہ کا ذکر ہوتا ہے اور بنجر زمین کا وہ خطہ جس پر کوئی شخص نماز ادا کرتا ہے اپنے اِردگرد کے خطوں پر فخر کرتا ہے اور اللہ کے ذکر سے ساتوں زمینوں کی انتہا تک خوشی مناتا ہے۔‘‘

**۱۴۸۔ عن أنس بن مالک رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: ما من بقعۃ یذکر اسم اللہ و ذکر إلا استشرف بذکر اللہ عزوجل إلی منتھاھا من سبع أرضین إلا فخرت علی ما حولھا من البقاع۔(۲)**

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: زمین کے جس خطہ پر اسم الٰہی کا یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے وہ ساتوں زمینوں کی انتہا تک شرف والا ہو جاتا ہے اور اردگرد کے خطوں پر فخر کرتا ہے۔‘‘

**۱۴۹۔ قال عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما: إن الجبل لینادی الجبل**

---

(۱) ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۹

(۲) ابن حیان، العظمۃ، ۵: ۱۷۱۲، ۱۷۱۳

**باسمه: أی فلان! هل مر بک أحد ذکر اللہ؟ فإذا قال: نعم، استبشر۔(۱)**

’’حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ کا نام لے کر پکارتا ہے: اے فلاں (پہاڑ!) کیا تیرے پاس سے کوئی اللہ کا ذاکر گزرا ہے؟ پس جب وہ پہاڑ ’’ہاں‘‘ میں جواب دیتا ہے تو وہ خوشی مناتا ہے۔‘‘

**۱۵۰۔ قال أبو الدرداء ﷺ، اذکروا اللہ کل حجیرة و شجیرة لعلها تأتی یوم القیامة تشهد لکم۔(۲)**

’’حضرت ابودرداء ﷺ فرماتے ہیں: ہر حجر وشجر کے پاس اللہ کا ذکر کیا کرو تاکہ قیامت کے دن وہ تمہارے حق میں گواہی دیں۔‘‘

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۹: ۱۰۳، رقم: ۸۵۴۲
۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۲، رقم: ۵۳۸
۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۵۳، رقم: ۶۹۱
۴۔ ابونعیم، حلیة الاولیاء، ۴: ۲۴۲
۵۔ ابن حیان، العظمہ، ۵: ۱۷۱۷، رقم: ۱۱۶۲۔۲۶
۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۹
۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۱۴۰

(۲) ۱۔ طبرانی، مسند الشامیین، ۱: ۳۸۸، رقم: ۶۷۱
۲۔ ابن حیان، العظمہ، ۵: ۱۷۱۳
۳۔ عجلونی، کشف الخفاء ومزیل الالباس، ۲: ۱۸، رقم: ۱۵۶۶

## فصل : ۲۶

# خیار الناس الذین إذا رؤوا ذکر الله

## ﴿لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہیں جنہیں دیکھ کر اللہ یاد آ جائے﴾

۱۵۱۔ عن أسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا: أنہا سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: ألا أنبئکم بخیارکم؟ قالوا: بلی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و آلک وسلم! قال: خیارکم الذین إذا رؤوا ذکر اللہ ﷻ۔(۱)

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: کیا میں تم میں سے سب سے بہتر کے بارے میں خبر نہ دوں؟ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و آلک وسلم! کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ لوگ ہیں کہ جنہیں دیکھنا ہی ذکر الٰہی کا باعث ہو جائے۔''

۱۵۲۔ عن أسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا: أن رسول اللہ ﷺ قال: ألا أخبرکم بخیارکم؟ قالوا: بلی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و آلک وسلم! قال: الذین إذا رؤوا ذکر اللہ ﷻ۔(۲)

---

(۱) ابن ماجہ، السنن، ۲: ۱۳۷۹، رقم: ۴۱۰۹

(۲) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۶: ۴۵۹، رقم: ۲۷۶۴۰

۲۔ بخاری، الادب المفرد، ۱: ۱۱۹، رقم: ۳۲۳

۳۔ ابن راہویہ، المسند: ۱۸۰، رقم: ۲۳

۴۔ ابن حمید، المسند، ۱: ۴۵۷، رقم: ۱۵۸۰

۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۴: ۱۶۷، رقم: ۴۲۳

←

''حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم میں سے بہتر کے بارے میں نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام ﷺ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و آلک وسلم! کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں کہ جنہیں محض دیکھنا ہی ذکر الٰہی کا باعث ہو جائے۔''

**۱۵۳۔ عن عبدالرحمن ابن غنم، يبلغ به النبی ﷺ: خيار عباد الله الذين اذا رؤوا ذكر الله۔(۱)**

''حضرت عبدالرحمٰن بن غنم ﷺ حضور ﷺ کا یہ فرمان روایت کرتے ہیں: اللہ کے سب سے بہترین بندے وہ ہیں جنہیں محض دیکھنا ہی ذکر الٰہی کا باعث ہو جائے۔''

**۱۵۴۔ عن عبادة بن الصامت ﷺ، أن رسول الله ﷺ قال: إن خيار أمتی الذين إذا رؤوا ذكر الله۔(۲)**

''حضرت عبادہ بن صامت ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت کے بہترین لوگ وہ ہیں جنہیں دیکھنا ہی ذکر الٰہی کا باعث ہو

---

۶۔ بیہقی، شعب الایمان، ۷: ۴۹۴، رقم: ۱۱۱۰۸
۷۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۲: ۳۷۱، رقم: ۳۶۵۷
۸۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۸: ۹۳
۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۴: ۴۰۵
(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۴: ۲۲۷
۲۔ بزار، المسند، ۷: ۱۵۸، رقم: ۲۷۱۹
۳۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۳: ۳۲۵، رقم: ۴۲۷۶
۴۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۴: ۴۰۵
(۲) بزار، المسند، ۷: ۱۵۸، رقم: ۲۷۱۹

جائے۔‘‘

۱۵۵۔ عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما، قال: قال رسول اللہ ﷺ:

إن من الناس مفاتیح لذکر اللہ إذا رؤوا ذکر اللہ۔(۱)

’’حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بعض لوگ اللہ کے ذکر کی چابیاں ہیں کہ جنہیں محض دیکھنا ہی ذکر الٰہی کا باعث بنتا ہے۔‘‘

۱۵۶۔ عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، عن رسول اللہ ﷺ، أنه قال:

خیارکم الذین إذا رؤوا ذکر اللہ بھم۔(۲)

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما رسول اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہترین وہ ہیں جنہیں محض دیکھنا ہی ذکر الٰہی کا باعث ہو۔‘‘

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۰: ۲۰۵، رقم: ۱۰۴۷۶

۲۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸

۳۔ ابن ابی دنیا، الاولیاء، ۱: ۱۷، رقم: ۲۶

۴۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۵۵، رقم: ۶۹۹

۵۔ شیبانی، العلل ومعرفۃ الرجال، ۳: ۱۷۱، رقم: ۴۷۶۰

۶۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۱۱: ۱۳۱

۷۔ ابوزکریا، تاریخ ابن معین، ۳: ۴۱۴، رقم: ۲۰۲۵

(۲) بیہقی، شعب الایمان، ۵: ۲۹۷، رقم: ۶۷۰۸

(۳) ۱۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۱۱: ۱۳۱، ۱۳۲

۲۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۷۲، رقم: ۲۱۷

۳۔ ابن ابی دنیا، الاولیاء، ۱: ۱۸، رقم: ۲۷

۱۵۷۔ عن سعید بن جبیر رضی الله عنه، قال: سئل رسول الله ﷺ عن أولیاء الله؟ فقال: الذین إذا رؤوا ذکر الله عزوجل۔(۳)

’’حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے اولیاء اللہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جنہیں محض دیکھنا ہی ذکرِ الٰہی کا باعث ہو جائے۔‘‘

۱۵۸۔ عن ابن عباس رضی الله عنهما، قال: قال رجل: یا رسول الله صلی الله علیك و آلك وسلم! من أولیاء الله؟ قال: الذین إذا رؤوا ذکر الله۔(۱)

’’حضرت (عبد اللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور نبی اکرم ﷺ سے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك و آلك وسلم! اولیاء اللہ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ جنہیں محض دیکھنا ہی ذکرِ الٰہی کا باعث ہو جائے۔‘‘

---

(۱) ۱۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۸

۳۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۷۲، رقم: ۲۱۸

۴۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۴: ۸۰، ۸۶

۷۔ مقدسی، الاحادیث المختارہ، ۱۰: ۱۰۸، ۱۰۹، رقم: ۱۰۵، ۱۰۶

۲۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۲: ۴۲۳

۵۔ حسینی، البیان والتعریف، ۱: ۳۰۸، رقم: ۸۲۷

فصل : ۲۷

## ما منّ اللہ علی عبد بأفضل من أن وفّقہ ذکرہ

﴿کسی بندے پر اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا اِحسان اسے ذکر کی توفیق عطا فرمانا ہے﴾

**۱۵۹۔ عن خالد بن معدان، قال: إن اللہ یتصدق کل یوم بصدقۃ، فما تصدق علی عبدہ بشيء أفضل من ذکرہ۔(۱)**

’’خالد بن معدان سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ روزانہ خیرات عطا کرتا ہے، پس بندے کو اپنے ذکر سے افضل کوئی خیرات عطا نہیں کرتا۔‘‘

**۱۶۰۔ عن أبي ذر رضی اللہ عنہ، عن النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قال: ما من یوم و لا لیلۃ و لا ساعۃ إلا و للہ عزوجل فیھا صدقۃ، یمنّ بھا علی من یشاء من عبادہ، و ما منّ علی عبد بمثل أن یلھمہ ذکرہ۔(۲)**

---

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۶: ۶۱، رقم: ۲۹۴۸۱

۲۔ سیوطی، الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۳

(۲) ۱۔ بزار، المسند، ۹: ۳۳۶، رقم: ۳۸۹۰

۲۔ شیبانی، الآحاد والمثانی، ۲: ۲۳۱، رقم: ۲۸۹

۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۲۳۴

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۷، رقم: ۲۳۰۸

۵۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۲: ۲۳۷

۶۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۹: ۳۴۷

۷۔ سیوطی، الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۳

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر دن اور رات میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے خیرات سے نوازتا ہے اور کسی بندے کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذکر کی توفیق سے بڑھ کر کسی خیرات سے نہیں نوازا۔''

۱۶۱۔ عن أبی هریرة رضی اللہ عنہ، عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قال: إن اللہ تبارک و تعالی یقول: یا ابن آدم! إنک إذا ذکرتنی شکرتنی، و إذا نسیتنی کفرتنی۔(۱)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے: اے ابن آدم! جب تو نے میرا ذکر کیا تو میرا شکر کیا، اور جب تو میرے ذکر سے غافل ہوا تو میری ناشکری کی۔''

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷: ۲۰۰، رقم: ۷۲۶۵
۲۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۳: ۱۸۱، رقم: ۴۴۹۱
۳۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۲۵۸، رقم: ۲۳۱۴
۴۔ ابونعیم، حلیة الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۴: ۳۳۸
۵۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۹
۶۔ مناوی، فیض القدیر، ۴: ۴۸۰

# فصل: ۲۸

## الدنيا ملعونة إلا ذكر الله وما والاه

## ﴿اللہ کے ذِکر اور معاونینِ ذِکر کے سوا دنیا قابلِ ترک ہے﴾

۱۶۲۔ عن أبي هريرة ﷺ، يقول: سمعت رسول الله ﷺ يقول: ألا! إن الدنيا ملعونة، ملعون ما فيها إلا ذكر الله، و ما والاه و عالم أو متعلم۔(۱)

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: خبردار! بیشک دنیا اور جو کچھ اس کے اندر ہے سب ملعون (قابل

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۴: ۵۶۱، رقم: ۲۳۲۲
۲۔ ابن ماجہ، السنن، ۲: ۱۳۷۷، رقم: ۴۱۱۲
۳۔ احمد بن حنبل، الزہد، ۱: ۶۲
۴۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۱: ۲۵۵
۵۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۴: ۱۷۹
۶۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۲۹۸
۷۔ بیہقی، شعب الایمان، ۲: ۲۶۵، رقم: ۱۷۰۸
۸۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۲: ۲۳۱، رقم: ۳۱۱۱
۹۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۱: ۵۴، رقم: ۱۱۷
۱۰۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴: ۸۴، رقم: ۴۹۰۰
۱۱۔ ذہبی، میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ۴: ۲۶۵
۱۲۔ مزی، تہذیب الکمال، ۲۰: ۱۰۲
۱۳۔ مناوی، فیض القدیر، ۴: ۳۷۰
۱۴۔ عجلونی، کشف الخفاء ومزیل الالباس، ۱: ۴۹۶، رقم: ۱۳۲۱

ترک) ہے سوائے اللہ کے ذکر اور اس کے جو اس ذکر میں مدد دے، اور عالم اور متعلم کے۔‘‘

**۱۶۳۔ عن ابن مسعود ﷺ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: الدنیا ملعونۃ، ملعون ما فیھا إلا عالم أو متعلم و ذکر اللہ وما والاہ۔(۱)**

’’حضرت (عبد اللہ) بن مسعود رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا اور جو کچھ اس کے اندر ہے سب ملعون ہے، سوائے عالم، متعلم، ذکر الٰہی اور اس کے مددگار کے۔‘‘

**۱۶۴۔ عن أبی الدرداء ﷺ، قال: الدنیا ملعونۃ، ملعون ما فیھا إلا ذکر اللہ، وما أدی إلی ذکر اللہ والعالم و المتعلم فی الأمر سواء و سائر الناس ھمج لاخیر فیھم۔(۲)**

’’حضرت ابو درداء ﷺ نے فرمایا: دنیا اور جو کچھ اس کے اندر ہے سب ملعون (قابلِ ترک) ہے، سوائے ذکر الٰہی اور اس کے جو ذکر الٰہی میں مددگار ثابت ہو اور عالم اور متعلم کے، ان کا حکم ایک جیسا ہے اور (ذکر الٰہی سے غافل) تمام لوگ رذیل ہیں ان میں کوئی بھلائی نہیں۔‘‘

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۴: ۲۳۶، رقم: ۴۰۷۲
۲۔ طبرانی، المسند الشامیین، ۱: ۱۰۷، رقم: ۱۶۳
۳۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱: ۱۲۲

(۲) ۱۔ ابن ابی عاصم، کتاب الزہد، ۱: ۱۳۷
۲۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۱۹۲، رقم: ۵۴۳
۳۔ بیہقی، المدخل الی السنن الکبری، ۱: ۲۶۹، رقم: ۳۸۳
۴۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۶: ۴۱۵

فصل : ۲۹

## الذاکر فی الغافلین مثل المصباح فی الظلم

﴿غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والا تاریکی میں چراغ کی مانند ہے﴾

۱۶۵۔ عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، قال: قال رسول اللہ ﷺ: ذاکر اللہ فی الغافلین کالمقاتل عن الفارین، و ذاکر اللہ فی الغافلین کالمصباح فی البیت المظلم، و ذاکر اللہ فی اللہ مقعدہ ولا یعذب بعدہ و ذاکر اللہ فی الغافلین لہ من الأجر بعدد کل فصیح فی السوق و اعجمی، وذاکر اللہ فی الغافلین ینظر اللہ إلیہ نظرۃ لا یعذبہ اللہ بعدھا أبدا و ذاکر اللہ فی السوق لہ بکل شعرۃ نور یوم القیامۃ۔(۱)

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا میدان جنگ سے بھاگنے والوں کے بعد برسرپیکار رہنے والے کی مانند ہے۔ غافلین میں ذکر کرنے والا تاریک گھر میں چراغ کی مانند ہے۔ غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اس کی زندگی ہی میں جنت میں اس کا مقام دکھا دیتا ہے اور غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کو تمام ناطق و غیر ناطق افراد کی تعداد کے برابر اجر دیا جاتا ہے اور غافلین میں رہ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے پر اللہ تعالیٰ ایسی نظر فرماتا ہے کہ اس

---

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۱۲، رقم: ۵۶۷

۲۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۳۳۷، رقم: ۲۶۲۲

۳۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۱۲۲، رقم: ۳۵۷

۴۔ بزار، المسند، ۵: ۱۲۶، رقم: ۱۷۵۹

کے بعد اسے کبھی عذاب نہیں دے گا اور بازار میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کے ہر بال پر قیامت کے دن نور ہو گا۔‘‘

**۱۶۶۔ عن ابن مسعود** رضی اللہ عنہما، **عن النبی ﷺ قال: ذاکر اللہ فی الغافلین بمنزلة الصابر فی الفارین۔(۱)**

’’حضرت (عبد اللہ) بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا (میدان جنگ سے) بھاگنے والوں کے درمیان ثابت قدم رہنے والے کے درجہ میں ہے۔‘‘

**۱۶۷۔ عن أبی موسی رضی اللہ عنہ قال: قال النبی ﷺ: مثل الذی یذکر ربه و الذی لا یذکر ربه مثل الحی و المیت۔(۲)**

’’حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے رب کا ذکر کرنے والے اور نہ کرنے والے کی مثال زندہ اور مردہ کی سی ہے۔‘‘

**۱۶۸۔ عن أبی موسی رضی اللہ عنہ، عن النبی ﷺ، قال: مثل البیت الذی**

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۱: ۹۰، رقم: ۲۷۱
۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۰: ۱۶، رقم: ۹۷۹۷
۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۳۳۸، رقم: ۲۶۲۳
۴۔ دیلمی، الفردوس بمأثور الخطاب، ۲: ۲۴۲، رقم: ۳۱۳۹
۵۔ ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۴: ۲۶۸
۶۔ مناوی، فیض القدیر، ۳: ۵۵۸

(۲) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۵۳، رقم: ۶۰۴۴
۲۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۶، رقم: ۲۳۰۳
۳۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۲۱۰، رقم: ۶۰۴۴

**یذکر اللہ فیه و البیت الذی لا یذکر اللہ فیه مثل الحیّ و المیّت۔(۱)**

’’حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس گھر کی مثال جس میں اللہ کا ذکر کیا جائے اور جس میں اللہ کا ذکر نہ کیا جائے زندہ اور مردہ کی سی ہے۔‘‘

۱۶۹۔ **عن عبد اللہ بن عمر** رضی اللہ عنہما، **قال: قال رسول اللہ ﷺ: ذاکر اللہ فی الغافلین مثل الذی یقاتل عن الفارین، و ذاکر اللہ فی الغافلین مثل الشجرة الخضراء فی وسط الشجر، الذی قد تحات یعنی من الضریب، ذاکر اللہ فی الغافلین یعرفه اللہ عزوجل مقعده فی الجنة۔(۲)**

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۱: ۵۳۹، رقم: ۷۷۹
۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۱۳۵، رقم: ۸۵۴
۳۔ ابویعلی، المسند، ۱۳: ۲۹۱۔۲۹۲ رقم: ۷۳۰۶
۴۔ رویانی، المسند، ۱: ۳۱۷، رقم: ۴۳۷
۵۔ ابونعیم، المسند المستخرج علی الصحیح لمسلم، ۲: ۳۷۲، رقم: ۱۷۷۱
۶۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۴: ۱۴۳، رقم: ۶۴۴۲
۷۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۱، رقم: ۵۳۶
۸۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۱: ۱۷۰، رقم: ۶۳۵
۹۔ نووی، شرح صحیح مسلم، ۶: ۶۸
۱۰۔ مبارک پوری تحفة الاحوذی، ۲: ۴۳۷
۱۱۔ عجلونی، کشف الخفاء ومزیل الالباس، ۲: ۲۵۸، رقم: ۲۲۶۵

(۲) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۱۱، رقم: ۵۶۵
۲۔ ابونعیم، حلیة الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۶: ۱۸۱
۳۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۲: ۲۴۲، رقم: ۳۱۴۰

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کی مثال میدانِ جنگ میں راہِ فرار اِختیار کرنے والوں میں سے لڑنے والے کی طرح ہے اور غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والے کی مثال خزاں رسیدہ درختوں کے درمیان سبز درخت کی طرح ہے اور غافلین میں ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ جنت میں اس کا مقام دکھا دیتا ہے۔‘‘

**۱۷۰۔ عن وهب بن منبه، قال: قال لقمان لابنه: يا بني! إن مثل أهل الذكر و الغفلة كمثل النور والظلمة۔(۱)**

’’حضرت وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا: اے میرے بیٹے! اہلِ ذکر اور اہلِ غفلت کی مثال روشنی اور تاریکی کی سی ہے۔‘‘

---

۴۔ ذہبی، میزان الاعتدال، ۵: ۲۹۵، رقم: ۶۳۱۷

۵۔ عجلونی، کشف الخفاء ومزیل الالباس، ۱: ۵۰۵، رقم: ۱۳۴۶

(۱) ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۴: ۳۸

## فصل: ۳۰

# الذاکر وجبت له الجنة

## ﴿اللہ کا ذکر کرنے والے کے لئے جنت واجب ہے﴾

۱۷۱۔ عن عمرو بن عبسة رضی الله عنه، قال: فقلت: یا رسول الله صلی الله علیك وآلك وسلم! فهل من دعوة أقرب من أخری أو ساعة؟ قال: نعم، إن أقرب ما یکون الرب من العبد جوف اللیل الآخر، فان استطعت أن تکون ممن یذکر الله فی تلك الساعة فکن۔(۱)

”حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وآلك وسلم! کیا کوئی دعا یا گھڑی کسی دوسری دعا یا گھڑی سے بڑھ کر اللہ کا قرب بخشنے والی ہے؟ آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں، بیشک اللہ رب العزت رات کے آخری پہر میں بندے کے انتہائی قریب ہوتا ہے، اگر تم سے ہو سکے کہ تم اس گھڑی اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں میں سے ہو سکو تو ہو جاؤ۔“

۱۷۲۔ عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وآله وسلم بعث بعثا قبل نجد

---

(۱) ۱۔ ابن خزیمہ، الصحیح، ۲:۱۸۲، رقم: ۱۱۴۷

۲۔ حاکم، المستدرک، ۱:۴۵۳، رقم: ۱۱۶۲

۳۔ نسائی، السنن، ۱:۲۷۹، رقم: ۵۷۹

۴۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۱:۴۸۲، رقم: ۱۵۴۴

۵۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۳:۴، رقم: ۴۴۳۹

۶۔ طبرانی، المسند، ۱:۳۴۹، رقم: ۶۰۵

۷۔ عبدالبر، التمہید، ۴:۲۲

فغنموا غنائم کثیرة فأسرعوا الرجعة، فقال رجل ممن لم یخرج ما راینا بعثا اسرع رجعة ولا افضل غنیمة من هذا البعث، فقال ﷺ: ألا أدلکم علی قوم أفضل غنیمة و أسرع رجعة؟ قوم شهدوا صلوٰة الصبح، ثم جلسوا یذکرون اللہ حتی طلعت علیهم الشمس فأولئک أسرع رجعة و أفضل غنیمة۔(۱)

”حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نجد کی طرف لشکر بھیجا۔ انہوں نے بہت سا مال غنیمت حاصل کیا اور بہت جلد واپس آ گئے جو لوگ اس لشکر میں نہیں گئے تھے ان میں سے ایک نے کہا: ہم نے اس لشکر سے زیادہ کسی لشکر کو اتنی جلد واپس آتے اور اتنا مال غنیمت لاتے نہیں دیکھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی قوم نہ بتاؤں جو مال غنیمت حاصل کرنے میں اس سے بھی بہتر اور واپسی کے لحاظ سے اس سے تیز ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو صبح کی نماز میں حاضر ہوتے ہیں، پھر طلوع آفتاب تک بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں۔ یہ لوگ بہت جلد واپس ہونے والے اور بہتر غنیمت حاصل کرنے والے ہیں۔“

۱۷۳۔ عن معاذ رضی اللہ عنہ، أنه ﷺ قال: من صلی صلاة الصبح ثم قعد یذکر اللہ حتی تطلع الشمس و جبت له الجنة۔(۲)

”حضرت معاذ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵:۵۵۹، رقم: ۳۵۶۱

۲۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۱:۱۷۹، رقم: ۶۷۶

۳۔ ابن قیم، اعلام الموقعین، ۴:۳۰۷

(۲) ۱۔ ابویعلی، المسند، ۳:۶۶، رقم: ۱۴۹۵

۲۔ ابویعلی، المسند، ۳:۶۱، رقم: ۱۴۸۷

←

نے صبح کی نماز ادا کی اور پھر ذکر الٰہی میں بیٹھ گیا یہاں تک کہ سورج طلوع ہو گیا تو اس پر جنت واجب ہو گئی۔‘‘

۱۷۴۔ عن أبی أمامۃ رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: من صلی صلاۃ الغداۃ فی جماعۃ ثم قعد یذکر اللہ حتی تطلع الشمس، ثم قام فصلی رکعتین انقلب بأجر حجۃ و عمرۃ۔(۱)

’’حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو صبح کی نماز باجماعت ادا کر کے طلوع آفتاب تک ذکر الٰہی میں مشغول رہا پھر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز (اشراق) ادا کی اسے ایک حج اور عمرہ کا ثواب ملے گا۔‘‘

۱۷۵۔ عن أبی الدرداء رضی اللہ عنہ، قال: إن الذین لا تزال ألسنتھم رطبۃ من ذکر اللہ یدخلون الجنۃ وھم یضحکون۔(۲)

’’حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جن

---

۳۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۱۰۵

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۱: ۱۷۸، رقم: ۶۶۹

۵۔ مناوی، فیض القدیر، ۶: ۱۶۵

۶۔ خطیب بغدادی، موضح اوہام الجمع والتفریق، ۲: ۹۰

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۸: ۱۷۸، رقم: ۷۷۴۱

۲۔ طبرانی، مسند الشامیین، ۲: ۳۲، رقم: ۸۸۵

۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۷

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۱: ۱۷۹، رقم: ۶۷۲

۵۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۱۰۴

(۲) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۱۱، رقم: ۳۴۵۸۷

۲۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۱۷۰، رقم: ۳۵۰۵۲

←

لوگوں کی زبانیں ذِکرِ الٰہی سے ہمیشہ تر رہتی ہیں وہ جنت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں گے۔''

**۱۷۶۔ عن عبد اللہ بن عمر** رضی اللہ عنہما، **قال: قال رسول اللہ** ﷺ: **ذاکر اللہ فی الغافلین کالمقاتل عن الفارین، و ذاکر اللہ فی الغافلین کالمصباح فی البیت المظلم، و ذاکر اللہ فی الغافلین یعرفہ اللہ مقعدہ ولا یعذب بعدہ و ذاکر اللہ فی الغافلین لہ من الأجر بعدد کل فصیح فی السوق و اعجمی، وذاکر اللہ فی الغافلین ینظر اللہ إلیہ نظرة لا یعذبہ اللہ بعدھا أبدا و ذاکر اللہ فی السوق لہ بکل شعرة نور یوم القیامة یلقی اللہ۔(۱)**

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والا میدان جنگ سے بھاگنے والوں کے بعد برسرپیکار رہنے والوں کی طرح ہے۔ غافلین میں ذکر کرنے والا تاریک گھر میں

---

۳۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۳۹۷

۴۔ ابن ابی عاصم، الزہد، ۱: ۱۳۶

۵۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۴۴۵

۶۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۱: ۲۱۹

۷۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۵: ۱۳۳

۸۔ ابن جوزی، صفۃ الصفوہ، ۱: ۶۳۹

۹۔ سیوطی، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، ۱: ۳۶۶

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۱۲، رقم: ۵۶۷

۲۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۳۳۷، رقم: ۲۶۲۲

۳۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۱۲۲، رقم: ۳۵۷

۴۔ بزار، المسند، ۵: ۱۲۶، رقم: ۱۷۵۹

چراغ کی مانند ہے۔ غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اس کی زندگی ہی میں جنت میں اس کا مقام دکھا دیتا ہے اور غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کو تمام فصیح اور غیر فصیح افراد کی تعداد کے برابر اجر دیا جاتا ہے۔ اور غافلین میں رہ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے پر اللہ تعالیٰ ایسی نظر فرماتا ہے کہ اس کے بعد اسے کبھی عذاب نہیں کرے گا اور بازار میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کے ہر بال پر قیامت کے دن نور ہو گا۔‘‘

**۱۷۷۔ عن عبد اللہ بن عمر** رضی اللہ عنهما، **قال: قال رسول اللہ ﷺ: ذاکر اللہ فی الغافلین مثل الذی یقاتل عن الفارین، و ذاکر اللہ فی الغافلین مثل الشجرۃ الخضراء فی وسط الشجر، الذی قد تحات یعنی من الضریب، ذاکر اللہ فی الغافلین یعرفه اللہ ﷻ مقعده فی الجنة۔(۱)**

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غافلین میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والے کی مثال میدانِ جنگ میں راہِ فرار اختیار کرنے والوں کے بعد لڑنے والے کی طرح ہے اور غافلین میں اللہ کا ذکر کرنے والے کی مثال خزاں رسیدہ درختوں کے درمیان سبز درخت کی طرح ہے اور غافلین میں ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ جنت میں اس کا مقام دکھا دیتا ہے۔‘‘

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۱۱، رقم: ۵۶۵

۲۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۶: ۱۸۱

۳۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۲: ۲۴۲، رقم: ۳۱۴۰

۴۔ ذہبی، میزان الاعتدال، ۵: ۲۹۵، رقم: ۶۳۱۷

۵۔ عجلونی، کشف الخفاء ومزیل الالباس، ۱: ۵۰۵، رقم: ۱۳۳۶

## فصل: ۳۱

# الذاکر یظله الله فی ظله یوم القیامة

﴿ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ روزِ محشر اپنے سائے میں جگہ عطا فرمائے گا﴾

۱۷۸۔ عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال: سبعة یظلهم الله فی ظله یوم لا ظل الا ظله: الامام العادل، و شاب نشا فی عبادة ربه، و رجل قلبه معلق فی المساجد، و رجلان تحابا فی الله اجتمعا علیه و تفرقا علیه، و رجل طلبته امراة ذات منصب و جمال فقال انی اخاف الله، و رجل تصدق اخفی حتی لا تعلم شماله ما تنفق یمینه، و رجل ذکر الله خالیا ففاضت عیناه۔(۱)

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سات لوگ ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اپنا سایہ عطا کرے گا جس دن اس کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا: عادل حکمران اور ایسا جوان جو اپنے رب کی عبادت میں

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، ۱: ۲۳۴، رقم: ۶۲۹
۲۔ بخاری، الصحیح، ۲: ۵۱۷، رقم: ۱۳۵۷
۳۔ مسلم، الصحیح، ۲: ۷۱۵، رقم: ۱۰۳۱
۴۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۴: ۵۹۸، رقم: ۲۳۹۱
۵۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲: ۴۳۹
۶۔ مالک، الموطا، ۲: ۹۵۲، رقم: ۱۷۰۹
۷۔ ابن حبان، الصحیح، ۱۶: ۳۳۲، رقم: ۷۳۳۸
۸۔ بیہقی، شعب الایمان، ۳: ۲۲۳، رقم: ۳۴۳۹

پروان چڑھا ہو اور ایسا شخص جس کا دل مساجد میں اٹکا (معلق) رہتا ہو اور ایسے دو شخص جو اللہ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہوں اور اللہ کے لئے اکٹھے ہوں اور اسی کے لئے جدا ہوں اور ایسا شخص جس کو صاحب منصب و جمال عورت برائی کی دعوت دے تو وہ کہے میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور ایسا شخص جو کہ ایسے چھپا کر صدقہ کرے کہ بائیں ہاتھ کو دائیں ہاتھ کے خرچ کرنے کا علم نہ ہو اور ایسا شخص جس نے اللہ کو یاد کیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو برس پڑے۔''

**۱۷۹۔ عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ یقول یوم القیامة این المتحابون بجلالی؟ الیوم اظلھم فی ظلی یوم لاظل الا ظلی۔(۱)**

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا: میری عظمت و جلالت کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنے والے کہاں ہیں؟ آج میں انہیں اپنے سایہ رحمت میں جگہ عطا کروں گا کہ جس دن میرے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہیں۔''

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحیح، ۴: ۱۹۸۸، رقم: ۲۵۶۶
۲۔ مالک، الموطا، ۲: ۹۵۲، رقم: ۱۷۰۸
۳۔ احمد، المسند، ۲: ۳۷۰
۴۔ دارمی، السنن، ۲: ۴۰۳، رقم: ۲۷۵۷
۵۔ ابن مبارک، الزہد، ۱: ۲۴۷، رقم: ۷۱۱
۶۔ ابن حبان، الصحیح، ۲: ۳۳۴، رقم: ۵۷۴
۷۔ طیالسی، المسند: ۳۰۷، رقم: ۲۳۳۵
۸۔ بیہقی، السنن الکبریٰ، ۱۰: ۲۳۲
۹۔ بیہقی، شعب الایمان، ۶: ۴۸۲، رقم: ۹۸۹

## فصل: ۳۲

# كثرة الذكر أحب الأعمال إلى الله تعالى

## ﴿اللہ کا کثرت سے ذکر کرنا اس کے ہاں محبوب ترین عمل ہے﴾

۱۸۰۔ عن معاذ رضی الله عنه، عن رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم أن رجلا سأل فقال: أی الجهاد أعظم أجرا؟ قال: أكثرهم لله تبارک و تعالى ذكرا۔ قال: فأی الصائمين أعظم أجرا؟ قال: أكثرهم لله تبارک و تعالى ذكرا، ثم ذكر لنا الصلاة والزكاة والحج والصدقة، كل ذلک رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم يقول: أكثرهم لله تبارک و تعالى ذكرا۔ فقال أبوبكر رضی الله عنه لعمر رضی الله عنه: يا أبا حفص! ذهب الذاكرون بكل خير، فقال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم: أجل۔(۱)

''حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ کونسا جہاد اجر میں سب سے افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر کثرت سے کیا جائے۔ اس نے عرض کیا: روزہ داروں میں سے کس کا اجر سب سے زیادہ ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ذکر سب سے زیادہ ہے، پھر سائل نے ہمارے سامنے نماز، زکوۃ، حج اور

(۱) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۳: ۴۳۸

۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۸۶، رقم: ۴۰۷

۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم: ۴۴۴

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۱۷۱، رقم: ۱۹۷۹

۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۷، رقم: ۲۳۰۹

۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۴

۷۔ حسینی، البیان والتعریف، ۱: ۱۳۲، رقم: ۳۴۸

اس حدیث کی اسناد حسن ہے۔

صدقے سے متعلق پوچھا۔ رسول اللہ ﷺ ہر ایک کے بارے میں یہی فرماتے رہے: جس میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا ذکر سب سے زیادہ ہو اُس کا اجر زیادہ ہے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوحفص! اللہ کا ذکر کرنے والے تمام نیکیاں لے گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بالکل۔‘‘

**۱۸۱۔ عن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ، قال: قال رسول اللہ ﷺ: أکثروا ذکر اللہ علی کل حال، فلیس عمل أحب إلی اللہ ولا أنجی لعبدہ من ذکر اللہ فی الدنیا والآخرۃ۔(۱)**

’’حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر حال میں اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو اس سے بڑھ کر کوئی عمل پسند نہیں اور دنیا و آخرت میں اللہ کے ذکر سے بڑھ کر کوئی عمل نجات دلانے والا نہیں۔‘‘

**۱۸۲۔ عن أم أنس أنها قالت: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک وسلم! أوصینی۔ قال: اهجری المعاصی فإنها أفضل الهجرۃ، و حافظی علی الفرائض فإنها أفضل الجهاد، و أکثری من ذکر اللہ فإنک لا تأتی اللہ بشیٔ أحب إلیه من کثرۃ ذکرہ۔(۲)**

’’حضرت ام انس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اکرم ﷺ

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۵، رقم: ۵۲۰
۲۔ ہندی، کنز العمال، ۱: ۴۲۶، رقم: ۱۸۳۶
۳۔ ہندی، کنز العمال، ۱: ۲:۲۴۳، رقم: ۳۹۳۱
۴۔ عجلونی، کشف الخفا ومزیل الالباس، ۱: ۱۸۸، رقم: ۴۹۸

(۲) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۵: ۱۲۹، رقم: ۳۱۳
۲۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷: ۲۱، رقم: ۶۷۳۵

←

کی بارگاہ میں عرض کیا: ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک وسلم! مجھے نصیحت فرمائیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: گناہوں کی ہجرت اختیار کرو یہی سب سے بہترین ہجرت ہے اور فرائض کی حفاظت کرو یہ بہترین جہاد ہے، اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرو کیونکہ آپ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں کوئی ایسا عمل پیش نہیں کرسکتیں جو اسے اپنے ذکر کی کثرت سے زیادہ محبوب ہو۔''

۱۸۳۔ عن أم أنس رضی اللہ عنہا، قالت: أتیت رسول اللہ ﷺ، فقلت: جعلک اللہ فی الرفیق الأعلی من الجنة و أنا معک۔ و قلت: یا رسول اللہ! علمنی عملا صالحا أعمله، فقال: أقیمی الصلاة فإنها أفضل الجهاد، واهجری المعاصی فإنها أفضل الهجرة، و أذکری اللہ کثیرا، فإنه أحب الأعمال إلی اللہ أن تلقینه به۔ (۱)

''حضرت اُمِ انس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: اللہ تعالیٰ آپ کو جنت میں رفیقِ اعلیٰ کے مقام پر

---

۳۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷: ۵۱، رقم: ۶۸۲۲
۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۲۱۷، ۲۱۸
۵۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۵
۶۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۷، رقم: ۲۳۱۱
۷۔ قرشی، الورع: ۵۸، رقم: ۴۸
(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۵: ۱۵۰، رقم: ۳۵۹
۲۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۵
۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۷، رقم: ۲۳۱۱
طبرانی نے کہا ہے کہ اس روایت میں امِ انس سے مراد حضرت انس بن مالک ﷺ کی والدہ نہیں۔

فائز فرمائے اور میں آپ کے ساتھ ہوں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! مجھے کوئی نیک عمل بتائیں جو میں کروں (تاکہ جنت میں آپ کے ہمراہ رہوں۔) آپ ﷺ نے فرمایا: نماز قائم کرو کہ یہ بہترین جہاد ہے، اور گناہوں سے ہجرت کر جاؤ کہ یہ سب سے بہترین ہجرت ہے، اور اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو کیونکہ اللہ کی بارگاہ میں آپ جتنے بھی عمل صالح بھیجتی ہیں ان میں سے ذکر اسے سب سے زیادہ پسند ہے۔‘‘

**۱۸۴۔ عن أبی جعفر قال: قال رسول اللہ ﷺ: أشد الأعمال ثلاثۃ: ذکر اللہ علی کل حال، والإنصاف من نفسک، والمواساۃ فی المال۔(۱)**

’’حضرت ابو جعفر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے طاقتور عمل تین ہیں: ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے رہنا؛ اپنی طرف سے انصاف کرنا؛ مال میں لوگوں کو شریک کرنا۔‘‘

---

(۱) ۱۔ ابن ابی شیبہ، المصنف، ۷: ۸۰، رقم: ۳۴۴۳۰

۲۔ ابن مبارک، الزہد: ۲۷۵، رقم: ۷۴۴

۳۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول فی احادیث الرسول ﷺ، ۴: ۱۰۶

۴۔ ابو نعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ۳: ۱۸۳

۵۔ ثعالبی نے ’جواہر الحسان فی تفسیر القرآن (۴: ۳۵)‘ میں کہا ہے کہ اسے ابن مبارک نے ’الزہد والرقائق‘ میں اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

۶۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۱: ۳۶۷)‘ میں کہا ہے کہ اسے ابن ابی شیبہ نے ابو جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

۷۔ سیوطی نے ’الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (۴: ۷۵)‘ میں کہا ہے کہ اسے ابو نعیم نے ’الحلیۃ‘ میں ابو جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

١٨٥ـ عن عليّ رضي الله عنه، قال: أشد الأعمال ثلاثة: إعطاء الحق من نفسک، و ذکر الله علی کل حال، و مواساة الأخ في المال۔(١)

''حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سب سے طاقت ور عمل تین ہیں: از خود دوسرے کا حق ادا کرنا؛ ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے رہنا؛ اپنے مال میں اپنے بھائی کو شامل کرنا۔''

١٨٦ـ عن ابن عمر رضي الله عنه، قال: قال رسول الله ﷺ: أشد الأعمال ثلاثة: إنصاف الناس من نفسک، مواساة الأخ من مالک، و ذکر الله علی کل حال۔(٢)

''حضرت (عبداللہ) بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے طاقتور عمل تین ہیں: از خود لوگوں کے ساتھ انصاف کرنا؛ اپنے مال میں اپنے بھائی کو شامل کرنا؛ ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے رہنا۔''

١٨٧ـ عن ابن عباس رضي الله عنهما في قوله: ﴿اذکروا الله ذکرا کثيرا﴾ يقول: لا يفرض علی عبادة فريضة إلا جعل لها حدا معلوما، ثم عذر أهلها في حال عذر، غير الذکر فإن الله تعالی لم يجعل له حدا ينتهي إليه، ولم يعذر أحدا في ترکه إلا مغلوبا علی عقله، فقال: اذکروا الله قياماً و قعودًا و علی جنوبکم بالليل والنهار في البر والبحر، في السفر والحضر، في الغنی و الفقر، والصحة والسقم، والسر والعلانية، و

(١) ابونعیم، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ١: ٨٥

(٢) قزوینی، التدوین فی اخبارِ قزوین، ٣: ٧٠

علی کل حال۔(۱)

’’حضرت (عبداللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے فرمان ...... اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو ...... کی تفسیر میں بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے عبادت میں جو چیز بھی فرض کی اس کی حد متعین فرما دی اور پھر معذروں کے عذر کے مطابق انہیں رعایت دے دی سوائے ذکر کے۔ اللہ تعالیٰ نے اُس کے لیے کوئی حد مقرر نہیں کی اور اس کے چھوڑنے میں کسی کا عذر قبول نہیں کیا سوائے اس کے جو اپنی عقل کھو بیٹھے۔ ارشاد فرمایا: (سراپا نیاز بن کر) کھڑے اور (سراپا ادب بن کر) بیٹھے اور (ہجر میں تڑپتے ہوئے) اپنی کروٹوں پر رات دن، خشکی و تری میں، سفر و حضر میں، خوشحالی و تنگ دستی میں، بیماری اور صحت میں، آہستہ اور بلند آواز سے ہر حال میں اللہ کا ذکر کرو۔‘‘

۱۸۸۔ عن مقاتل فی قوله: ﴿اذکروا الله ذکرا کثیرا﴾(۲) قال: باللسان، بالتسبیح و التکبیر والتهلیل والتحمید، واذکروه علی کل حال۔(۳)

اللہ تعالیٰ کے فرمان ...... اللہ کا ذکر کثرت سے کیا کرو ...... کے بارے میں مقاتل سے مروی ہے کہ اس سے مراد ہے زبان سے سبحان اللہ، اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ اور الحمد للہ کہہ کر تم ہر حال میں اللہ کا ذکر کرو۔‘‘

---

(۱) ۱۔ القرآن، الاحزاب، ۳۳: ۴۱

۲۔ ابن ابی حاتم، تفسیر القرآن العظیم، ۹: ۳۱۳۸، رقم: ۱۷۷۰۱

۳۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۵: ۲۵۹، ۲۶۰

۴۔ طبری، جامع البیان فی تفسیر القرآن، ۲۲: ۱۷

۵۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۳: ۴۹۶

(۲) القرآن، الاحزاب، ۳۳: ۴۱

(۳) ابن ابی حاتم، تفسیر القرآن العظیم، ۹: ۳۱۳۸، رقم: ۱۷۷۰۲

## فصل : ۳۳

## من أعطی لسانا ذاکرا فقد أعطی خیر الدنیا و الآخرة

﴿جسے ذکر کرنے والی زبان عطا ہوئی اسے دنیا و آخرت کی ہر بھلائی مل گئی﴾

۱۸۹۔ عن ابن عباس ان رسول اللہ ﷺ قال: اربع من اعطیھن اعطی خیر الدنیا والاخرة قلبا شاکرا و لسانا ذاکرا و بدنا علی البلاء صابرا و زوجة لا تبغیه خونا فی نفسھا ولا ماله۔(۱)

''حضرت (عبداللہ) بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جسے چار چیزیں مل گئیں اسے دنیا و آخرت کی بھلائی مل گئی، شکرگزار دل، ذکر کرنے والی زبان، مصیبت پر صبر کرنے والا جسم اور ایسی بیوی جو اپنی ذات اور خاوند کے مال میں خیانت نہ کرے۔''

۱۹۰۔ عن ثوبان قال: لما نزلت وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّھَبَ وَالْفِضَّةَ قال: کنا مع النبی ﷺ فی بعض اسفاره فقال بعض اصحابه: انزل فی

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۱:۱۳۴، رقم: ۱۱۲۷۵
۲۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷:۱۷۹، رقم: ۷۲۱۲
۳۔ بیہقی، شعب الایمان، ۴:۱۰۴، رقم: ۴۴۲۹
۴۔ ابونعیم، حلیة الاولیاء، ۳:۶۵
۵۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲:۲۵۶، رقم: ۲۳۰۱
۶۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴:۲۷۳
ہیثمی نے طبرانی کی 'المعجم الاوسط' میں بیان کردہ روایت کے رواۃ کو صحیح قرار دیا ہے۔

الذهب والفضة ما انزل لو علمنا ای المال خیر فنتخذه؟ فقال: افضله لسان ذاکر و قلب شاکر و زوجة مومنة تعینه علی ایمانه۔(۱)

''حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی (جو لوگ چاندی سونا جمع کرتے ہیں) ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کسی سفر میں تھے۔ بعض صحابہ نے کہا: یہ آیت سونے چاندی کے متعلق نازل ہوئی ہے کیوں نہ ہم معلوم کر لیں کہ کون سی دولت بہتر ہے تاکہ ہم وہی جمع کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے افضل دولت اللہ کا ذکر کرنے والی زبان، شکر ادا کرنے والا دل اور مؤمن بیوی جو ایمان میں مدد کرے۔''

۱۹۱۔ عن معاذ بن انس انه سأل النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن افضل الایمان قال: أن تحب ﷲ و تبغض ﷲ و تعمل لسانک فی ذکر اللہ قال: وما ذا یا رسول اللہ؟ قال و ان تحب للناس ما تحب لنفسک و تکره لهم ما تکره لنفسک۔(۲)

(۱) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۲۷۷، رقم: ۳۰۹۴
۲۔ ابن ماجه، السنن، ۱: ۵۹۶، رقم: ۱۸۵۶
۳۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵: ۲۸۲، رقم: ۲۲۴۹۰
۴۔ رویانی، المسند، ۱: ۴۰۶، رقم: ۶۲۰
۵۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۲: ۳۷۶، رقم: ۲۲۷۴
۶۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۷: ۱۰، رقم: ۶۷۰۰
۷۔ طبرانی، المعجم الصغیر، ۲: ۱۲۱، رقم: ۸۹۰
۸۔ کنانی، مصباح الزجاجة، ۲: ۹۶، رقم: ۶۶۴
۹۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۲۵۵، رقم: ۲۳۰۰
۱۰۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۳: ۲۸، رقم: ۲۹۴۷
(۲) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۵: ۲۴۷، رقم: ۲۲۱۸۳

←

''حضرت معاذ بن انس ﷺ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اکرم ﷺ سے پوچھا: افضل ایمان والا کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تو اللہ کے لئے محبت کرے اور اللہ ہی کے لئے ناراضگی کرے اور تیری زبان اللہ کے ذکر میں لگی رہے۔ میں نے عرض کیا کہ اس کے علاوہ تو آپ ﷺ نے فرمایا جو کچھ اپنے لئے چاہے لوگوں کے لئے بھی وہی کچھ پسند کر اور جو اپنے لئے تجھے ناپسند ہے دوسروں کے لئے بھی ناپسند کر۔''

**۱۹۲۔ عن ابی امامة قال قال رسول اللہ ﷺ لمعاذ بن جبل: یا معاذ قلبا شاکرا و لسانا ذاکرا و زوجة صالحة تعینک علی أمر دنیاک و دینک خیر ما اکتسبه الناس۔(۱)**

''حضرت ابو امامہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے معاذ بن جبل ﷺ سے فرمایا: اے معاذ! شکر کرنے والا دل، ذکر کرنے والی زبان اور ایسی نیک بیوی جو دنیا و دین کے معاملے میں تیری مدد کرے لوگوں کی سب سے بہتر کمائی ہے۔''

---

۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۱۹۱، رقم: ۴۲۵

۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۳۴

۴۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۴: ۱۳، رقم: ۴۵۸۸

۵۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱: ۶۱، ۸۹

۶۔ عجلونی، کشف الخفاء، ۱: ۱۷۷، رقم: ۴۶۵

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۸: ۲۰۵، رقم: ۷۸۲۸

۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۴: ۱۰۴، رقم: ۴۴۳۰

۳۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۲۷۳

۴۔ حسینی، البیان والتعریف، ۲: ۱۳۲، رقم: ۱۲۷۹

۱۹۳۔ عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ ﷺ: لا تکثروا الکلام بغیر ذکر اللہ فان کثرۃ الکلام بغیر ذکر اللہ قسوۃ للقلب و ان ابعد الناس من اللہ القلب القاسی۔(۱)

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ذکر کے بغیر کثرت کلام سے اجتناب کرو کیونکہ اللہ کے ذکر کے بغیر زیادہ کلام کرنا دل کی سختی ہے اور لوگوں میں اللہ سے سب سے زیادہ دور سخت دل والا ہے۔''

۱۹۴۔ عن جلاس بن عمرو سنان عن النبی ﷺ قال: ان لکل ساع غایۃ، و غایۃ ابن آدم الموت فعلیکم بذکر اللہ فانه یسهلکم و یرغبکم فی الآخرۃ۔(۲)

''حضرت جلاس بن عمرو سنان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر کوشش کرنے والے کا انجام ہے اور ابن آدم کا انجام موت ہے۔ پس ذکر الٰہی اختیار کرو کیونکہ وہ تمہارے لئے انجام یعنی موت کی سختی میں آسانی پیدا کرے گا اور آخرت میں تمہارا مونس ہوگا۔''

---

(۱) ا۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۴: ۶۰۷، رقم: ۲۴۱۱
۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۴: ۲۴۵، رقم: ۴۹۵۱
۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۳: ۳۴۴، رقم: ۴۳۶۵
۴۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۵: ۶۵، رقم: ۴۷۵۷
۵۔ زرقانی، شرح الموطا، ۴: ۵۱۹
۶۔ قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، ۱: ۴۶۳
۷۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، ۱: ۱۱۵
۸۔ ذہبی، میزان الاعتدال، ۱: ۱۶۱، رقم: ۱۲۵
(۲) حسینی، البیان والتعریف، ۱: ۲۴۵، رقم: ۶۴۵

## فصل: ۳۴

# أهل الجنة يتحسرون على ساعة مرت بدون ذكر الله تعالى

## ﴿اہلِ جنت دنیا میں اللہ کے ذکر سے خالی گزرنے والی ایک ساعت پر بھی حسرت کریں گے﴾

**۱۹۵۔ عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ: ما من ساعة تمر بابن آدم لم يذكر الله فيها الا تحسر عليها يوم القيامة۔(۱)**

”حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر وہ گھڑی جو اللہ کے ذکر کے بغیر انسان پر گزرتی ہے قیامت کے دن وہ اس پر حسرت کرے گا۔“

**۱۹۶۔ عن معاذ بن جبل قال: قال رسول الله ﷺ: ليس يتحسر أهل الجنة إلا على ساعة مرت بهم لم يذكروا الله تعالى فيها۔(۲)**

---

(۱) ۱۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۲، رقم: ۵۱۱
۲۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۸: ۱۷۵، رقم: ۸۳۱۶
۳۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۱۳۵
۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۸۰

(۲) ۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۲۰: ۹۳، رقم: ۱۸۲
۲۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۳۹۲، رقم: ۵۱۲، ۵۱۳
۳۔ منذری، الترغیب والترہیب، ۲: ۲۵۸، رقم: ۲۳۱۲
۴۔ ہیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۳
۵۔ دیلمی، الفردوس بماثور الخطاب، ۳: ۴۰۸، رقم: ۵۲۴۴
۶۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول، ۴: ۱۰۶

''حضرت معاذ بن جبل ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت والوں کو سوائے اس گھڑی کے جو ان پر اللہ کے ذکر کے بغیر گزری کسی اور گھڑی پر حسرت نہیں ہوگی۔''

**۱۹۷۔ عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ: ما من قوم یقومون من مجلس لا یذکرون الله فیه إلا قاموا عن مثل جیفة حمار و کان لهم حسرة۔(۱)**

''حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ جو کسی مجلس سے اللہ کا ذکر کیے بغیر اٹھ جاتے ہیں ان کی مجلس کی مثال مردار گدھے کی طرح ہے اور ان (کی اس حالت) پر افسوس ہے۔''

**۱۹۸۔ عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال: ما جلس قوم مجلسا فتفرقوا عن غیر ذکر الله الا تفرقوا عن مثل جیفة حمار و کان ذلک المجلس حسرة علیهم یوم القیامة۔(۲)**

---

(۱) ۱۔ ابوداود، السنن، ۴:۲۶۴، رقم: ۴۸۵۵

۲۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱:۱۳۵

۳۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲:۲۶۳، رقم: ۲۳۳۲

(۲) ۱۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲:۵۲۷، رقم: ۱۰۸۳۷

۲۔ احمد بن حنبل، المسند، ۲:۵۱۵، رقم: ۱۰۶۹۱

۳۔ نسائی، السنن الکبری، ۶: ۱۰۷، رقم: ۱۰۲۳۶

۴۔ نسائی، عمل الیوم واللیلة، ۱:۳۱۱، ۴۰۳

۵۔ حاکم، المستدرک، ۱: ۶۶۸، رقم: ۱۸۰۸

۶۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۳، رقم: ۵۴۱

۷۔ ابونعیم، حلیة الاولیاء، ۷: ۲۰۷

۸۔ ابن حیان، طبقات المحدثین، ۳: ۴۴۸

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اور اللہ کا ذکر کیے بغیر منتشر ہو جائیں تو اس مجلس کی مثال مردار گدھے کی طرح ہے اور یہ مجلس قیامت کے دن ان پر حسرت کناں ہوگی۔''

۱۹۹۔ عن ابی ھریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم أنه قال: من قعد مقعدا لم یذکر اللہ فیه کانت علیه من اللہ ترۃ ومن اضطجع مضجعا لا یذکر اللہ فیه کانت علیه من اللہ ترۃ۔(۱)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی کسی ایسی جگہ بیٹھے جہاں اللہ کا ذکر نہ کیا گیا ہو اس کے لیے اللہ کی طرف سے خسارہ ہے اور جو ایسے بستر پر لیٹے جس پر اللہ کا ذکر نہ کیا جائے اس کے لیے بھی اللہ کی طرف سے خسارہ ہے۔''

۲۰۰۔ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال: ما جلس قوم مجلسا لم یذکروا اللہ فیه، ولم یصلوا علی نبیھم، إلا کان علیھم ترۃ، فإن شاء عذبھم و إن شاء غفر لھم۔(۲)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو قوم کسی مجلس میں بیٹھ کر اللہ کا

(۱) ۱۔ ابوداود، السنن، ۴: ۲۶۴، رقم: ۴۸۵۶
۲۔ نسائی، السنن الکبریٰ، ۶: ۱۰۷، رقم: ۱۰۲۳۷
۳۔ نسائی، عمل الیوم واللیلۃ، ۱: ۳۱۱، رقم: ۴۰۴
۴۔ طبرانی، المسند، ۲: ۲۷۴، رقم: ۱۳۲۴
۵۔ بیہقی، شعب الایمان، ۱: ۴۰۴، رقم: ۴۵-۵۴۴
۶۔ ابن رجب، جامع العلوم والحکم، ۱: ۱۳۵
۷۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۱: ۲۳۷، رقم: ۹۰۰
۸۔ منذری، الترغیب والترھیب، ۲: ۲۶۲، رقم: ۲۳۳۰
(۲) ۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۴۶۱، رقم: ۳۳۸۰

ذکر نہ کرے اور اپنے نبی ﷺ پر درود نہ پڑھے تو اس پر گرفت ہو گی پھر اگر اللہ چاہے تو انہیں عذاب دے اور اگر چاہے تو انہیں بخش دے۔‘‘

